کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 02 جمادی الاول 1447ھ 25 اکتوبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 110

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

خیبرپختونخوا فورسز کی کارروائی 8 خوارج ہلاک، بم حملے میں ایس پی آپریشنز سمیت 3 اہلکار شہید

خضدار میں تعمیراتی کمپنی کے 20 مزدور اغوا

لکی مروت میں سیکیورٹی فورسز کی نہایت عسکری مہارت سے کی گئی کارروائی میں خوارج کو فرار ہونے کا کوئی موقع نہ مل سکا، آخری خوارج کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکیورٹی ذرائع

ہنگو میں خالی چیک پوسٹ کو دہشت گردوں نے دھماکے سے اڑایا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی ایس پی آپریشنز اسد زبیر موقع پر پہنچے تو دوسرا دھماکا ہو گیا دھماکے کے نتیجے میں تینوں اہلکار شہید ہو گئے

مزدور خضدار سے واشک اور بسیمہ کو ملانے والی زیر تعمیر سڑک پر کام کر رہے تھے، جدید اسلحہ سے لیس درجنوں افراد نے اچانک دھاوا بول دیا، کمپنی کے کیمپ، کرش پلانٹ اور گاڑیوں کو بھی آگ لگا دی

واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز، ایف سی اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے، دو مزدوروں کو چھوڑ دیا گیا، مغویوں کا تعلق سندھ اور بلوچستان سے ہے، مزدوروں کی تلاش جاری

لکی مروت (بیورو رپورٹ) لکی مروت میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 8 خوارج ہلاک اور 5 شدید زخمی کردیے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی یہ کارروائی خفیہ اطلاعات پر لکی مروت کے علاقے واندہ شیخ اللہ میں کی گئی، سیکیورٹی فورسز کی نہایت عسکری مہارت سے کی گئی کارروائی میں خوارج کو فرار ہونے کا کوئی موقع نہ مل سکا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کی موجودگی کے خدشات کے پیش نظر سرچ آپریشن جاری ہے۔ نیشنل ایکشن پلان کے تحت آخری خوارج کے خاتمے اور امن و امان...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار میں تعمیراتی کمپنی کیلئے کام کرنیوالے 20 مزدوروں کو اغوا کرلیا گیا، مسلح افراد نے کمپنی کے کیمپ، کرش پلانٹ اور گاڑیوں کو بھی آگ لگادی۔ ایک ہفتے میں مزدوروں کے اغوا کا دوسرا واقعہ ہے، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خضدار سے واشک اور بسیمہ کو ملانے والی زیر تعمیر سڑک پر کام کرنے والی تعمیراتی کمپنی کے 18 مزدوروں کو اغوا کرلیا گیا۔ لیویز انچارج علی اکبر نے بتایا ہے کہ درجنوں نامعلوم مسلح افراد نے کرش پلانٹ پر دھاوا بول کر گاڑیوں اور مشینری کو آگ لگادی جس سے 8 گاڑیوں کو نقصان پہنچا جبکہ کمپنی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

چینی کی فی کلو قیمت 210 روپے تک پہنچ گئی

قیمتوں میں کمی لانے کے تمام تر حکومتی اقدامات بے سود، اڑان برقرار

اسلام آباد (م ڈ) ایک ہفتے کے دوران چینی کی قیمت میں 10 روپے فی کلو تک کا اضافہ ہوگیا، جس کے بعد ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 210 روپے تک پہنچ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات نے چینی کی قیمتوں کے نئے اعداد و شمار جاری کردیے، جس کے مطابق پی ٹی آئی...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

تورخم بارڈر بند ہونے کے باعث مال بردار گاڑیاں لائن میں کھڑی ہیں

تحریک لبیک دہشتگرد جماعتوں کی فہرست میں شامل، پابندی کا نوٹیفکیشن جاری

ٹی ایل پی کے تمام اکاؤنٹس کو منجمد کردیا جائے گا، ٹی ایل پی کوئی سیاسی اور سماجی سرگرمی نہیں کر سکے گی اور اس کا نام لینے پر بھی پابندی ہوگی

وفاقی حکومت سمجھتی ہے کالعدم ٹی ایل پی دہشت گردی میں ملوث ہے، حتمی فیصلے کے لیے نوٹیفکیشن سپریم کورٹ کو بھیجا جائے گا، وزارت داخلہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزارت داخلہ نے تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) پر پابندی کا اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت سمجھتی ہے کالعدم ٹی ایل پی دہشت گردی میں ملوث ہے، تحریک لبیک پاکستان کو فرسٹ شیڈول کے تحت دہشت گرد جماعتوں کی فہرست میں شامل کردیا گیا ہے، حتمی فیصلے کے لیے نوٹیفکیشن سپریم کورٹ کو بھیجا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزارت داخلہ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر عبدالرحمن کھیتران اور صوبائی سیکرٹری قمر دشتی ملاقات کر رہے ہیں

علاقائی روابط کے فروغ سے معاشی اور تجارتی شعبے میں انقلاب آئیگا، وزیر اعظم

پاکستان سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہا، ٹرانس افغان ریلوے اور اسلام آباد، تہران، استنبول راہداری پر بھی کام جاری ہے

تجارت، معیشت اور توانائی میں تعاون نئے دور کا آغاز ہوگا، زمانہ قدیم سے ہمارا خطہ معاشی اور تجارتی راہداری رہا ہے، شہباز شریف

ڈیجیٹل دور میں رابطے ڈیٹا، اختراع اور ٹیکنالوجی تک پھیل چکے ہیں، ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کی اختتامی نشست سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دوطرفہ اور علاقائی روابط کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ علاقائی روابط کے فروغ سے معاشی اور تجارتی شعبے میں انقلاب آئے گا، تجارت، معیشت اور توانائی میں تعاون نئے دور کا آغا...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

دوحہ مذاکرات کے تحت افغانستان کی صورتحال پر نظر رکھے ہیں، طالبان خدشات دور اور عالمی برادری کیساتھ کیے وعدے پورے کریں، دفتر خارجہ

افغان ٹرانزٹ ٹریڈ بند رہے گی، عوام کی جانیں تجارت سے زیادہ قیمتی ہیں، پاکستان

افغان طالبان اور پاکستان کے درمیان مذاکرات آج ہوں گے جس میں افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی پر بات ہوگی، دریائے کنڑ کے معاملے پر پاکستان بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کریگا

نئی دہلی کا کابل میں سفارتخانہ کھولنا دونوں ممالک کا اندرونی معاملہ ہے تاہم بھارت جس طرح افغانستان کو پاکستان کے خلاف دہشتگردی کے لئے استعمال کر رہا ہے اس معاملے پر ہمارے تحفظات واضح ہیں

ڈونلڈ ٹرمپ نے فلسطین میں جنگ بندی کے تناظر میں اہم فیصلے کیے تھے، تاہم پاکستان فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور امن کے قیام کی حمایت جاری رکھے گا، طاہر اندرابی، ہفتہ وار بریفنگ

باب دوستی گیٹ 4 سے صرف افغان باشندے لے جانے والی گاڑیوں کو آنے دیا گیا، کسی بھی تجارتی سرگرمی کی بحالی کی ہدایات نہیں ملی، ٹریڈ بحالی پاک افغان مذاکرات کی کامیابی پر منحصر ہے، کسٹم حکام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ افغان طالبان اور پاکستان کے درمیان مذاکرات (آج) ہفتہ کو ہوں گے جس میں افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی پر بات ہوگی۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا کہ افغان...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

مودی کا ناپاک ایجنڈا پاکستان میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا، وزیراعلیٰ

ہم متحد قوم بن کر ہی دشمن کو شکست دے سکتے ہیں، بین المذاہب امن کانفرنس بلوچستان سمیت ملک بھر کیلئے باعث فخر ہے

میر سرفراز بگٹی سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان، خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور اور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے ملاقات کی اس دوران بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری، اتحاد و وحدت، احترام انسانیت، پیغام پاکستان کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر میجر سید رؤف، لوڈا کٹر لیف اختلن، ڈاکٹر مرتضیٰ فدا اور صاحبزادہ حافظ سید محمد عبدالرازق آزاد سمیت دیگر معزز شخصیات بھی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سرد علاقوں میں گیس کی لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے، ارکان اسمبلی

شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے لوڈشیڈنگ کے اوقات فوری تبدیل کئے جائیں

جی ایم ایس ایس جی طلب، اجلاس میں مطالبات پیش، مسائل کے حل کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے گزشتہ اجلاس میں اسپیکر کی رولنگ پر سوئی سدرن گیس کمپنی کوئٹہ کے جنرل منیجر کو طلب کیا گیا۔ یہ طلبی رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک کی جانب سے اٹھائے گئے نکتہ کے تحت عمل میں لائی گئی۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی، صوبائی وزراء سلیم احمد کھوسہ، علی مدد جتک...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو بین الاقوامی کمیٹی برائے حقوق نسواں کی سربراہی مل گئی

وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی فوزیہ وقار کمیٹی کی چیئرپرسن مقرر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی فوزیہ وقار کو بین الاقوامی کمیٹی برائے حقوق نسواں کی چیئرپرسن نامزد کردیا گیا۔ ترجمان فوزیہ کے مطابق او آئی سی اسٹینڈنگ ایسوسی ایشن نے حقوق نسواں کی نئی کمیٹی قائم کردی ہے جس کی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج زیر غور نہیں، عمران کی بنی گالہ منتقلی پر مشاورت کریں گے، اسد قیصر

جلسوں کے ذریعے عوام کو متحرک کرنا ہے، بانی پی ٹی آئی کیلئے آواز اٹھائیں گے، سابق اسپیکر اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے 200 فیصد امکانات ہیں، بانی کے کیسز میرٹ پر چلیں تو ایک دن بھی جیل میں نہیں رہیں گے، کافی کیسز میں بانی پی ٹی آئی کی ضمانتیں ہو چکی ہیں، لیگل گراؤنڈز پر...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

وسائل کوڑیوں کے دام فروخت نہیں ہونے دینگے، تحریک تحفظ آئین

جلسہ کے انعقاد کیلئے تمام قانونی تقاضے پورے کئے عدالت عالیہ سے رجوع کیا

عدالتی احکامات کے باوجود جلسے کیلئے جگہ مختص نہیں کی جارہی، داؤد شاہ، عبدالقہار ودان و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں داؤد شاہ کاکڑ، ساجد ترین ایڈووکیٹ اور عبدالقہار خان ودان نے کہا ہے کہ 7 نومبر کو پاکستان تحریک...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنما داؤد شاہ کاکڑ، عبدالقہار ودان و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

افغان طالبان رجیم کا چترال سے نکلنے والے دریائے کنڑ پر ڈیم بنانے کا اعلان

افغانوں کو اپنے پانی کا انتظام خود کرنے کا حق، تاریخی فیصلہ قومی ذخائر کو سنبھالنے کے مضبوط ارادے کو ظاہر کرتا ہے

ملا ہیبت اللہ اخوندزادہ نے وزارت توانائی کو دریائے کنڑ پر جلد ڈیم کی تعمیر شروع کرنے کا حکم دیا ہے، ملا عبداللطیف

دریائے کنڑ چترال سے نکل کر 482 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد دریائے کابل میں شامل ہو کر واپس پاکستان آتا ہے

کابل (م ڈ) افغانستان میں برسراقتدار طالبان رجیم کے سپریم لیڈر ملا ہیبت اللہ اخوندزادہ نے وزارت توانائی کو دریائے کنڑ پر جلد از جلد ڈیم کی تعمیر شروع کرنے کا حکم دے دیا۔ افغان میڈیا کے مطابق سپریم لیڈر ملا ہیبت اللہ اخوندزادہ نے کہا ہے کہ ڈیم کیلئے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل ساحر شمشاد کا دورہ مالدیپ، صدر اور آرمی چیف سے ملاقات

دونوں ممالک کے درمیان عسکری تعلقات کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر بھی غور

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نے مالدیپ کا سرکاری دورہ کیا، دورے کے دوران صدر مالدیپ ڈاکٹر محمد...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی تجویز پر ارکان کی تنخواہیں بڑھانے کا معاملہ فنانس کمیٹی کے سپرد

بلوچستان اسمبلی اجلاس میں مرغہ کبزئی کو تحصیل کا درجہ دینے، سی پیک فیز ٹو میں بلوچستان کے لیے منصوبے رکھنے کی قراردادیں منظور

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان کا بلوچستان پولیس کی تنخواہیں دیگر صوبوں برابر لانے کا توجہ دلاؤ نوٹس، حکومتی یقین دہانی پر نمٹا دیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے مرغہ کبزئی کو تحصیل کا درجہ دینے، سی پیک فیز ٹو میں بلوچستان کے لیے منصوبے رکھنے کی قراردادیں منظور کرلیں، بلوچستان پولیس کی تنخواہیں دیگر صوبوں کے برابر لانے کا توجہ دلاؤ نوٹس حکومتی یقین دہانی پر نمٹا دیا گیا، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی تجویز پر بلوچستان...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی ٹی پی کا تربیتی نیٹ ورک بے نقاب، افغان خودکش بمبار کا اعترافی بیان

نقاب پوش شخص باقاعدگی سے مذہبی خطبات کے ذریعے ذہن سازی کرتا تھا، خودکش بمبار وسیم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغان خودکش بمبار وسیم کا اعترافی ویڈیو بیان سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد سرحد پار تحریک طالبان پاکستان کا بھرتی اور تربیتی نیٹ ورک...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور اراکین اظہار خیال کر رہے ہیں

مٹن و بیف کی برآمد پر عائد عارضی پابندی کی تردید

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت صنعت و پیداوار کی جانب سے مٹن اور بیف کی برآمد پر عارضی پابندی کی تردید کی گئی ہے۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق گوشت کی برآمد پر عارضی پابندی کی تجویز...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عمر ایوب، شبلی فراز کی نااہلی کیخلاف اپیلیں آئینی بنچ میں سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کے بیجنٹ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب اور شبلی فراز کی نااہلی کے خلاف اپیلیں سماعت کے لیے مقرر کردیں۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سے ایک ہفتے میں 27 مزدور اغوا ہوئے، شاہدہ رؤف

سڑک بنانے والوں کی مشینری جلا کر کون سی آزادی حاصل کی گئی، عبدالرحمن کھیتران

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں جمعیت علماء اسلام کی ایم پی اے شاہدہ رؤف نے کہا ہے کہ گزشتہ روز خضدار سے 18 مزدوروں کو اغوا کیا گیا گزشتہ ایک...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی اہلکار کی ماورائے عدالت قتل بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، جسٹس اطہر من اللہ

اپیل خارج

تربت میں طالبعلم حیات کو ایف سی اہلکار نے حراست میں قتل کیا، ماں باپ کے سامنے نوجوان کو بالوں سے گھسیٹ کر فائرنگ کرکے مار گیا

سپریم کورٹ ماورائے عدالت قتل کو فساد فی الارض قرار دے چکی، ایف سی اہلکار کا جرم بزدلانہ، بہیمانہ اور عوامی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا ہے

والدین کی دہائیاں سننے کے باوجود فائرنگ جاری رکھی، ملزم شادی اللہ نے سرکاری بندوق سے مقتول کی پیٹھ میں 8 گولیاں ماریں، جج سپریم کورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے تربت میں نوجوان حیات کو والدین کے سامنے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر کے سمندر میں 4 نایاب وہیلز کی موجودگی

گوادر (یو این اے) گوادر کے قریب ماہی گیروں نے چار برائیڈز وہیلز کو دیکھا اور ویڈیو بنائی یہ دیو ہیکل آبی مخلوق پاکستان میں پہلے بھی کئی بار سمندر میں دیکھی جا چکی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے محکمہ زکوٰۃ کو ختم کرنے کیلئے سمری تیار کرلی گئی

ملازمین کو مختلف محکموں میں کھپانے، اثاثے ریونیو کے حوالے کرنیکی تجویز

سمری بلوچستان کابینہ کے آئندہ ہونیوالے اجلاس میں پیش کی جائیگی، حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ زکوٰۃ کو ختم کرنے کیلئے سمری تیار کرلی گئی، محکمے کے ملازمین کو سرپلس پول میں بھجوا کر مختلف محکموں میں کھپانے اور محکمے کے اثاثے محکمہ ریونیو کو دیئے جانے کے تجویز سامنے آئی، سمری بلوچستان کابینہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے گی۔ محکمہ زکوٰۃ کے حکام نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے محکمہ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ظلم کرنیوالوں کو انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے، وزیراعلیٰ کے پی

تیاری پکڑیں پارٹی کی طرف سے جلد ہدایات آئیں گی، سہیل آفریدی کا جلسے سے خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے پارٹی کارکنوں کو تیار رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنہوں نے ظلم و جبر کیا انہیں انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی میں مجبوری کا رشتہ ہے، گورنر پنجاب

وزیراعظم نے بلاول سے ملاقات میں کئی وعدوں پر عمل نہ کرنے کا اعتراف کیا

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات میں کئی وعدوں پر عمل نہ کرنے...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کچن گارڈننگ شہریوں کو مالی اخراجات سے نجات دلائیگی، گورنر بلوچستان

گارڈننگ کے گھر میں ہی مفت تازہ اور معیاری سبزیوں کے حصول سمیت ماحولیاتی فوائد کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا

فوڈ سورسنگ میں یہ دانشمندانہ تبدیلی گھر کے انتظام پر بھی مثبت اثر چھوڑتی ہے، جعفر مندوخیل کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہم سب کیلئے کچن گارڈننگ بہت اہم اور مفید ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں اگر کسی کو کچن گارڈن سے معیاری سبزیاں بھی مفت مل جائیں تو یہ ایک بہت بڑی بات ہے۔ گھر میں کچن گارڈن رکھ کر، ہم بغیر کسی مالی اخراجات تازہ سبزیاں حاصل...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

شیخ صالح بن فوزان سعودی عرب کے مفتی اعظم مقرر

شیخ صالح بن فوزان قدامت پسند عالم عبدالعزیز آل الشیخ کے جانشین بنے ہیں

ریاض (م ڈ) سعودی عرب نے 90 برس کے ایک قدامت پسند عالم دین کو ملک کا مفتی اعظم مقرر کردیا، اور اس طرح...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

تشدد کا راستہ اپنانے والوں کو سیاسی حقوق نہیں دیئے جاسکتے، طلال چوہدری

دوسرے مرحلے میں اس تنظیم کے اثاثوں سے متعلق قانونی کارروائی ہوگی، وزیر مملکت داخلہ

ریاست اب ریاست لگے گی، کسی قسم کی انتہا پسندی نہیں چلے گی، نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ تشدد کا راستہ اپنانے والوں کو سیاسی حقوق نہیں دیئے جاسکتے، ریاست اب ریاست لگے گی، کسی قسم کی انتہا پسندی نہیں چلے گی۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ پہلے حکومت نے پابندی لگائی تو انہوں...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کا شناختی کارڈ، پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم

انسداد دہشت گردی عدالت نے ضامن کی پراپرٹی بحق سرکار قرق کرنے کا حکم جاری کردیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) 26 نومبر احتجاج میں درج مقدمے میں انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے علیمہ خان...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائی کے دوران گرفتار ہونیوالے انسانی سمگلرز زیر حراست ہیں

وفاق نے تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، شازیہ مری

آج اگر کسانوں پر توجہ نہ دی تو کسی حکومت کا نہیں بلکہ ملک کا نقصان

ملک کو نقصان نہ ہو تو کسی سیاسی جماعت پر پابندی کے حامی نہیں، پریس کانفرنس

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلزپارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات شازیہ مری نے کہا ہے کہ ہمیں وفاقی حکومت نے تحفظات دور کرانے کی یقین دہانی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائی، افغان شہریوں سمیت 6 انسانی سمگلر گرفتار

کارروائی اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل نے خفیہ اطلاع پر عمل میں لائی، ملزمان افغان شہریوں کی سمگلنگ میں ملوث تھے

ملزم عدیل کے قبضے سے برآمد موبائل میں بات چیت، تصاویر اور دیگر شواہد بھی موجود، مزید کارروائی جاری ہے، ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے بلوچستان زون اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے افغان شہریوں سمیت 6 انسانی سمگلروں کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق گزشتہ روز ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ کے عملے نے خفیہ اطلاع ملنے پر انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظم نیٹ ورک کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے افغان شہریوں سمیت...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

26 ویں ترمیم کیس، کان اور آنکھیں بند کرکے کسی کو ریلیف نہیں دے سکتے، سپریم کورٹ

فل کورٹ سب مانگ رہے مگر طریقہ کار کوئی نہیں بتا رہا، بنچ میں مزید ججز شامل کرنے کا اختیار سپریم جوڈیشل کمیشن کے پاس ہے، جسٹس محمد علی مظہر

تاثر دیا جارہا ہے ہم الگ ججز اور دوسرے والے الگ ہیں، سپریم کورٹ کے ججز کا کام آئین کا تحفظ کرنا، آئین کا دفاع کرنا ہے، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جسٹس محمد علی مظہر نے 26 ویں آئینی ترمیم کیس میں ریمارکس دیئے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسپین غر کے جنگلات میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

آگ نے بڑے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ژوب کی جانب بڑھنے کا خدشہ

پی ڈی ایم اے، لیویز اور محکمہ جنگلات کی ٹیمیں آگ پر قابو پانے کیلئے روانہ ہوگئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ اور ژوب کے سرحدی پہاڑی علاقوں میں جنگلات میں آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو حکام نے آگ بجھانے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایس پی عدیل اکبر کی آبائی علاقے میں تدفین کردی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایس پی عدیل اکبر کی تدفین انکے آبائی گاؤں میں کر دی گئی۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی، سی پی او گجرانوالہ محمد ایاز سلیم، پولیس افسران اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور پولینڈ کے وزرائے خارجہ کی ملاقات: مشترکہ اعلامیہ جاری

دونوں ممالک کا اقتصادی تعاون، عالمی سلامتی اور پرامن تنازعات کے حل پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور پولینڈ کے وزرائے خارجہ کی ملاقات کے بعد دونوں ممالک نے اپنے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور مختلف شعبوں...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

چوکی: نور جہاں کا گانا بلند آواز میں چلانے والا گرفتار، مقدمہ درج

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے بعد چوکی میں نور جہاں کا گانا "پائل دی پاواں چھنکار" بلند آواز میں چلانے پر پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ایمپلیفائر اور اسپیکر قبضے میں لیا اور پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کے تحت...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کالعدم تحریک طالبان کے مبینہ سہولت کار کی درخواست ضمانت خارج

ملزم کے قبضے سے بارودی مواد اور دیگر آلات برآمد ہوئے، پراسیکیوشن

پشاور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے کالعدم تنظیم تحریک طالبان کی سہولت کاری کے الزام میں گرفتار ملزم کی درخواست ضمانت خارج کرکے ملزم کو جیل میں رکھنے کا حکم دے دیا۔ جمعہ کو انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج محمد اقبال...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ترکیہ: تارکین وطن کی کشتی الٹنے سے 14 افراد ہلاک، 2 لاپتہ

ربڑ کی کشتی میں 18 افراد سوار تھے، 2 افراد کو بچا لیا گیا، ریسکیو آپریشن جاری

استنبول (م ڈ) ترکیہ کے جنوب مغربی ساحل کے قریب انجیئن سمندر میں تارکین وطن کی ایک کشتی ڈوب گئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق کشتی میں 18 افراد سوار تھے۔ دو کو زندہ بچا لیا گیا جن میں سے ایک افغان شہری ہے۔ گورنر آفس سے جاری بیان میں...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

افغان طالبان کا پروپیگنڈا بے نقاب، پرانی ویڈیوز و واقعات کا سہارا لیا جانے لگا

بھارت اور افغان طالبان سے منسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس سرگرم، چمن احتجاج کی دسمبر 2022 کی ویڈیوز کو نیا ظاہر کرکے پھیلایا گیا

بے بنیاد اور جعلی خبروں و ویڈیوز پر مبنی مہم کا مقصد پاکستان کے امن اور استحکام کو نقصان پہنچانا ہے، وزارت اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان کی وزارت اطلاعات و نشریات نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے پاکستان کے خلاف چلائی جانے والی جھوٹی اور گمراہ کن مہم کو بے نقاب کر دیا ہے۔ ترجمان وزارت اطلاعات کے مطابق بھارت اور افغان...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں گیس لیکیج سے ایک اور دھماکہ، دو افراد زخمی ہو گئے

گھر اور گاڑی کو شدید نقصان پہنچا، قریبی عمارتوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے

گیس کمپنی کے لوڈ شیڈنگ اوقات ہی حادثات کا سبب بن رہے ہیں، شہری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے اے ون سٹی میں گیس لیک کے باعث دھماکے سے گھر اور گاڑی کو شدید نقصان پہنچا جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کینیڈا نے امریکا کیساتھ دھوکا کیا اور پکڑا گیا، ڈونلڈ ٹرمپ

سابق صدر رونالڈ ریگن ٹیرف کے حامی تھے، کینیڈا کا دعویٰ غلط ہے، بیان

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ کینیڈا نے امریکا کے ساتھ دھوکا کیا اور پکڑا گیا۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ کینیڈا نے سابق امریکی صدر...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کے بنیادی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، اے سی ایس

افسران منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل یقینی بنائیں، زاہد سلیم کی اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت کے مطابق ترقیاتی اسکیموں کا بروقت تکمیل ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے محکمہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے ماہانہ جائزہ اجلاس کے موقع پر بات...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کلی کوتوال ملیزئی سکیم 20 برسوں سے پانی سے محروم، علاقہ مکین



بڑے ادیب کے فن و شخصیت پر بڑے ادیب کی تصنیف

26 اکتوبر کو رباط گریڈ اسٹیشن سے ملحقہ فیڈرز سے 10 بجے سے 2 بجے تک بجلی بند رہے گی

لوکل پشتون آبادی کو مہاجرین کی آڑ میں تنگ کرنا ناانصافی ہے، جمیل احمد ملاخیل

ڈی سی مستونگ نے مختلف باشندوں کے لوکل منسوخ کردیے

بجلی صارفین کیلئے آن لائن کچہری 27 اکتوبر کو سی ای او آفس میں ہوگی

والدین کی خدمات کو دیکھتے ہوئے ہماری معاشی مشکلات حل کی جائیں، خیر بخش

ملک میں بڑھتی دہشتگردی روکنے کے لیے یکجہتی کا مظاہرہ کیا جائے، رحیم کاکڑ

انتخابات سے متعلق الیکشن کمیشن کے اعلان کو مسترد کرتے ہیں، ڈاکٹر آفتاب کاکڑ

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عامر علی کو بیرج گرانٹ کا چیک دے دیا گیا

ایس ایس جی سی کی ٹیم نے 662 غیر قانونی گیس کنکشنز منقطع کردیے

مولانا عبدالواسع کی چچا کی تعزیت کا سلسلہ کوئٹہ میں جاری ہے

محکمہ جاتی رابطہ کاری کو بہتر بناکر ہنگامی صورتحال سے نمٹا جاسکتا ہے، ماہرین انتظامی امور

حکومت سیاسی مقاصد کے لیے قانون کو مسخ کر رہی ہے، عالم خان کاکڑ

پی ایم اے کو ذاتی مقاصد کے لیے استعمال نہیں ہونے دیں گے، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ ورک

طلبا میں فکری و نظریاتی بیداری پیدا کرنے کی مہم تیز کی جائے، حافظ حبیب الرحمن

NOTICE INVITING TENDER

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on CSR 2023 Govt: of Balochistan are invited from interested Contractors / Firms with detailed terms & conditions are given below. The tender fee Rs.1000/- will be deposited through green challan in the National Bank of Pakistan Harnai Branch under the head of account **C-02716 (Building CWPP&H Receipt) EARNEST MONEY** 3% of the Bid cost in the shape of a call deposit, **RELEVANT CATEGORY** C-4 & Above and Date of Completion 30th June 2027

S.#	NAME OF WORK.	E/COST
I.	Construction of Boundary Wall, Watch tower and Installation of CCTV Cameras At deputy Commissioner Office Harnai **TSE-252610900923**	24,040,000

Eligibility of Bidders Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Presence in Active Taxpayer List (ATL) is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority (BRA) Registration is required. The bidder must have completed two assignments of a similar nature, each worth 100% of the estimated cost. Turnover for each Scheme as per bidding document PEC Registration: Minimum category: C-6 and above (up to PKR 25 million).Specialized codes:,CE10(v) (Landscaping & Horticulture),CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). **Method of Procurement** Single Stage, Two Envelope Procedure. **Bid Security** The bid must include a Call Deposit Receipt (CDR) in the amount specified, issued in the name of the undersigned, from a scheduled bank under the contractor's title account. Fake Call Deposits will result in blacklisting of the firm. **Tender Documents** Can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Last Date for Bid Submission: 14th November, 2025**, by **10:00 AM. Tender Opening: 14th November, 2025, at 11:00 AM** Financial bids opening date will be announced later. **Additional Conditions** Bid security (CDR) for technically non-responsive bidders will be returned within 30 days. Bid Validity Period: 90 days. An affidavit on non-judicial stamp paper (PKR 100/-) must declare: The firm has never been blacklisted. All documents and information submitted are true and correct. Documents will be verified from relevant authorities. Contractors who failed to complete previous projects without valid reasons are ineligible to participate. **For any queries, please contact the Executive Engineer, Building Communication Works, PP&H, District Harnai Office through one of the following: Contact Number: 0334-2610716 Email: executiveengineer2.harnai@gmail.com**

PRQ No.2108/24-10-2025

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDING Communication Works PP&H District Harnai

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بیگم نصرت بھٹو نے صعوبتیں برداشت کر کے بھی پارٹی کا پرچم بلند رکھا، سربلند جوگیزئی

عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے، صادق خان اچکزئی

زعفران خان انتقال کر گئے



حاجی شاہ داد خان بازئی مرحوم کی رسم قل آج ادا کی جائیگی

حاجی سید محمد ولی عرف حاجی لالک انتقال کر گئے

حب: چوری شدہ گاڑیاں، منشیات اور اسلحہ برآمد، ملزمان گرفتار

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

یونیورسٹیز MDCAT کے سیٹ انعقاد کیلئے تمام ضروری اقدامات کریں: پی ایم اینڈ ڈی سی

پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کا اجلاس، یونیورسٹیوں کو MDCAT-2025 کے پروٹوکول کے مطابق انعقاد کیلئے انتظامات کی ہدایت

امتحانی مراکز میں امیدواروں کے لیے مناسب نشستوں، سکیورٹی اور سہولیات کا بندوبست کیا جائے تاکہ وہ اطمینان کے ساتھ امتحان دے سکیں

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر نوابزادہ طارق مگسی ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور: بلوچستان بار کونسل کے وکلاء کی ولید صالح بلوچ کے اہل خانہ سے تعزیت

صالح بلوچ کے بھائی اور حاجی صالح محمد بلوچ کے فرزند ولید صالح کی وفات پر اہل خانہ سے تعزیت کی۔ تعزیت کے دوران وکلاء نے مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس المناک واقعے نے پورے علاقے میں دکھ و افسوس کی لہر دوڑا دی ہے۔

کراچی: پشتون طلباء کو داخلوں سے محروم رکھنا نسلی امتیاز ہے، عبدالرب درانی

پشتون بچوں پر تعلیمی دروازے بند کرنا قومی برابری اور آئین پاکستان کے بنیادی اصولوں کی نفی ہے

برانڈز معیشت کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، یوسف رضا گیلانی

برانڈز نہ صرف ملکوں کی معاشی ترقی کا باعث بنتے ہیں بلکہ اقتصادی سفارتکاری کے فروغ میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

پاکستانی برانڈز بین الاقوامی سطح پر اپنی شناخت قائم کر رہے ہیں اور پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں پیش پیش ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ برانڈز کسی بھی ملک کی معیشت اور ساکھ کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، کیونکہ یہ نہ صرف معاشی ترقی کا باعث بنتے ہیں بلکہ اقتصادی سفارتکاری کے فروغ میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ پاکستانی برانڈز ملک کی ساکھ کو مزید مستحکم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط برانڈ تحقیق، جدت، ڈیزائن، اور موثر مارکیٹنگ کے تسلسل سے جنم لیتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی نئی نسل میں ... کے چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں کے نوجوان بھی ای کامرس اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے دنیا بھر سے منسلک ہیں۔ انہوں نے حکومت کے کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کا کام کاروبار میں مداخلت نہیں بلکہ ایسا سازگار ماحول پیدا کرنا ہے ...

زیارت: لیویز کو ایک مثالی فورس بنایا جائے گا، ڈی سی

عبدالرحیم زہری کی وفات پر اظہار تعزیت

گوادر: عالمی یوم انسداد پولیو کے موقع پر تقریب

انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈی سی

دینی اداروں کا فنانشل آڈٹ لازمی قرار دیا جائے، سید حسین مقدسی

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت کی طالبات کی نمایاں کارکردگی

تربت: مکران میڈیکل کالج پری پروفیشنل تحریری امتحان منعقد

اسلام آباد میں صحت عامہ سے متعلق چھٹی بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے سنہری مواقع موجود ہیں، بلال خان کاکڑ

گوادر: پرائس کنٹرول کمیٹی انچارج نے بازاروں کا معائنہ کیا

پنجگور: پہلے جدید تھیلیسیمیا سنٹر کا افتتاح کر دیا گیا

وندر: سانپ کے ڈسنے سے نوجوان جاں بحق

بلوچستان میں رواں سال اب تک کوئی بھی پولیو کیس سامنے نہیں آیا، حکام

چاغی کے ریگستانوں سے لے کر ژوب کے پہاڑوں تک پولیو کے ورکرز سردی اور گرمی میں بچوں کو پولیو سے بچانے کے قطرے پلانے کیلئے کام کرتے ہیں جن کی محنت کی بدولت رواں بلوچستان میں کوئی بھی پولیو کا کیس سامنے نہیں آیا ہے یہ سب حکومت بلوچستان کی پالیسی اور پارٹنرز کی کوششوں کی بدولت ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی کاوشوں کی بدولت بلوچستان پولیو فری صوبہ بننے کے قریب ہے اور انشاء اللہ عنقریب بلوچستان سے اس موذی مرض کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ ای پی آئی کے کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے کہا کہ محکمہ صحت و دیگر پارٹنرز کے ساتھ مل کر صوبے سے پولیو سمیت دیگر بیماریوں کے خاتمے کیلئے جدوجہد کر رہا ہے ... مکمل خاتمہ ہو چکا ہے پاکستان اور افغانستان میں پولیو وائرس موجود ہے جبکہ بلوچستان میں پولیو وائرس خاتمے کے بالکل قریب ہے۔ یہ بات انہوں نے انسداد پولیو کے عالمی دن کے موقع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، ڈبلیو ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر افضل، مولانا انوار الحق حقانی، ڈبلیو ایچ او اور یونیسف اور پی سی ایم ایف کے نمائندے بھی ...

صوبے کی ترقی اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کیلئے اقدامات جاری ہیں، زرک مندوخیل

پشتون افغان قوم کو مزید وحشت و خون کی دلدل میں دھکیلا جا رہا ہے، احمد خان

... مصروف ہے۔ احمد خان نے مزید کہا کہ چند شخصیات کو پارلیمنٹ میں حصہ ملنے سے صدیوں پرانا محرومی ختم نہیں ہو گی پشتون قوم و مذہب پرستوں کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ اپنے مفادات کیلئے مصروف ہے یا قوم کو حالیہ بدحالی سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس لیے نوجوان نسل اپنے اکابرین کے نقش قدم پر چلنے اور متحدہ پشتونستان کے حصول کیلئے جدوجہد تیز کرے۔

بی ایف اے کی کوئٹہ، لورالائی اور قلعہ سیف اللہ میں خصوصی مہم

TENDER NOTICE

TSE-252610900623 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PROVINCIAL B&R DISTRICT GAWADAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Nameof Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF 3 KM BLACK TOP ROAD FROM SINGHAR GATE TO PAK POINT UNDER BALOCHISTAN SPECIAL DEVELOPMENT INITIATIVE	83,306,781

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 4 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 58,314,746 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission**: Bid can only be submitted electronically latest by 14 November, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Main GT Road at B&R Chowk Gwadar Phone no: 0864210344

Fax no: 0864210344 Email: xenigawder@gmail.com

PRQ No.2107/24-10-2025

EXECUTIVE ENGINEER-ROADS CWPP&H DEPARTMENT DISTRICT GWADAR

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے نیلامی

دفتر ہذا میں استعمال شدہ پرانی کرسیاں، گاڑیوں کے پرزہ جات، ٹائر اور دیگر اشیاء کی جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر اوپن بولی کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں مطلوبہ اشیاء کا معائنہ دفتری اوقات میں 28 اکتوبر 2025 دوپہر دو بجے تک کیا جا سکتا ہے۔ کامیاب بولی دہندگان کو کل بولی کا 25% فیصد رقم موقع پر جمع کروانا ہوگا اور تمام اشیاء کی ڈیلیوری بقایا رقم بمعہ انکم ٹیکس ادا کر کے تین ایام کے اندر اندر ممکن ہو گی بصورت دیگر جمع شدہ رقم ناقابل واپسی تصور ہوگی بولی 04 نومبر 2025 بروز منگل صبح 11 بجے ہوگی۔ مجاز حکام تمام بولیوں کو بلا اظہار وجوہ مسترد یا منظور کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

OFFICE OF THE ADVOCATE GENERAL BALOCHISTAN QUETTA

S.#	Particulars	Type	Quantity	Remarks
	Furniture & Fixture Items			
1	Chairs	Official	07	Iron
2	Chairs	Revolving	05	Iron Wood
	Machinery & Equipment and Vehicles Spare Parts Items			
3	Tyres		28	Rubber
4	Staring Box		02	Iron Rubber
5	Shocks		10	Iron
6	Spring		02	Iron
7	Radiator		01	Iron Aluminum
8	Clutch plate		04	Iron
9	Desk plate		04	Iron
10	AC Radiator		01	Copper
11	A C compressor		01	Copper
12	Brake Cylinder		02	Iron
13	Axels		02	Iron
14	Spindle		01	Iron
15	Front Lights	Saloon	02	Plastic
16	Back Lights	Mehran	02	Plastic
17	Water Body		01	Plastic
18	Radiator Tank		01	Iron
19	Front & Back Bumper		03	Plastic
20	Leathers Set		05	Iron Rubber

ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان

PRQ No 2098/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔ پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 25 اکتوبر 2025ء

موثر علاقائی روابط : خوشحالی، ترقی اور استحکام کی نئی راہیں!!

وزیر اعظم شہباز شریف نے جمعہ کے روز ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علاقائی روابط کی اہمیت پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ علاقائی روابط کے فروغ سے معاشی اور تجارتی شعبے میں انقلاب آئے گا، تجارت، معیشت اور توانائی میں تعاون نئے دور کا آغاز ہوگا، زمانہ قدیم سے ہمارا خطہ معاشی اور تجارتی راہداری رہا ہے، بڑھتی ہوئی معاشی اہمیت نے اس قدیم گزرگاہ کی اہمیت کو دوچند کر دیا ہے ان کا یہ پیغام فہم و بصیرت پر مشتمل ایک ایسی حقیقت ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا دراصل یہی وژن ترقی اور استحکام کی کلید ہے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان کے لئے اس نہایت اہم کانفرنس کی میزبانی انتہائی اہمیت کی حامل ہے یہ کانفرنس ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب دنیا بھر میں ٹرانسپورٹ اور رابطوں کا منظر نامہ تبدیل ہو رہا ہے صدیوں سے ہماری سرزمین، جو آج پاکستان کہلاتی ہے، رابطوں کا ذریعہ اور اہم گزرگاہ رہی ہے، ہم نے ان درخشاں ادوار کی کہانیاں سنی ہیں جب یہ خطہ درجنوں ممالک کے درمیان سامان تجارت، ثقافتی روایات اور تخلیقی خیالات کے تبادلے کا ذریعہ تھا، قدیم شاہراہ ریشم سے لے کر آج کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو تک ہمارا خطہ ہمیشہ سے رابطوں اور مواقع کی سرزمین رہا ہے وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں بجا طور پر یاد دلایا کہ پاکستان کی سرزمین زمانہ قدیم سے دنیا کی عظیم ترین تجارتی راہداری رہی ہے۔ یہ وہی خطہ ہے جہاں سے شاہراہ ریشم گزرتی تھی ایک ایسا راستہ جس نے نہ صرف اجناس اور اشیائے صرف بلکہ علم، ثقافت، اور تمدن کے تبادلے کو بھی فروغ دیا۔ آج جب دنیا ایک بار پھر علاقائی انضمام اور اقتصادی تعاون کی سمت بڑھ رہی ہے، تو پاکستان اپنی جغرافیائی پوزیشن کے باعث اس تاریخی کردار کو از سر نو نبھانے کے لئے فطری طور پر تیار ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ موقف کہ ہمارا خطہ ماضی میں بھی رابطوں اور مواقع کی سرزمین رہا ہے اور آج بھی یہی اس کی طاقت ہے دراصل اس حقیقت کی گواہی دیتا ہے کہ پاکستان کے پاس خطے کے معاشی اتحاد میں مرکزی کردار ادا کرنے کے تمام وسائل موجود ہیں۔ وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں زور دیا کہ علاقائی روابط کا فروغ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لئے معاشی انقلاب کا باعث بن سکتا ہے۔ آج کی دنیا میں انفراسٹرکچر، ٹرانسپورٹ، ریلوے، توانائی، اور ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی کسی بھی ملک کی ترقی کے بنیادی ستون بن چکے ہیں۔ پاکستان، اپنے محل وقوع کی بدولت، چین، وسط ایشیائی ممالک، جنوبی ایشیا، اور مشرق وسطیٰ کے درمیان ایک قدرتی پل کا درجہ رکھتا ہے۔ گوادر اور کراچی کی بندرگاہیں، شمال میں قراقرم کے راستے، اور مغرب میں افغانستان سے جڑنے والی راہیں ایک ایسے نیٹ ورک کی تشکیل دے سکتی ہیں جو خطے کی معیشتوں کو آپس میں جوڑ دے۔ وزیر اعظم نے سی پیک (چین پاکستان اقتصادی راہداری) کو پاکستان کی معاشی ترقی کا بنیادی ستون قرار دیا۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ سی پیک نہ صرف ایک دوطرفہ منصوبہ ہے بلکہ یہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا فلیگ شپ پراجیکٹ ہے، جس نے پاکستان کو عالمی اقتصادی نقشے پر نمایاں کردیا ہے۔ وزیر اعظم نے درست کہا کہ سی پیک نے گوادر بندرگاہ کو چین کے صوبے سنکیانگ سے جوڑ کر تجارت، توانائی، اور صنعتوں کے نئے راستے کھول دیے ہیں۔ اب جبکہ سی پیک اپنے دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، تو اس کا فوکس بزنس ٹو بزنس شراکت داریوں چینی سرمایہ کاری اور صنعتی زونز کے قیام پر ہے۔ یہ مرحلہ پاکستان کے لئے معاشی خودکفالت، روزگار کے مواقع، اور صنعتی ترقی کی نئی راہیں متعین کرے گا۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان سی پیک فیز ٹو کو حقیقی معنوں میں عوامی خوشحالی کا منصوبہ بنانے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں جن منصوبوں کا ذکر کیا، وہ پاکستان کی علاقائی کنیکٹیویٹی پالیسی کا واضح ثبوت ہیں وزیر اعظم نے کہا کہ گوادر بندرگاہ کو چین کے صوبہ سنکیانگ سے جوڑ کر اس نے تجارت اور توانائی کیلئے تعاون کے نئے راستے کھول دیے ہیں جو رابطے، مواقع اور ثقافتی تبادلے کا ایک اہم ذریعہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ سی پیک کے پہلے مرحلے کی کامیابی کے بعد اب ہم سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں جو بزنس ٹو بزنس شراکت داریوں کو فروغ دینے، چینی کمپنیوں کے لئے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے اور باہمی خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کئی ریل رابطہ منصوبوں پر بھی کام کر رہے ہیں جن میں ٹرانس افغان ریلوے اور اسلام آباد، تہران، استنبول راہداری شامل ہے جو سرحد پار تجارت اور رابطوں کے حوالے سے انقلاب برپا کردے گا، اسی طرح وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ ہوائی روابط میں بہتری اور ٹی آئی آر کنونشن جیسے فریم ورک بھی ہمارے علاقائی تعاون کو مضبوط بنا رہے ہیں۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ یہ عظیم منصوبے خطے کے ممالک کی معاشی طاقت کو یکجا کر کے تجارت، معاشی تعاون اور توانائی کے اشتراک کے ایک نئے دور کا آغاز بنیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج کے ڈیجیٹل دور میں رابطے صرف سڑکوں، ریلوے اور ہوائی راستوں تک محدود نہیں رہے، یہ ڈیٹا، اختراع اور ٹیکنالوجی تک پھیل چکے ہیں، پاکستان ڈیجیٹل انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کر رہا ہے تاکہ ہم چوتھے صنعتی انقلاب کی رفتار کے ساتھ چل سکیں۔ اس کے علاوہ، پاکستان سنگل ونڈو سسٹم جیسے اقدامات تجارتی عمل میں انقلابی تبدیلی لا رہے ہیں، سرکاری رکاوٹوں کو کم کر رہے ہیں اور سرحد پار لین دین کو زیادہ موثر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تجارت، توانائی کے تبادلے، اور سرحد پار نقل و حمل کے نیٹ ورکس کو فروغ دینے کے لئے عالمی سطح پر ہر موزوں فورم پر رابطوں کو فعال بنا رہا ہے، اس حقیقت کو بار بار دہرانے کی ضرورت ہے کہ تجارت اور اقتصادی تعاون میں اشتراک، سب کے لئے یکساں فائدہ مند اور تمام فریقوں کے لئے بھرپور ثمرات کا حامل ہے، یہ ہمارے امن کے مشترکہ مفاد اور خطے میں ترقی کی کوششوں کو تقویت دے گا۔ انہوں نے شرکا کو دعوت دی کہ ہم سب مل کر تعاون کے بیج بوئیں تاکہ ہماری آنے والی نسلیں ترقی اور خوشحالی کے پھل حاصل کر سکیں علاقائی روابط کو فعال و منظم اور دو طرفہ طور پر پیچ پاک بنانے سے خوشحالی، ترقی اور استحکام کی نئی راہیں کھل سکتی ہیں علاقائی روابط کے فروغ سے نہ صرف پاکستان بلکہ ایشیائی خطے کی معیشت میں بھی نئی جان پڑے گی۔ علاقائی روابط کے فروغ سے معاشی اور تجارتی شعبے میں انقلاب آئے گا اور یہ انقلاب محض خواب نہیں بلکہ ایک حقیقت بنتا ہوا نظر آ رہا ہے اور صاف کہا جائے تو یہی سمت تعاون، ترقی، اور باہمی احترام پر مبنی پالیسی دراصل ایک ایسے روشن مستقبل کی ضمانت ہے جہاں خطہ امن، تجارت، اور خوشحالی کا مرکز بن جائے گا۔

ٹرمپ مودی "مک مکا" کے آثار

برملا — نصرت جاوید

امریکی صدر کے متعدد بیانات کے باوجود جنہوں نے بھارت مخالف سنائی دئے جانے کی وجہ سے پاکستانیوں کی اکثریت کو خوش رکھا، میں ایک لمحے کو بھی اس مغالطے میں مبتلا نہیں ہوا کہ بھارت کو ٹرمپ کا امریکہ اپنے سے جھٹک کر روس کے سپرد کردے گا۔ امریکہ کی جانب سے بھارت نوازی کے سلسلے رواں صدی کے آغاز سے قبل 1990ء کی دہائی کے آخر میں ہی شروع ہوگئے تھے۔ ان دنوں پاکستان سے زیادہ میرا وقت بھارت میں پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی میں صرف ہوتا تھا۔ نرسمہا راؤ بھارت کے کمزور اکثریت والے وزیر اعظم تھے۔ اپنے ملک کو دیوالیہ سے بچانے کے لئے انہیں بھارتی خزانے میں موجود سونے کو گروی رکھنا پڑا۔ سونا گروی رکھنے کے بعد وہ عالمی مالیاتی اداروں کے چہیتے من موہن سنگھ کو طاقتور ترین مشیر خزانہ لگانے کو مجبور ہوئے۔ نہرو کی کانگریس ہی نے لہٰذا نہرو کے متعارف کردہ "سوشلزم" کی، جو درحقیقت معیشت پر سرکار کے کامل کنٹرول کی نمائندگی کرنے کی وجہ سے "پرمٹ راج" کہلاتا تھا، نفی شروع کردی تھی۔ کانگریس کا "سوشلزم" کو بھلا کر ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کی نگرانی میں چلائے سرمایہ دارانہ نظام کا حصہ بننا علمی بحث کا تقاضہ کرتا تھا۔ محض پاک۔ہند تعلقات پر نگاہ رکھنے کو مامور مجھ جیسا رپورٹر اسی تناظر میں تبصرہ آرائی کے قابل نہ تھا۔ کلنٹن کے دوسرے دور حکومت میں دلی میں جو سیمینار وغیرہ ہوتے ان میں امریکہ سے عالمی امور کے مبصرین بہت چاؤ سے بلائے جاتے۔ ایسے سیمیناروں میں شرکت کی بدولت مجھے احساس ہونا شروع ہوا کہ معاملہ بھارت کو عالمی سرمایہ دارانہ نظام کا حصہ بنانے تک ہی محدود نہیں۔ اسے نہایت ہوشیاری سے چین کے مقابل لانے کی تیاری ہورہی ہے۔

کلنٹن کے بعد بش آیا تو جنرل مشرف کو افغانستان پر مسلط ہوئی "دہشت گردی کے خلاف" جنگ کے باوجود "بڈی" ("گہرا دوست") کہتے ہوئے بھی وہ بھارت کے نخرے اٹھاتا رہا۔ کنڈولیزا رائس اس کی پالیسی سازی میں اہم کردار کی حامل تھی۔ اس کی بدولت بھارت کو دیگر ممالک سے "پرامن مقاصد" کی خاطر یورینیم کی افزودگی اور اس کے مختلف النوع استعمال کے لئے درکار آلات خریدنے کی سہولت فراہم کردی گئی۔ پاکستان کو افغانستان کی وجہ سے امریکہ کا نیٹو میں شریک ہوئے بغیر "اتحادی" کہا جاتا تھا۔ "نان نیٹو اتحادی" کا درجہ بھی لیکن ہمیں یورینیم کی افزودگی اور استعمال کے لئے ویسا معاہدہ فراہم نہ کرسکا جو بھارت نے افغانستان کے تناظر میں امریکہ کی کسی بھی نوعیت کی حمایت فراہم نہ کرنے کے باوجود حاصل کرلیا۔ اسی دور میں بھارت کے اسرائیل کے ساتھ تعلقات بھی گہرے سے گہرے ہونا شروع ہوگئے۔ مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد "دراندازی اور تخریب کاری" کو روکنے کے نام پر بھارت کو اسرائیل نے اپنے جاسوسی ماہرین اور جدید آلات کے ذریعے بے مثال مدد فراہم کی۔ اسرائیل اور بھارت کے مابین تعلقات آج اس دور سے کہیں گہرے ہوچکے ہیں اور اسرائیل امریکہ کا قریب ترین حلیف ہے۔

کلنٹن اور بش کے برعکس ڈونلڈ ٹرمپ اپنے پہلے دور اقتدار میں بھارت کے مزید قریب آتے ہوئے نریندر مودی کا "ذاتی دوست" بھی ہوگیا۔ ان دونوں نے ایک دوسرے کی انتخابی مہم میں حصہ ڈالنے کے لئے پہلے ٹیکساس اور بعدازاں مودی کے آبائی گجرات میں جلسوں سے خطاب کیا۔ مودی کے ناز نخرے اٹھاتے ہوئے ٹرمپ نے اپنے پہلے دور اقتدار کا آغاز پاکستان کو برا بھلا کہنے سے شروع کیا۔ لفظی گولہ باری کے بعد اس نے اپنے ایک قریبی سینیٹر لنڈسی گراہم کے ذریعے سابق وزیر اعظم عمران خان کو وائٹ ہاؤس بلوایا۔ ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے یہ داستان سنائی کہ جاپان کے شہر اوساکا میں بھارت کے وزیر اعظم نے اس سے درخواست کی ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر حل کرنے کے لئے ثالثی کا کردار ادا کرے۔ بھارت نے نہایت مکاری سے فقط ایک مختصر بیان کے ذریعے مذکورہ دعویٰ کی تردید کی۔ مقبوضہ کشمیر کو بھارت کا مستقل حصہ بنانے کے لئے البتہ ایک جامع منصوبے پر کام شروع کردیا۔ مذکورہ منصوبے کی تیاری کے دوران محض بھارتی اخبارات اور یوٹیوب چینلوں کی بدولت جمع کی معلومات کی بنیاد پر میں ان کالموں میں متنبہ کرتا رہا کہ آرٹیکل 370 کو ختم کرنے کی تیاری ہورہی ہے۔ دو ٹکے کے رپورٹر کی فریاد پر ہمارے حکمرانوں نے مگر توجہ ہی نہ دی۔ بالآخر اگست 2019ء میں وہ ہوگیا جس کا مجھے اندیشہ تھا۔

ٹرمپ کے وائٹ ہاؤس لوٹنے کے بعد اکثر لوگوں کو شبہ تھا کہ وہ پاکستان کے لئے خطرناک حد تک مودی کے زیادہ قریب ہوجائے گا۔ اس حوالے سے امریکہ میں مقیم عاشقان عمران اپنی ترجیحات سے مغلوب ہوئے ضرورت سے زیادہ "پرامید" تھے۔ یہ بات فراموش کرگئے کہ امریکہ اگر واقعتاً "جمہوریت" کا دلدادہ ہوتا تو ہمارے حالیہ ماضی میں جنرل ضیاء اور جنرل مشرف اس کے پسندیدہ ترین حلیف نہ رہے ہوتے۔ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے کے بعد عاشقان کو مایوس کیا مگر ہم پاکستانیوں کی اکثریت اس سے خوش ہونا شروع ہوگئی۔ رواں برس کے مئی میں ہوئی پاک۔بھارت جنگ کو "ایٹمی" ہونے سے روکنے کے لئے اس نے حقیقتاً کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ نریندر مودی انتہائی ڈھٹائی سے مگر ٹرمپ کا اس ضمن میں ادا کیا کردار جھٹلاتا رہا۔ خوشامدی آوازوں کا عادی ٹرمپ مودی کی ڈھٹائی سے چڑ گیا۔ میرے حساب سے تقریباً 53 مرتبہ یہ کالم لکھنے تک امریکی اور بین الاقوامی فورموں پر یہ دعویٰ دہراتا رہا ہے کہ پاکستان نے مئی کی جنگ میں بھارت کے 7 جہاز گرائے تھے۔ جنگی حقائق کے مسلسل ذکر سے ٹرمپ بھارت کی سبکی تک ہی محدود نہیں رہا۔ اس ملک سے امریکہ آئی برآمدات پر 50فی صد ڈیوٹی عائد کرتے ہوئے بھارتی معیشت کو بھی زک پہنچانے کو ڈٹ گیا۔ ٹرمپ کا بنیادی گلہ یہ ہے کہ بھارت روس سے تیل خرید کر اس کے لئے یوکرین پر مسلط کردہ جنگ جاری رکھنے کے لئے "سرمایہ" فراہم کررہا ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ روس سے بھارت ایک قطرہ تیل بھی خریدے۔ روسی تیل اگرچہ بھارت سے کہیں زیادہ چین خریدتا ہے۔ چین کے خلاف اقتصادی پابندیاں لگانے سے ٹرمپ مگر ابھی تک آمادہ نہیں۔ اپنے ہاں کی ٹیک انڈسٹری اور خصوصاً مصنوعی ذہانت کو فروغ دینے کے لئے اسے چین کی بنائی "چپس" کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ زمین سے نکالی معدنیات ہیں جن پر چین کا فی الوقت اجارہ ہے۔ بھارت کی ایک ارب سے زیادہ افراد پر مبنی "منڈی" کو بھی لیکن کاروباری ذہنیت کا حامل ٹرمپ زیادہ دیر تک نظرانداز نہیں کرسکتا۔ اسی باعث منگل کی رات سے سرگوشیوں میں خبر گھومنا شروع ہوگئی تھی کہ مودی اور ٹرمپ کے مابین دیوالی کے تہوار کے بہانے ٹیلی فون پر جو گفتگو ہوئی اس کے نتیجے میں "جلد ہی" امریکہ بھارت سے درآمد ہوئی اشیاء پر ڈیوٹی کے حوالے سے نرمی دکھائے گا۔ اس تاثر کو پختہ بنانے کے لئے ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں دیوالی منانے کی ایک تقریب بھی منعقد کی۔ وہاں موجود مہمانوں میں ایف بی آئی کا بھارت نژاد سربراہ اور امریکہ میں بھارتی سفیر بھی موجود تھے۔ مجھے یقین ہے کہ مودی اور ٹرمپ میں "مک مکا" ہوگیا تو ہمارے ہاں کئی افراد مایوس ہوئے طعنہ زنی پر اتر آئیں گے۔ سفارت کاری کو محض سفارت کاری کے طور پر ہی لیا جانا چاہیے۔ پاکستان کو دوست بناتے ہوئے امریکہ نے ماضی میں بھی بھارت کو کبھی مخاصمت کی حد تک ناراض نہیں کیا۔ فقط صدر نکسن کے دور میں اندرا گاندھی کی حکومت کے ساتھ امریکہ کے تعلقات کسی حد تک مخاصمانہ ہوگئے تھے۔ اس کے باوجود جب اندرا نے ماضی کے مشرقی پاکستان پر حملہ کیا تو امریکہ ہماری مدد کو نہیں آیا۔ امت مسلمہ کی واحد ایٹمی قوت، چین کے ساتھ دوستی اور وسطی ایشیاء تک رسائی کی بدولت پاکستان کی اپنی اہمیت ہے۔ اسے بھارت کے تناظر میں رکھ کر جانچنا حماقت ہے۔

چینی، ٹماٹر اور اب آٹا

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

مجھے معلوم ہے آپ سب جانتے ہیں کہ ٹماٹر کس کام آتے ہیں اور ان میں کیا کیا خوبیاں پائی جاتی ہیں؟ پھر بھی ٹماٹروں کی تھوڑی سی تعریف میرے منہ سے بھی سن لیں۔ ٹماٹر ایک اہم زرعی جنس ہے جو اپنے خوشگوار رنگ اور اچھے ذائقے کی وجہ سے عوام الناس میں یکساں مقبول ہے۔ دیگر سبزیوں اور گوشت و دالوں کے ساتھ پکانے کے علاوہ ٹماٹر کو سلاد کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ٹماٹر میں وٹامن اے، وٹامن سی، رائبوفلاوین، تھامین اور معدنی نمکیات جیسے آئرن، کیلشیم اور فاسفورس وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں جو صحت کے لیے مفید ہیں۔ ٹماٹر کے پھل میں لائکوپین پایا جاتا ہے جو جسم سے نقصان دہ مادوں کے اخراج میں مدد کرتا ہے۔ یہ سبزی سال بھر استعمال ہوتی ہے۔ اس کے گودے سے چٹنیاں، کیچپ اور پیسٹ جیسی مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ شکر کریں کہ میں اسی پر اکتفا کر رہا ہوں، کوئی حکیم صاحب یہ کالم لکھ رہے ہوتے یا میں ہی اگر حکیم ہوتا تو یہ بھی بتاتا کہ ٹماٹر کون سی بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں اور کون سی بیماریاں اگر لاحق ہو جائیں تو ٹماٹر کھانے سے شفا مل سکتی ہے۔

مسئلہ یہ ہے کہ لوگ آج کل وٹامن اے، وٹامن سی، رائبوفلاوین، تھامین، آئرن، کیلشیم، فاسفورس اور لائکوپین سے محروم ہیں اور ان کے اجسام سے نقصان دہ مادوں کے اخراج میں بڑا مسئلہ بھی پیش آ رہا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ٹماٹر بہت مہنگے ہو چکے ہیں اتنے مہنگے کہ انہوں نے مرغی کے گوشت کی قیمت کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ ٹماٹر کے سرکاری نرخ تو 322 روپے فی کلوگرام ہیں لیکن کراچی کے مختلف علاقوں میں یہ سبزی 500 سے 700 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ شہید بینظیر آباد کی تحصیل سکرنڈ میں ٹماٹر رواں سال کی بلند ترین سطح 600 روپے فی کلو پر پہنچ گیا۔ فیصل آباد میں سنڑا اور ٹماٹر 500 روپے کلوگرام میں فروخت ہو رہے ہیں۔ پشاور میں ٹماٹر کی قیمت نے چوتھی سنچری عبور کر لی ہے جبکہ بھنڈی، ٹینڈا، کدو، توری سمیت کوئی بھی سبزی ڈیڑھ سو روپے کلو سے کم دستیاب نہیں ہے۔

محکمہ پرائس کنٹرول پنجاب کا کہنا ہے کہ ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ سپلائی میں تعطل کے باعث ہوا ہے۔ پچھلے مہینوں میں خیبر پختونخوا شدید بارشوں کے باعث ٹماٹر کی مقامی فصل متاثر ہوئی جس کے باعث عارضی قلت پیدا ہوئی۔ محکمے کے ترجمان کے مطابق افغانستان اور ایران سے بھی ٹماٹر کی درآمد میں عارضی تعطل نے سپلائی پر وقتی دباؤ ڈالا اور ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ موسمی تبدیلی، بارشوں، ٹرانسپورٹ مسائل کا بھی نتیجہ ہے۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ وقتی ہے آئندہ ہفتے سپلائی معمول پر آتے ہی قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پرائس کنٹرول محکمے نے ٹماٹر کے مہنگے ہونے کی جو وجوہات بیان کی ہیں وہی اصل اسباب ہیں لیکن ایک اور وجہ بھی سامنے آئی ہے۔ ایک میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نارمل حالات میں روزانہ کابل سے 30 سے 40 کنٹینرز آتے ہیں اور مارکیٹ میں سپلائی ہوتے ہیں لیکن حالیہ دنوں کابل سے ٹماٹر کی سپلائی بند ہونے سے پاکستانی مارکیٹ پر اثر پڑا اور طلب اور سپلائی میں اتار چڑھاؤ کے باعث قیمتیں بڑھی ہیں۔ اب ایران اور خیبر پختونخوا سے روزانہ ٹماٹروں کے تقریباً 15 کنٹینرز آتے ہیں۔ ادارہ شماریات پاکستان کے مطابق افغانستان سے سالانہ چار لاکھ ٹن ٹماٹر درآمد کیے جاتے ہیں جبکہ دوسرے نمبر پر ایران سے سالانہ تقریباً ایک لاکھ ٹن درآمد ہوتے ہیں۔ پاکستان اور افغان طالبان کے مابین امن معاہدہ طے پانے کے بعد ملک کی مغربی سرحد پر حالات کچھ نارمل ہوئے ہیں چنانچہ توقع کی جا رہی ہے کہ آنے والے دنوں میں ٹماٹر کی دستیابی کے حوالے سے معاملات نارمل ہو جائیں گے۔

چلیں فصل تھوڑی بہتر ہوگی تو ٹماٹر مارکیٹ میں ملنے بھی لگیں گے اور سستے بھی ہوجائیں گے لیکن چینی کا کیا کیا جائے جس کی قیمتیں کم ہونے میں ہی نہیں آ رہی ہیں۔ پہلے ضرورت سے زیادہ چینی اس شرط پر برآمد کی گئی کہ یہاں اس کی قیمتیں بڑھنے نہیں دی جائیں گی۔ چینی برآمد ہوگئی اور اس کی قیمتیں بھی تاحال قابو سے باہر ہیں۔ پھر جب قلت پیدا ہوئی تو چینی درآمد بھی کی گئی لیکن حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اس سارے عمل میں کوئی بھی قصوروار قرار نہیں پایا نہ سزا کسے دی جائے۔ حکومت کی جانب سے چینی برآمد کی وجہ اس کے سرپلس سٹاک کو قرار دیا گیا تھا تاہم اس برآمد کے بعد مقامی مارکیٹ میں چینی کی قیمت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور ملک کے کچھ حصوں میں چینی کی قیمت دو سو روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔ نومبر میں نیا کرشنگ سیزن شروع ہونا ہے۔ کیا چینی کی نئی پیداوار مارکیٹ میں آنے کے بعد چینی سستی ہو سکے گی؟ اس سوال کا جواب کسی کے پاس نہیں ہے اس لیے وقت بتائے گا کہ کیا ہوتا ہے اور کیا نہیں۔

چینی کے بغیر گزارہ ہو سکتا ہے۔ پھیکی چائے پی جا سکتی ہے۔ ٹماٹر کے بغیر گزارہ ہو سکتا ہے۔ سالن کی تیاری میں ٹماٹر کے بجائے دہی ڈالا جا سکتا ہے لیکن آٹے کے بغیر گزارہ ممکن نہیں ہے اور حالات یہ ہیں کہ گندم کی فصل ابھی ہوئی جانی باقی ہے لیکن گندم اور آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہونا شروع ہو چکا ہے۔ اس غیر معمولی اضافے کی وجہ سے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ ہو چکا ہے۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو ماہ کے دوران گندم کی فی من قیمت 2400 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے تک پہنچ چکی ہے جبکہ آٹے کا 20 کلو کا تھیلا تقریباً 600 روپے تک مہنگا ہو گیا ہے۔ اس مہنگائی سے عام آدمی براہ راست اور بالواسطہ دونوں طریقوں سے متاثر ہوا ہے۔ تنور والوں کا کہنا ہے کہ اس اضافے کے باعث نان اور روٹی کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے۔ تو کیا اب نان اور روٹی کی قیمت میں اضافہ ہو جائے گا؟

ایک اور مسئلہ گندم کی سرکاری قیمت کے تقرر کا تھا جو ابھی ابھی حل ہوا ہے۔ وفاقی حکومت نے گندم کی امدادی قیمت 3500 روپے فی من مقرر کر دی ہے۔ حکومت نے گندم پالیسی 2025 کی منظوری بھی دی ہے جس کا مقصد کسانوں کے تحفظ اور ملک میں گندم کے مستحکم ذخائر کو یقینی بنانا ہے۔ یہ یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ حکومت 62 لاکھ ٹن سٹریٹجک سٹاک کی خریداری کرے گی تاکہ گندم کی فراہمی اور قیمتوں میں استحکام برقرار رکھا جا سکے اور کسانوں کو معاشی تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

لیاقت علی خان سے بینظیر بھٹو تک: 'ہر سیاسی قتل کے پیچھے سازشیں ہوتی ہیں'

تاثرات — سید مجاہد علی

'وقت مقررہ پر میں راولپنڈی میں وزیر اعظم ہاؤس پہنچ گیا جہاں وزیر اعظم کے اے ڈی سی افضل سعید خان میرے منتظر تھے۔ افضل سعید خان ایک برآمدے سے گزار کر مجھے وزیر اعظم کے سٹنگ روم لے گئے۔ ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے ساتھ ان کے دو سینئر وزیر عبدالحفیظ پیرزادہ اور رفیع رضا کو دیکھ کر مجھے حیرت ہوئی۔ بھٹو صاحب سے ماضی میں جو ملاقاتیں ہوئی تھیں، وہ ون آن ون ہوا کرتی تھیں۔ بھٹو صاحب نے حسب روایت کشادہ ہاتھوں سے ملتے ہوئے حفیظ پیرزادہ اور رفیع رضا سے میرا تعارف یوں کروایا، 'آؤ میرے دوست، بلوچستان سے کیرالہ کے سوشلسٹ کٹی صاحب!' میں حفیظ پیرزادہ سے ایک حد تک واقف تھا کہ 1973ء کے آئین کے حوالے سے وہ بھٹو صاحب کے بعد دوسرے نمبر پر سمجھے جاتے تھے۔ مگر رفیع رضا سے میں پہلی مرتبہ مل رہا تھا۔ بھٹو صاحب نے ذرا چہکتے ہوئے انداز میں اپنے وزرا کا تعارف کرواتے ہوئے کہا، 'یہ رفیع رضا ہیں، مشہور سیاستدان جن کے تعارف کی ضرورت نہیں۔ یہ حفیظ پیرزادہ ہیں، وفاقی وزیر برائے انٹر پرونشل کوآرڈینیشن'۔ بھٹو صاحب کے تعارف کے انداز سے گمان ہوا کہ وہ رفیع رضا کو حفیظ پیرزادہ پر ترجیح دے کر ان کی سبکی کرنا چاہتے ہیں۔ بھٹو صاحب نے میرے بیٹھتے ہی پوچھا کہ 'میانوالی والی جیل میں بزنجو صاحب سے ملاقات کے دوران کیا بلوچستان میں سوویت یونین کے کردار پر کوئی بات ہوئی تھی؟ اور کیا بلوچستان اور پیپلز پارٹی خاص طور پر بھٹو مخالف تحریک شروع کرنے میں ماسکو سے رابطہ کرنے کا ذکر آیا تھا؟' میں نے بھٹو صاحب کا سوال سن کر حیرت سے کہا، 'ہماری اس موضوع پر کوئی بات نہیں ہوئی'۔ بھٹو صاحب عبدالحفیظ پیرزادہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہنے لگے کہ 'تمہاری انٹیلی جنس رپورٹ غلط تھی'۔ عبدالحفیظ پیرزادہ نے جواب میں کہا، 'مگر کٹی صاحب یہ تو تسلیم کریں گے کہ نیپ کی قیادت میں اس مسئلے پر اختلاف ہے'، جس پر بھٹو صاحب نے کہا، 'یہ تو ہر پارٹی میں ہوتا ہے، کیا ہماری پارٹی میں مسائل پر اختلاف نہیں پایا جاتا؟'

'یہ کہہ کر بھٹو صاحب نے اپنے دونوں وزرا سے کہا کہ وہ جا سکتے ہیں۔ ان کے ساتھ میں بھی اٹھنے لگا تو انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے مجھے بیٹھنے کو کہا۔ بھٹو صاحب نے مجھ سے کہا، 'تم سمجھ گئے ہو گے کہ میں نے بزنجو کے بارے میں اپنے وزرا کی موجودگی میں یہ سوال کیوں کیا؟ عبدالحفیظ پیرزادہ اور وزیر داخلہ عبدالقیوم خان نے میانوالی جیل میں تمہارے اور بزنجو کے درمیان ہونے والی گفتگو کی جو انٹیلی جنس رپورٹ دی تھی، اس میں بزنجو نے تمہیں ماسکو سے بلوچستان کے حوالے سے رابطہ رکھنے کی ہدایت دی تھی۔ یہ میرے پاس ان لوگوں کے درمیان ہونے والی گفتگو کا اسکرپٹ لے کر آئے تھے اور تم نے دیکھا کہ جب میں نے یہ سوال کیا تو پیرزادہ کا چہرہ اتر گیا تھا'۔ بھٹو صاحب کہنے لگے کہ 'میں اپنے تجربے کی بنیاد پر پرکھتا ہوں اور جانتا ہوں کہ بزنجو متعصب نہیں۔ وہ اصولوں کی بنیاد پر سیاست کرتے ہیں۔ میں ان کا احترام کرتا ہوں اور اگلی ملاقات میں تم اس کا بزنجو سے ضرور ذکر کرنا'۔ یہ اقتباس بی ایم کٹی کی کتاب 'سکسٹی ایئرز ان ایگزائل' سے لی گئی ہے۔ وزیر اعظم کی حیثیت سے بھٹو صاحب کی بابائے بلوچستان میر بزنجو کے مشیر خاص بی ایم کٹی سے یہ ملاقات جنوری 1975ء میں ہوئی تھی۔ اگلے ہی مہینے فروری میں پشاور یونیورسٹی کی ایک تقریب میں پیپلز پارٹی صوبہ سرحد کے رہنما حیات محمد خان شیرپاؤ کا قتل ہوگیا جس کا ذکر میں اپنے گزشتہ بلاگ میں تفصیل سے کر چکا ہوں۔ ایک طالب علم کی حیثیت سے مجھے یہ کہنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی کہ ہر سیاسی قتل کے پیچھے ایک سازش ہوتی ہے۔ سازشی عناصر مستقبل کے حوالے سے پوری منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم نوابزادہ لیاقت علی خان کو راولپنڈی کے ایک جلسے میں چند فٹ کے فاصلے سے فائرنگ کرکے قتل کروا دیا گیا۔ اس وقت کے پولیس افسران کی کارکردگی دیکھیں کہ سید اکبر نامی افغان نژاد قاتل کو جائے وقوعہ پر ہی گولیوں سے بھون دیا گیا۔ وزیر اعظم لیاقت علی خان کے قتل کا اصل فائدہ کسے پہنچا؟ جسمانی طور پر مفلوج گورنر غلام محمد جنہوں نے پہلی دستور ساز اسمبلی توڑی، انگریز کے پروردہ سیکرٹری دفاع اسکندر مرزا جو بعد میں نام نہاد جمہوریت کی بساط لپیٹ کر 8 اکتوبر 1958ء کو صدر بن گئے اور مارشل لا ایڈمنسٹریٹر بھی یا پھر قیام پاکستان کے بعد ہی سے اقتدار میں آنے کی تیاری کرنے والے فیلڈ مارشل ایوب خان جن کے بارے میں پہلے بھی میں لکھ چکا ہوں۔

جنرل شیر علی خان پٹودی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ انگریز جنرل ڈگلس گریسی جاتے جاتے جنرل ایوب خان کو یہ نصیحت کی تھی کہ پاکستان کے مستقبل کے لیے ضروری ہے کہ وزیر اعظم پر ہمیشہ فوج کے جنرل کی بالادستی رہے۔ ذوالفقار بھٹو کا تو عدالتی قتل ہی ہوا، ان کی صاحبزادی بے نظیر بھٹو کے قتل، ان کے بیٹے میر مرتضیٰ بھٹو کی مبینہ پولیس مقابلے میں موت جبکہ میر شاہنواز بھٹو کی پراسرار موت میں تو اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ساتھ بیرونی سازشی ہاتھ بھی شامل تھا۔ جس دن بے نظیر بھٹو کو راولپنڈی کے لیاقت باغ میں خطاب کرنا تھا، اس دن صبح افغان صدر حامد کرزئی نے زور دے کر کہا تھا کہ وہ جلسے میں نہ جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ طالبان نے چاروں جانب سے خودکش حملے کی تیاری کی ہے۔ مگر بے نظیر بھٹو صاحبہ کی ذہانت اور دانشمندی پر ہمیشہ ان کی ضدی طبیعت غالب رہی۔ صدر آصف علی زرداری کے دور میں جو اقوام متحدہ سے تفتیشی ٹیم آئی تھی، اس نے اپنی تحقیقات کو ایک کتاب 'گیٹنگ آوے ود مرڈر' کے نام سے شائع کیا تھا جو اردو میں 'قاتل پھر بچ نکلا' کے نام سے شائع ہوئی۔ اس میں ان تمام افراد کی نشاندہی کی گئی تھی جو بے نظیر بھٹو کے قتل میں بالواسطہ ملوث تھے۔ بے نظیر بھٹو کے دور میں ان کے بھائی میر مرتضیٰ بھٹو کا بیرون ملک سے آنا اور دن دیہاڑے کراچی کی شارع پر قتل ہو جانا تو ایک کھلی سازش ہی تھی جس کے بعد بے نظیر بھٹو کی حکومت رخصت کردی گئی تھی۔ حیات محمد شیرپاؤ کا قتل بھی ایک ایسی سازش تھی جس نے ملک کا سیاسی نقشہ ہی بدل دیا۔ سقوط ڈھاکا کے بعد نئے پاکستان میں پیپلز پارٹی، نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) اور جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے اتحاد سے جو مخلوط حکومت قائم ہوئی تھی، اگر وہ اپنی مدت پوری کر لیتی تو آج کا سیاسی منظر نامہ مختلف ہوتا۔ اپریل 1973ء میں آئین کی توثیق کے بعد چاروں طرف مسکراہٹیں۔ بائیں طرف سے نظر آنے والے خان عبدالولی خان، شیخ رحیم، سردار شوکت حیات، عبدالحفیظ پیرزادہ اور میر غوث بخش بزنجو (انتہائی دائیں) جبکہ مفتی محمود صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔

پوشیدہ کائنات

انور شاہد

"جب انہیں وارڈ میں منتقل کر دیا گیا تو مجھے بھی اطمینان ہو گیا اور میں گھر جا کر سو گیا۔ رات کو مگر اچانک میری آنکھ کھل گئی۔ گھڑی دیکھی تو صبح کے تین بج رہے تھے اور مجھے وہ خواب بھی یاد تھا جس سے میری آنکھ کھلی تھی۔ میں نے دیکھا تھا کہ وارڈ کے دروازے میں کھڑا ہوں۔ وہ بستر سے اٹھی ہیں اور اترتے ہوئے گر پڑی ہیں۔ ان کے گرنے کی آواز سے کمرے میں باقی مریضوں کی آنکھ کھل گئی ہے۔ ایک مریضہ نے چیخ کر نرس کو آواز دی ہے جو بھاگتی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی ہے۔ میرے برابر سے گزر کر میری اہلیہ کے بستر تک پہنچی ہے اور انہیں ہاتھوں پر اٹھا کر دوبارہ بستر پر لٹا دیا ہے۔ اسی وقت میری آنکھ کھل گئی اور دوبارہ نیند نہیں آئی۔ خدا خدا کر کے صبح ہوئی اور جب بسیں چلنا شروع ہوئیں تو میں پہلی بس سے ہسپتال پہنچا۔ میری اہلیہ سو رہی تھیں۔ میں نے ڈیوٹی پر موجود نرس سے خیریت پوچھی تو اس نے بتایا کہ مریضہ رات کو بستر سے گر گئی تھیں۔ وہ ریسٹ روم جانے کے لیے بستر سے اتر رہی تھیں تو انہیں چکر آ گیا تھا۔ گرنے سے لیکن انہیں کوئی چوٹ نہیں لگی تھی۔ اس واقعہ کو جو کینیڈا میں پیش آیا تھا یہ سطور لکھتے وقت 57 برس ہو گئے مگر میری سمجھ میں آج تک نہیں آیا کہ میری اہلیہ کے ساتھ پیش آنے والا یہ واقعہ میرے لئے اسی وقت خواب میں دیکھ پانا کیسے ممکن ہوا؟" آپ سے یہ سوال کرنے والے اور نصف سے زائد عرصے سے اس کے جواب کی جستجو میں روگرداں یہ کوئی عام شخص نہیں بلکہ کینیڈا کے ایک سائنسدان پروفیسر ڈاکٹر رفیع مصطفیٰ ہیں جن کا تعلق پاکستان سے ہے۔ انہوں نے 1969 میں یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا کینیڈا سے کیمسٹری میں پی ایچ ڈی کیا تھا۔ جس کے بعد وہ برطانیہ، کینیڈا اور پاکستان کی متعدد جامعات میں تدریس و تحقیق کے فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔ ڈاکٹر رفیع مصطفیٰ اس سوال کے جواب کی تلاش سے قبل بھی سائنس کے ساتھ ساتھ فلسفے اور مذہب کے مطالعے میں مصروف رہے ہیں اور ان کی کتاب 'پوشیدہ کائنات' اسی طویل مطالعے کا حاصل ہے جس میں انہوں نے تقریباً سبھی کے ذہن میں اٹھنے والے مختلف نوعیت کے سوالات کا ممکنہ جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ ان کی تحریر کا کمال یہ ہے کہ قاری کو ساتھ لے کر جب وہ کائنات کے اسرار و رموز کی کھوج میں نکلتے ہیں تو ایک ایک کر کے اس کی پرتیں کھولتے چلے جاتے ہیں حتیٰ کہ وہ کھربوں نوری سال کا سفر طے کر کے وہاں پہنچ جاتے ہیں جہاں سے تاریک مادے کی حد شروع ہوتی ہے اور جس سے آگے روشنی کے بھی پر جلتے ہیں۔ اس سے آگے جانا کیونکہ ممکن نہیں اس لئے یہاں پہنچ کر وہ پلٹتے ہیں اور نادیدہ ذرات کا رخ کر لیتے ہیں جن کی عمیق گہرائی تک خوردبین کے ذریعے رسائی بھی ایک حد سے آگے ممکن نہیں۔ ان کے مشاہدات بالآخر ایک ایسی حیرت انگیز دنیا میں لا کھڑا کرتے ہیں جس کی نہ صرف یہ کہ کوئی حد نہیں بلکہ کوانٹم تھیوری کے تحت کچھ بھی یقینی نہیں۔۔۔ یہ وہ کیفیت ہی جو کسی شعر میں ہی بیان کی جاسکتی لیکن شاعر بھی مرزا غالب کے پائے کا ہونا چاہئے جو کہتے ہیں۔۔ہاں کھائیو مت فریب ہستی۔۔ ہر چند کہیں کہ ہے نہیں ہے۔ حد سے عاری بے یقینی کی اس دنیا کا اس بھی بڑا معجزہ یہ ہے کہ لامحدود فاصلے پر بھی ہر ذرہ دوسرے ذرے سے منسلک رہنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ یقیناً پیچیدہ نوعیت کے طبیعاتی و مابعد الطبیعاتی معاملات ہیں جن تک رسائی عام انسانی ذہن کے لئے آسان نہیں۔ لیکن ڈاکٹر رفیع مصطفیٰ نے اپنے وطن کی خاطر جہاں غریبوں کے بچے اردو زبان میں تعلیم حاصل کرتے ہیں یہ مشکل بھی حل کر دکھائی۔ ان کی اس کاوش کو فزکس کے ممتاز پروفیسر ہود بھائی نے جو ایک معروف دانشور بھی ہیں قابل ستائش قرار دیا ہے۔ کتاب کے دیباچے میں انہوں نے اس بات کی بھی تعریف کی ہے کہ سائنسی حقائق بیان کرنے کے ساتھ ساتھ کچھ اہم دریافتوں اور ایجادات کے تاریخی پس منظر بھی کتاب میں شامل کئے ہیں۔ ڈاکٹر رفیع مصطفیٰ نے اپنی کتاب میں ذرے کی گہرائیوں سے لے کر کائنات کی حدود تک کا سفر تو کرواتے ہی ہیں انسانوں کی دنیا میں بھی انہوں نے سقراط سے آئن سٹائن تک فکری سفر کا شاید ہی کوئی سنگ میل چھوڑا ہو۔ علم کے اس دریا کو کوزے میں بند کرنے کی اس مہم کو سر کرنے میں انہیں ایک اور سائنسدان ڈاکٹر کوثر علی سید کا بھی جو این ای ڈی انجینئرنگ یونیورسٹی کے پولیمر و پیٹرو کیمیکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین رہے ہیں تعاون حاصل رہا۔ یہ کتاب جو کینیڈا کے دانشور حلقوں میں زبردست پذیرائی حاصل کرنے کے بعد پاکستان میں بھی شائع ہو چکی ہے اس لحاظ سے ایک منفرد مقام رکھتی ہے کہ اس موضوع پر اردو میں عام فہم زبان میں شاید ہی کوئی اور کتاب دستیاب ہو۔

جتھوں کی حمایت وطن سے دشمنی

امتحان — صوفیہ بیدار

بطور مسلمان ہم سب جانتے ہیں کہ شرعی اور دنیاوی تقاضوں کے مطابق اپنے جان و مال کی حفاظت کرنا ہم سب کا حق ہے اور اگر کوئی یہ حق چھیننے کی کوشش کرے تو اپنے جان اور مال کی حفاظت میں جہاں تک ممکن ہو سکے بازی ماری جائے اور یہ امر مجبوری ہے کہ اپنے تشخص اور بقاء کے لیے جنگ کرنا پڑتی ہے۔ اندرون خانہ بھی جان کی حفاظت انسان پر فرض ہے اگر کوئی اپنے ہی گھر میں محفوظ نہ ہو تو حتیٰ کہ اپنے گھر میں بھی جان کا خطرہ محسوس کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات کرے۔ اسی طرح پورے محلے علاقے گاؤں اور شہروں پر حفاظتی اقدامات کی کئی ہی صورتیں ہیں۔ لوگ گھروں پر چوکیدار کس لیے بٹھاتے ہیں پہرے لگواتے ہیں کیمرے نصب کرواتے ہیں الیکٹرک بار لگواتے ہیں گھروں سے باہر محلے میں مشترکہ چوکیدار رکھے جاتے ہیں۔ پورے شہر کا ایک حفاظتی نظام شروع سے رائج ہے۔ جو اب "سیف سٹی" جیسے نظام تک ترقی کر گیا۔ یہ سلسلہ دراز ہوتا ہوا صوبائی اور وفاقی سرحدوں تک چلتا ہے۔ باڑیں مورچے اور سرحدیں متعین ہوتی ہیں ایک دوسرے کی طرف دراندازی کرنا ایسا ہی ہے جیسے گھروں میں "ٹرس پاس" کرنا۔ ہم اپنے محفوظ گھر میں ہر آنے والے اجنبی سے "الرٹ" رہتے ہیں اور غیر قانونی یا چور دروازے سے آنے والے کو اپنے بچاؤ میں جنگ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ ہمارا مذہب بھی غلط طریقے سے وار کرنے گھر میں گھسنے والے کا ساتھ نہیں دیتا لہٰذا یہ تاثر دینا کہ مسلمان کو مسلمان سے نہیں لڑنا چاہیے عام حالات میں تو ٹھیک ہے۔ مگر جو آپ کے گھر میں آکر بعینہ آپ کے وطن میں آکر بے گناہ لوگوں کو بارود و گولی کا نشانہ بنائے وہ آپ کا دوست کیسے ہو سکتا ہے۔ وطن عزیز پاکستان بھی اپنے ریاستی حق کو استعمال کرتے ہوئے افغان طالبان کو سبق سکھانے کا حق رکھتا ہے۔ اس ضمن میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ وطن دشمن بیرونی عناصر کے ساتھ ساتھ جو غدار وطن ان بیرونی حملہ آوروں کیلئے نرم گوشہ رکھے۔ ان کے سدباب کیلئے ریاست کے ہمراہ نہ ہو وہ بھی "خوارج" ہی کے زمرے میں آتا ہے افغان طالبان نے جس طرح مقامی "جتھوں" کو اسلحہ اور دیگر جنگی سہولتیں فراہم کی ہیں ان کی وجہ سے پاکستان میں دہشتانہ کارروائیوں کو بے پناہ فروغ ملا ہے۔ ایسے میں پاکستان کا ان مذموم عزائم والوں سے جنگ کرنا کس طرح اخلاقی ریاستی و مذہبی لحاظ سے غلط ہے؟ جبکہ مذہب ریاست کی عملداری کو فوقیت دیتا ہے جیسا کہ اقبال نے کہا تھا

فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرون دریا کچھ نہیں

یعنی اقبال عین فلسفہ اسلام کو مدنظر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ ریاست ہی اہم ہے فرد واحد ریاست مخالف فیصلے نہیں لے سکتا اس طرح انسانی جان بھی صرف خدا کی امانت ہے لہٰذا غالب نے کیا خوب کہا ہے۔

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

خوارج کے ذریعے پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعات کو روکنا ریاست نہیں تو اور کس کا فرض ہے جبکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ افغانی ان حملوں میں براہ راست شریک ہیں۔ کیا پاکستان بھارت کرکٹ میچ کے دوران افغان دشمنی تملا ہر کسی کو دکھائی نہیں دی جب ایم کیو ایم کا لیڈر ایک نعرہ "پاکستان مردہ باد" لگا کر پاکستان سے ہمیشہ کیلئے فارغ ہو چکا مسلمان ہوتے ہوئے بھی۔

جب بھارت سے ہماری جنگ ہوتی ہے تو وطن کی حفاظت میں ہمارے جوان سرحدوں پر جان کی قربانی دیتے ہیں کیوں کہ دوسری طرف صرف اور صرف دشمن نظر آتا ہے جبکہ دہشت گردوں کا اسلام جیسے پرامن مذہب سے تعلق کیسے ہو سکتا ہے؟ یہ لوگ اپنے مفاد اپنی دشمنی میں دہشت گردی پھیلاتے ہیں اور جب جواب ملتا ہے تو پیچھے مذہب کارڈ استعمال کرتے ہیں۔ بطور محب وطن ہمیں اپنے لوگوں کا بہتا لہو نظر آتا ہے اور وطن عزیز میں "بین" کرتی مائیں، جوان بیوائیں، یتیم بچے پہلے دکھائی دیتے ہیں۔ جوان افغانی دہشت گردوں کی دہشت گردی کا نشانہ بنے صرف 2025 میں پاکستان میں ہونے والے 2809 حملوں میں 126 افغانی مارے گئے جن میں 8 خودکش حملہ آور افغانی تھے پاکستانیوں کا قتل کرنے والوں سے ہمدردی رکھنے والوں سے سوال بنتا ہے کہ پھر بھارتی مسلمانوں (جو جنگ میں پاکستان کے خلاف بیان دیتے ہیں) کو مدنظر رکھ کر بھارت سے بھی ہمیں کیا چپ چاپ "پھینٹی کھانی چاہیے"؟ وہاں ان خوارج کے ہمدردوں کی زبانیں کیوں چپ رہتی ہیں۔ اپنے مقاصد کی آبیاری کی خاطر مذہب کو استعمال کرنا اور سیدھے سادھے مسلمانوں کو بے وقوف بنانا کس زمرے میں آتا ہے؟

ہم بھی سمجھتے ہیں کہ جنگ کوئی بہت خوبصورت چیز نہیں لہٰذا پاکستان نے پچھلے پانچ سالوں میں متعدد بار افغان حکومت کو یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ وہ "فتنہ الخوارج" کی سرپرستی سے ہاتھ اٹھالیں افغانی دراندازی روکنے کیلئے وزیر دفاع اور ڈی جی آئی ایس آئی خود دو مرتبہ دورے کر چکے ہیں، سفارتی سطح پر پانچ دورے اسی طرح سیکرٹری خارجہ سیکیورٹی ایڈوائزر، جوائنٹ کوآرڈینیشن کمیٹی متعدد دورے کر چکے ہیں اس ضمن میں سینکڑوں احتجاجی مراسلے بھی ارسال کیے جا چکے ہیں۔ پاکستان کی ان تمام کاوشوں کے باوجود افغان حکومت نے فتنہ الخوارج کی سرپرستی ترک نہیں کی بلکہ جب پاکستان نے افغان حکومت سے مایوس ہو کر خود فتنہ الخوارج کی بیخ کنی کی تو دس اور گیارہ اکتوبر اور پھر بارہ اور تیرہ اکتوبر کو پاکستان پر بلا اشتعال حملے شروع کر دیے یہ وہ عرصہ تھا جب افغان لیڈر ملا متقی بھارت کے دورے پر تھا

افغانستان جو ہم نے دیکھا

اظہار خیال — ایاز امیر



1979ء کے موسم بہار میں قائداعظم یونیورسٹی کی دو طالبات کے ساتھ اسلام آباد کے کسی کیفے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک بات کابل جانے کی چھڑی اور اگلے دو تین روز میں ہم پشاور کے جی ٹی ایس اڈے پر کابل کے ٹکٹ خرید رہے تھے۔ اُس وقت 32 روپے کا ٹکٹ تھا پشاور سے کابل تک۔ کابل کا سفری راستہ بہت خوبصورت ہے اور جلال آباد کے بعد جو ایک پہاڑی سلسلہ شروع ہوتا ہے بہت ہی دلکش۔ شام کے قریب کابل پہنچے کوئی بکنگ نہیں تھی کوئی ہوٹلوں کا پتا نہ تھا لیکن اڈے پر ہی پوچھتے ہوئے ایک درمیانے ہوٹل میں پہنچ گئے جہاں پر ایک کمرہ بک کرلیا۔

جوانی کے دن تھے سفر کی تھکاوٹ نے ہمیں کیا کہنا تھا۔ گھومتے گھماتے ایک ریسٹوران کی بتیاں دیکھیں تو چلی گئیں اور اندر قدم رکھا۔ اٹالین ریسٹوران تھا اور ظاہر ہے کھانا بھی اطالوی قسم کا تھا۔ اُس زمانے میں نور محمد ترکئی کی بغاوت ہو چکی تھی اور کابل پر حکومت کیمونسٹوں کی تھی۔ ظاہر ہے خواتین کے لباس پر کوئی قدغن نہ تھی اور حجاب یا دوپٹہ نام کی چیز خواتین کے سروں پر نظر نہیں آتی تھی۔ جس ریسٹوران میں ہم بیٹھے تھے ادھر اُدھر بڑی خوبرو دوشیزائیں اور خواتین بیٹھی تھیں۔ لیکن حیرانی اس بات پر ہوئی کہ انہیں گھور گھور کے کوئی نہیں دیکھ رہا تھا۔ خواتین اپنی گپوں میں لگی ہوئی تھیں اور جہاں مرد بیٹھے تھے اپنی گفتگو میں محو تھے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ سامان شب کے بارے میں کوئی ممانعت قسم کی چیز نہ تھی۔ اطالوی کھانے کے ساتھ مخصوص مشروب کا استعمال ہوتا ہے اور ہم نے دیکھا کہ ہر میز پر کسی نہ کسی قسم کے مشروبات موجود تھے۔ عام پاکستانی تصور یہ ہے کہ جہاں ایسا ماحول ہو وہاں غل غپاڑا اور بے تکی ایکٹنگ ضروری ہوتی ہے۔ یہ ہماری مختلف اقسام کی محرومیوں کا نتیجہ ہے۔ جیسے بھوکا آدمی ہمیشہ دعوتوں اور ضیافتوں کے خواب دیکھتا رہتا ہے پاکستان کی سوشل محرومیوں کی وجہ سے مرد حضرات کے ذہنوں پر خاص قسم کے تصورات حاوی رہتے ہیں۔ عام پاکستانی تصور کے برعکس ریسٹوران کا ماحول نہایت ہی شائستہ تھا۔ غل غپاڑا تو دور کی بات کوئی اونچی آواز میں بات نہیں کر رہا تھا۔ ہاں چہروں پر خوشگوار تاثرات نظر آتے تھے اور قہقہے لگتے بھی تو مہذب انداز سے۔ پیسے ہمارے پاس کچھ اتنے زیادہ نہ تھے لیکن اتنے تھے کہ سامان شب کی طلب پوری ہوتی گئی اور جب ریسٹوران سے باہر قدم رکھا تو محسوس کیا کہ قدم ذرا ہلکے انداز میں ادھر اُدھر جا رہے ہیں۔

پانچ چھ دن ہم کابل رہے لیکن کیا حسین اور یادگار وہ دن تھے۔ دن کے وقت بازاروں میں جاتے روایتی قسم کے افغان شلوار قمیص اور روایتی لباس میں زمین پر بیٹھے ٹھیلا لگائے ہوتے اور پاس سے فراک اور مغربی لباس پہنے خواتین گزرتیں اور میں قسم کھا کے کہہ سکتا ہوں کہ کسی ٹھیلے والے کسی دکاندار یا راہگیر کی نظر اس طرح اُن کی طرف نہ اٹھتی جیسا کہ ہمارے ملک میں معمول بن گیا ہے۔ وہاں کسی برقع کی قطعاً ضرورت نہ تھی لیکن یہاں کے حالات دیکھیں تو کہنا پڑتا ہے کہ بازاروں میں خواتین کیلئے برقع ضروری لباس لگتا ہے۔

دوپہر کسی سینما گھر چلے جاتے اور کوئی ہندوستانی پکچر جو کہ وہاں بہت مقبول تھیں دیکھ لیتے۔ آج تو اردو کابل میں عام ہو چکی ہے لیکن اُس زمانے میں اتنے لوگ اردو نہ بولتے تھے۔ ہمیں دری آتی نہ تھی لہٰذا جہاں انگریزی نہ چلتی بات تھوڑی مشکل ہو جاتی لیکن کلچر وغیرہ میں زیادہ فرق نہ تھا اور گزارہ ہو ہی جاتا۔ کابل کے وسط میں وہاں کی منی چینجر مارکیٹ تھی۔ قدیم عمارت جس کی سیڑھیاں لکڑی کی تھیں اور دو تین منزلوں پر محیط تھی۔ پہلی منزل پر ہم گئے روپوں کو تبدیل کرنے کیلئے جو پہلی دکان دیکھی وہیں اندر ہو لیے۔ روپے چینج کروائے اور شاید چونکہ ساتھ ہمارے دو خواتین تھیں تو سردار جی جو دکان کے مالک تھے گفتگو میں پڑ گئے۔ اچھی خاصی بے تکلفی ہوگئی اور انہوں نے شام کو گھر کھانے پر بلا لیا۔ اُن کے ہاں بیٹھے ہم کرسیوں پر لیکن جوتے کمرے کے باہر اُتارے۔ میزبانی کے فرائض حسب دستور ادا کیے گئے یعنی آتے ہی سامان شب کا اہتمام ہوا اور ساتھ اُس کے کابل کے کٹے ہوئے سیب۔ کابل میں ایک اور چیز نظر سے گزری کہ چھوٹے چھوٹے ریسٹورانوں میں بھی کھانا کسی اہتمام کے ساتھ کھایا جاتا۔ یعنی پیالے میں شوربا ہوتا تو ساتھ ہی کابلی پلاؤ اور پھر آخر میں سبز قہوہ کابلی طرز کا جو بہت ہی مزیدار ہوتا ہے اور یہاں ملنا خاصا مشکل۔ مطلب یہ کہ کھانے کا انداز مہذب دیکھا یہاں جیسا نہیں کہ روٹی کھائی اور اوپر سے غٹ غٹ پانی کا ایک گلاس انڈیل لیا۔

ترکئی حکومت کا قبضہ شہروں پر تو جم چکا تھا لیکن دیہاتی علاقوں میں بغاوت شروع ہو گئی تھی۔ وہی بغاوت جس نے بعد میں نام نہاد افغان جہاد کی شکل اختیار کی۔ لہٰذا یہ کوئی عجوبہ نہ تھا کہ جو دن ہم نے وہاں گزارے اُن میں دو تین بار حکومتی ریلیاں دیکھیں جن میں نوجوانوں کے ساتھ ساتھ نوجوان خواتین بھی شامل ہوتیں مغربی لباس میں لیکن کسی ایسے ماحول کا شائبہ نہ ہوتا جو ہمارے ہاں معمول بن جاتا ہے جہاں خواتین موجود ہوں۔ کابل کا حسن پھر اپنا ہی حسن ہے اور وہ دیکھ کر ہم اش اش کرتے لیکن بغاوت کی شروعات کے باوجود کابل کا ماحول اُس زمانے میں صرف پرسکون ہی نہیں دلفریب بھی تھا۔ امریکی مداخلت اور ڈالروں کی بدولت کابل آج ایک بدنما شہر بن چکا ہے۔ لیکن جس زمانے کی بات ہو رہی ہے کابل نہایت ہی خوبصورت اور پرانے طرز کا شہر تھا۔ کیا نظر بد اُس دھرتی کو لگی ہے۔ شروع کی غلطی افغانوں کی اپنی تھی۔ سردار داؤد کو کیا پڑی تھی کہ اپنے کزن شاہ ظاہر شاہ کا تختہ الٹاتا۔ کچھ سال تو سردار داؤد نے حکمرانی کی لیکن 1978ء میں کمیونسٹ خیالات رکھنے والے فوج اور ایئرفورس کے افسروں نے نور محمد ترکئی کی جماعت کے ساتھ مل کر بغاوت کی اور اقتدار پر قبضہ کرلیا۔ اُس بغاوت میں سردار داؤد مارا گیا اور اُس کے بعد آج تک اُس خوبصورت دھرتی کو امن اور چین نصیب نہیں ہوا۔

ترکئی کی بغاوت کے نتیجے میں افغانستان کی اشرافیہ ترک وطن کرنے لگی اور ہماری یاترا کے وقت یہ انخلا تقریباً مکمل ہو چکا تھا۔ لیکن اتنا کہنا پڑتا ہے کہ پرانی افغان اشرافیہ کے طور طریقے اُس زمانے میں ہم نے کہیں دیکھے تو اُس سے پتا چلتا تھا کہ اُن کی تہذیب اُن کے اطوار یا یوں کہیے ناز نخرے ہماری کھوکھلی اشرافیہ سے کہیں افضل تھے۔ اُس کی وجہ شاید یہ تھی کہ جس طرح کی غلامی ہندوستان نے دیکھی وہ افغانستان کے نصیب میں نہ آئی۔ جنگوں میں انگریز کابل تک تو پہنچے لیکن ہر بار انہیں پسپا ہونا پڑا۔ افغانستان کی شورشوں نے پرانی اشرافیہ اور بادشاہت کے تمام اثرات مٹا دیے اور اُن کی جگہ وہ مولویانہ کلچر پیدا ہوا جس کے مناظر آج افغانستان میں (اور پاکستان میں بھی) نمایاں ہیں۔

پاک افغان امن، تجارت اور آئی ایم ایف

دسترس — میاں عمران احمد

امن صرف بندوقوں کے خاموش ہونے کا نام نہیں یہ دلوں کے کھلنے اور معیشت کے جاگنے کا پیغام بھی لاتا ہے۔ جب سرحد کے دونوں طرف خوف کے بادل چھٹتے ہیں تو کاروبار کے افق پر امید کے ستارے جھلملانے لگتے ہیں۔ امن معاہدہ صرف سرحدی کشیدگی ختم نہیں کرتا معیشت کے دروازے بھی کھولتا ہے۔ ترقی اس وقت ہوتی ہے جب ہمسایہ ممالک حریف نہیں بلکہ تجارتی شراکت دار ہوں۔

کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کیلئے علاقائی امن کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ خصوصی طور پر ہمسایہ ممالک کے ساتھ خوشگوار تعلقات کو معاشی ترقی کا بڑا ضامن سمجھا جاتا ہے۔ ترقی کبھی تنہائی میں جنم نہیں لیتی۔ وہ تب آتی ہے جب ہمسایے دیوار نہیں دروازہ بن جائیں۔ یورپ کی ترقی کی سب سے بڑی وجہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہترین سماجی، سیاسی، اخلاقی، دفاعی اور معاشی تعلقات ہیں۔ ترقی کا یہ سبق انہوں نے کئی دہائیوں بلکہ صدیوں کی جنگوں کے تجربات کے بعد حاصل کیا۔ پاکستان بھی ہمسایہ ممالک کے ساتھ ہر شعبے میں اچھے تعلقات کا خواہاں ہے لیکن ازلی دشمن بھارت کسی نہ کسی جنگی محاذ پر پاکستان کو پھنسا کر رکھنا چاہتا ہے تاکہ پاکستان میں معاشی استحکام نہ آسکے۔ موجودہ حالات میں افغانستان بھارت کی پراکسی کے طور پر کام کرتا دکھائی دے رہا ہے شاید اس لیے ریاست پاکستان نے فیصلہ کن کارروائیوں کا آغاز کیا تاکہ شرپسند عناصر کو جڑ سے ختم کیا جاسکے اور ایک ایسے معاہدے تک پہنچا جائے جس سے پاکستان میں افغانستان کے ذریعے کی جانے والی دہشت گردی کو روکا جاسکے۔ پاکستان کی بہترین حکمت عملی سے پاکستان اور افغانستان میں جنگ بندی مذاکرات کا پہلا مرحلہ کامیاب ہو گیا ہے۔ مذاکرات کا دوسرا دور 25 اکتوبر کو ترکیہ میں ہوگا۔ پاکستان اور افغانستان کے مابین امن اور دوستانہ تعلقات کے ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ جب سے پاک افغان حالات کشیدہ ہوئے ہیں پاکستان سٹاک ایکسچینج گراوٹ کا شکار ہے۔ بدامنی کے حالات میں مقامی اور بیرونی سرمایہ کار ہاتھ کھینچ لیتے ہیں۔ جو مارکیٹ تین ماہ سے مسلسل مثبت نتائج دے رہی تھی اسے پچھلے تقریباً پندرہ دنوں سے منفی رجحان کا سامنا ہے۔ دو سالوں میں کے ایس ای 100 انڈیکس میں دو سو فیصد سے زائد اضافے نے ملکی کمپنیوں کے اثاثوں میں اربوں روپے کا اضافہ کیا، عام آدمی نے بھی اس سے فائدہ اٹھایا۔ 2023ء میں روزانہ کیش ٹریڈنگ حجم تقریباً 323 ملین شیئرز رہا، جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں تقریباً 41 فیصد زیادہ تھا۔ اسی طرح مالی سال 2024ء میں روزانہ کی اوسط ٹریڈ ویلیو تقریباً 22 ارب 70 کروڑ روپے تھی جبکہ مالی سال 2023ء میں یہ تقریباً 10 ارب روپے تھی۔ 2023ء میں مارکیٹ کیپٹلائزیشن تقریباً 6369 ارب تھی جبکہ 2024ء میں یہ 10 ہزار 374 ارب روپے تک پہنچ گئی۔ مالی سال 2024-25ء کے دوران پاکستانی روپوں میں تقریباً 58.6 فیصد اور ڈالرز میں تقریباً 55.5 فیصد منافع ہوا۔ یعنی غیرملکی سرمایہ کاروں کیلئے بھی یہ اچھا موقع رہا۔ چار اکتوبر تک مارکیٹ ایک لاکھ 69 ہزار پوائنٹس تک بڑھ چکی تھی لیکن افغانستان کے ساتھ حالیہ کشیدگی کے بعد مارکیٹ تقریباً ایک لاکھ 63 ہزار تک گر گئی۔ پاک افغان امن معاہدے کے بعد مارکیٹ میں دوبارہ تیزی آئی اور گزشتہ روز یہ ایک لاکھ 66 ہزار پوائنٹس پر بند ہوئی۔ جلد ہی یہ پرانی حد پر بحال ہو سکتی اور نئے ریکارڈ قائم کر سکتی ہے۔ دوسری جانب امن معاہدے کے بعد پاک افغان تجارت کی مالیت ڈیڑھ ارب ڈالرز سے بڑھ کر تین ارب ڈالر سالانہ تک پہنچ سکتی ہے۔ سیمنٹ، ٹیکسٹائل، ادویات، خوراک اور دیگر اشیائے منڈیوں تک پہنچ سکتی ہیں جبکہ افغانستان کیلئے بندرگاہوں تک آسان، سستے اور محفوظ راستے کھل سکتے ہیں۔ جب سرحدیں محفوظ ہوتی ہیں تو غیر قانونی راستے بھی بند ہونے لگتے ہیں۔ ڈیزل، ڈالر اور اشیائے خورونوش کی سمگلنگ پاکستان کے زرمبادلہ کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ امن اور بہتر بارڈر مینجمنٹ سے یہ نقصان کم ہو سکتا ہے اور ملکی معیشت کو سالانہ تقریباً ایک ارب ڈالر تک کا فائدہ ہو سکتا ہے۔ دنیا اب لڑنے والوں کے ساتھ نہیں امن لانے والوں کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے۔ امن معاہدے سے پاکستان کا عالمی امیج بہتر ہو سکتا ہے۔ آئی ایم ایف اور عالمی بینک جیسے اداروں کیلئے پاکستان ایک زیادہ مستحکم ملک کے طور پر ابھر سکتا ہے۔

اگر آئی ایم ایف کی بات کریں تو اہم معاملات پر اتفاق کے باوجود معاملات اب بھی نازک موڑ پر ہیں۔ مبینہ طور پر آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان کچھ معاملات طے نہیں ہو پا رہے۔ پاکستان کیلئے آئی ایم ایف کا یہ پروگرام محض ایک قرض نہیں بلکہ اعتماد کا امتحان بھی ہے۔ سٹاف لیول معاہدہ تو ہو چکا لیکن بورڈ کی منظوری اور 1.2 ارب ڈالر قسط کی وصولی پر ابھی سوالیہ نشان ہے۔ وزیر خزانہ ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کر چکے اور توقع کر رہے ہیں کہ سال کے آخر تک آئی ایم ایف کی نئی قسط مل سکتی ہے۔ یعنی ابھی کپ کو لبوں تک آنے میں وقت لگے گا۔ وزیر خزانہ کا یہ بھی بیان سامنے آیا کہ آئی ایم ایف پاکستان کے مفادات کے خلاف شرائط نہیں لگا سکتا۔ یہ بیان انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر خزانہ کو یہ واضح کرنا چاہیے کہ آئی ایم ایف نے کن ملکی مفادات کے خلاف شرائط کی بات کی ہے۔ یہ معاملہ کچھ سنجیدہ دکھائی دیتا ہے اور ابہام سرمایہ کاروں میں بے چینی پیدا کر سکتا ہے۔ بظاہر اس وقت پاک امریکہ تعلقات چوٹی پر ہیں لہٰذا کسی تعطل کا امکان ہونا تو نہیں چاہیے۔ آئی ایم ایف کے فیصلوں پر امریکہ اثر انداز ہو سکتا ہے۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ ضروری نہیں کہ نئی قسط رواں سال ہی مل جائے یہ تاریخ بڑھ بھی سکتی ہے۔ شاید کچھ وعدے کیے گئے تھے جنہیں نبھایا نہیں جا رہا اور کچھ معاملات کی مکمل وضاحت فراہم نہیں کی جا سکی۔ پچھلے دو مالی سالوں کی درآمدات، کسٹمز اور بینکنگ ریکارڈز میں تقریباً 11 ارب ڈالر کا فرق سامنے آیا ہے، جس نے آئی ایم ایف کے اعتماد کو جھنجھوڑا ہے۔ مختلف دعوے کیے جا رہے کہ آئی ایم ایف کو دو سال بعد کیسے پتا چل گیا، شاید کسی نے مخبری کی ہے یا معاملہ کچھ اور ہے۔ درحقیقت یہ فرق تین اداروں کے اعداد و شمار میں مطابقت نہ ہونے کی وجہ سے سامنے آیا۔ پاکستان سنگل ونڈو، PRAL اور سٹیٹ بینک کے اعداد و شمار میں عدم مطابقت پائی جاتی ہے۔ امپورٹ کا ڈیٹا ہی میچ نہیں کر رہا۔ لیکن حکومت پر پہلے بھی اعداد و شمار کے ہیر پھیر کے الزامات لگتے رہے ہیں اس بار شاید جادو چل نہیں سکا۔ یا تو یہ غیر قانونی درآمدات تھیں، انڈر انوائسنگ تھی یا یہ منی لانڈرنگ کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ بہرکیف کہا جا رہا ہے کہ یہ محض ڈیٹا رپورٹنگ کی تکنیکی غلطی ہے لیکن آئی ایم ایف بظاہر یہ ماننے کو تیار نہیں۔ یہ معاملہ ملک کے مالیاتی نظم، شفافیت اور کرنسی فلو پر ایک سنگین چیلنج بن کر سامنے آ سکتا ہے۔

پنجگور، ڈی ایچ او سے ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد، محمد خالد مندوخیل ملاقات کررہے ہیں دوسری جانب لیڈی ہیلتھ ورکرز کو ڈینگی بخار سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی دے رہے ہیں

پنجگور، ڈینگی سے بچاؤ کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے آگاہی مہم جاری

عوام کو احتیاطی تدابیر اپنانے اور صفائی کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت

ماحولیاتی صفائی اور ذمہ داری سے ڈینگی کے خطرات سے بچاؤ ممکن ہے، نثار احمد

کوئٹہ + پنجگور (جنرل رپورٹر) محکمہ صحت بلوچستان کے زیر اہتمام ہیلتھ ایجوکیشن کی جانب سے ضلع پنجگور میں ڈینگی بخار سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہی مہم جاری ہے۔ اس سلسلے میں ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد اور محمد خالد مندوخیل نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) پنجگور سے ملاقات کی اور مہم کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران ڈی ایچ او پنجگور نے ڈینگی کے بڑھتے ہوئے خطرات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موسمی تبدیلیوں کے باعث ڈینگی وائرس کے پھیلاؤ کا خدشہ بڑھ جاتا ہے، لہٰذا ضروری ہے کہ عوام احتیاطی تدابیر پر عمل کریں اور گھروں، دفاتر و اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلے پانی کے ذخائر، گملوں، ٹائروں اور نالیوں میں پانی جمع نہ ہونے دیا جائے تاکہ ڈینگی مچھر کی افزائش کو روکا جا سکے۔ ہیلتھ ایجوکیشن افسران نثار احمد اور محمد خالد مندوخیل نے بتایا کہ ضلع پنجگور میں ڈینگی سے بچاؤ کے لیے جامع آگاہی پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) اور لیڈی ہیلتھ سپروائزرز (LHS) کو خصوصی تربیت فراہم کی گئی ہے۔ ان ورکرز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ کمیونٹی میں جا کر زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ڈینگی سے بچاؤ کی تدابیر سے آگاہ کریں اور گھروں میں مچھر کش اسپرے، مچھردانیاں اور صفائی کے عمل کو فروغ دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈینگی سے بچاؤ ممکن ہے اگر عوام ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے ماحول کو صاف رکھیں اور علامات ظاہر ہونے پر فوری قریبی ہیلتھ سینٹر سے رجوع کریں۔ محکمہ صحت نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حکومتی اقدامات میں بھرپور تعاون کریں تاکہ ڈینگی جیسے موذی مرض پر قابو پایا جاسکے۔

محکمہ صحت کے زیر اہتمام ورلڈ پولیو ڈے کے موقع پر تقریب کا انعقاد

افسران، ماہرین طب اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت

دالبندین (نامہ نگار) محکمہ صحت چاغی اور آئی آر سی کے زیر اہتمام ورلڈ پولیو ڈے کے موقع پر تقریب کا انعقاد محکمہ صحت چاغی اور انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی (آئی آر سی) کے زیر اہتمام ورلڈ پولیو ڈے کے حوالے سے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں محکمہ صحت کے افسران، ماہرین طب اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ پروگرام سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جاوید حسن سیاہ پاد، وہاب بلوچ (پی پی ایچ آئی آفیسر)، عبدالحفیظ سنجرانی فیلڈ ایسوسی ایٹ یو این ایچ سی آر چاغی، دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پاد، حبیب اللہ مینگل پروگرام آفیسر آئی آر سی جلیل بلوچ کمیونیکیشن آفیسر یوسف چاغی نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پولیو ایک ایسا موذی مرض ہے جو اگر کسی کو لاحق ہو جائے تو متاثرہ فرد پوری زندگی کے لیے معذور ہو سکتا ہے۔ دنیا کے بیشتر ممالک سے پولیو کا خاتمہ ہو چکا ہے، تاہم اب بھی صرف پاکستان اور افغانستان میں یہ وائرس موجود ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو سمیت 12 بیماریاں ایسی ہیں جو ایک شخص سے دوسرے میں منتقل ہو سکتی ہیں، اس لیے ہمیں سماجی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے بچوں کو ویکسین ضرور دلوانی چاہیے۔ مقررین نے کہا کہ پاک افغان بارڈر کی وجہ سے لوگوں کی نقل و حرکت زیادہ ہے، مگر اس کے باوجود ہمیں اپنی سماجی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ مقررین نے کہا کہ پولیو کے زیادہ تر کیسز افغان مہاجرین کے ذریعے منتقل ہوئے ہیں، اس لیے بارڈر ایریاز میں خصوصی اقدامات کی ضرورت ہے۔ تقریب میں ڈاکٹر جاوید حسن سیاہ پاد ڈپٹی ڈی ایچ او چاغی نے شرکاء کو بتایا کہ پولیو اور خسرہ روبیلا ویکسینیشن مہم 17 سے 29 نومبر تک جاری رہے گی جس کے دوران پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے اور 6 ماہ سے 5 سال تک کے بچوں کو خسرہ اور روبیلا کے ویکسین لگایا جائے گا جس کے لیے محکمہ صحت کے ذریعے تیاریاں جاری ہیں۔ مقررین نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ انہیں ہمیشہ کے لیے معذوری سے بچایا جا سکے۔ ورلڈ پولیو ڈے کے موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پولیو کے خاتمے کے لیے آگاہی پھیلانے اور ویکسینیشن مہم میں بھرپور تعاون کریں گے۔ تقریب میں ڈاکٹر امان اللہ سنجرانی آر آر سی مانیٹرنگ آفیسر عبدالودود نوتیزئی، کمیونٹی آفیسر آر آر سی قبائلی عمائدین حاجی عبدالرؤف نوتیزئی، حاجی نور علی سنجرانی، میر ریاض جان سنجرانی بابرکت فاؤنڈیشن کے وائس چیئرمین وقار ریکی میر تنویر خان سنجرانی میر ابراہیم ریکی محمد اقبال ریکی، کوچ عبدالواحد اور دیگر موجود تھے

ایس پی اوستہ محمد کا ڈکیتی کی وائرل ویڈیو پر فوری ایکشن

فیض آباد (این این آئی) ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی نے گزشتہ روز ایری لاڑہ روڈ پر ہونے والی ڈکیتی کی وائرل ویڈیو کا سخت نوٹس لے لیا۔ ایس پی نے واقعہ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد، ایس ایچ او تھانہ سٹی اور انچارج 15 مددگار اوستہ محمد کو فوری دفتر طلب کیا۔ ایس پی غلام حسین باجوئی نے ابتدائی انکوائری کے بعد محکمہ جاتی کارروائی کے احکامات جاری کرتے ہوئے 15 پر موجود دو سنتری معطل کرتے جبکہ انچارج 15 مددگار کو شوکاز نوٹس جاری کیا۔ مزید برآں ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد اور ایس ایچ او تھانہ سٹی سے تحریری جواب طلبی کے احکامات دیے گئے۔ ایس پی غلام حسین باجوئی نے واضح کیا کہ غفلت یا لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ملزمان کو 5 یوم کے اندر اندر ٹریس کر کے گرفتار کیا جائے۔

منشیات کی لعنت سے نوجوانوں نسل کا مستقبل تباہ ہو رہا ہے

اوستہ محمد (آن لائن) منشیات نے نوجوان نسل کو تباہ کر دیا نوجوانوں نسل مستقبل کے معمار تباہ ہو رہے ہیں پولیس کی کوئی توجہ نہیں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کی جائے عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق عوامی حلقوں اور شہریوں نے شکایت کی کہ شہر میں منشیات آئس، ہیروئن، چرس، شیشہ جیسی خطرناک منشیات کی سرعام اڈے چل رہے ہیں اور نوجوان نسل تباہی کے کنارے ہیں یہی منشیات فروش چوریاں کرتے ہیں والدین نے بھی میڈیا والوں کو شکایت کی کہ خدارا میڈیا والے ایکشن لیں تاکہ پولیس کارروائی کرے اور نئی نسل مستقبل کے معماروں کو بچائے تو جوان تباہ ہو رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال نے چارج سنبھال لیا

استامحمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے چارج سنبھال لیا تفصیلات کے مطابق آج محمد رمضان پلال نے ڈپٹی کمشنر ضلع استامحمد کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر اپنے فرائض کی انجام دہی کا آغاز کر دیا ہے اس موقع پر انہوں نے اپنے ماتحت افسران اور عملے سے ملاقات کی اور کہا کہ تمام سرکاری اہلکار اپنی ذمہ داریاں خلوص نیت، ایمانداری اور پوری تندہی کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کے مسائل کے بروقت حل کے لیے وقت کی پابندی اور دفتر میں حاضری کو یقینی بنایا جائے، تاکہ عوام الناس کو کسی قسم کی پریشانی یا تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی خدمت ہمارا اولین فریضہ ہے، اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بلوچستان کا گرین بیلٹ حکام کی عدم توجہی کے سبب اجڑ رہا ہے

کھیر تھر کمانڈ کے بڑے اسٹیک ہولڈر کو پانی کی بوند بوند کو ترسایا جا رہا ہے

زمینداروں سے گزشتہ دو دہائیوں سے جاری ناانصافی کی سمجھ میں نہیں آرہی

استامحمد (نمائندہ خصوصی) سابق ڈی ایچ او اور معروف قبائلی رہنما ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا گرین بیلٹ حکام کی عدم توجہی اور مبینہ غفلت کے سبب اجڑ رہا ہے کھیر تھر کمانڈ کے بڑے اسٹیک ہولڈر کو پانی کی بوند بوند کے لئے ترسایا جا رہا ہے ٹیل کے زمینداروں کے ساتھ گزشتہ دو دہائیوں سے جاری ناانصافی کی کوئی منطق سمجھ میں نہیں آرہی انہوں نے مشرق سے بات چیت کے دوران کہا کہ مین کھیر تھر کینال کا ڈسٹری بیوشن سسٹم عملاً فلاپ ہو چکا ہے با اثر زمینداروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں چھوٹے اور غریب زمینداروں کا کوئی پرسان حال نہیں انہوں نے کہا تحصیل گنداخہ کی نہریں ڈسٹریز اور شاخیں ربیع اور خریف دونوں سیزن میں خالی رہتی ہیں جبکہ اپر ڈویژن میں وہاں کے زمیندار سو فی صد اراضی کاشت کر رہے ہیں ٹیل تک پانی کی فراہمی میں دانستہ رکاوٹیں ڈال کر بڑے اور با اثر زمینداروں کو اگلے حصے سے کئی گنا اضافی پانی دیا جا رہا ہے ڈاکٹر رحیم رخشانی نے کہا کہ ایک تو نااہل اریگیشن اسٹاف اور عملے کے ہاتھوں کھیر تھر کینال کو یرغمال بنایا گیا ہے فیلڈ اسٹاف پانی کی مبینہ فروخت سے مال بٹور رہا ہے جبکہ ٹیل کی ایک لاکھ ایکڑ سے زائد اراضی بنجر بن چکی ہے جہاں پانی کی عدم دستیابی کے سبب لوگ نقل مکانی پر مجبور ہو چکے ہیں انہوں نے اس امر پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے مابین آبی تنازعات اپنی جگہ لیکن ہمارے کینال کا تقسیم آب کا انتظام ہی چوپٹ ہو چکا ہے بدقسمتی سے قانون کی عملداری نہ ہونے سے جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا سلسلہ جاری ہے ٹیل کے سیلاب سے متاثر چھوٹے زمیندار دو عشروں سے ظلم اور ناانصافی کی چکی میں پس رہے ہیں ہمارا کوئی پرسان حال نہیں انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹیل کے زمینداروں کی داد رسی کی جائے اس حق تلفی کا اب خاتمہ ہونا ناگزیر ہے ہم کئی سالوں سے مسلسل خسارے میں جا رہے ہیں۔ زمینداری اب خسارے کا سودا بن چکا ہے

ماجھی پور، اے سی سیف الدین کھوسہ بازار میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں اور بہنوں کیساتھ ہیں، بابا غلام رسول عمرانی

کشمیریوں کی قربانی، حریت، استقلال کی ایسی لازوال داستان ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے

بلوچستان کے عوام کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں اُن کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں، مشیر محکمہ لیبر اینڈ مین پاور

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) یوم تاسیس آزاد جموں و کشمیر کے موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی نے آزاد کشمیر کے عوام اور حکومت کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر کی بنیاد قربانی، حریت اور استقلال کی ایسی لازوال داستان ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے آزادی اور حق خود ارادیت کے لیے جس جرات و استقامت کا مظاہرہ کیا وہ پوری امت مسلمہ کے لیے فخر کا باعث ہے۔ پاکستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ تھے، ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا کہ یوم تاسیس دراصل اس عہد وفا کی تجدید کا دن ہے جو پاکستان اور آزاد کشمیر کے درمیان محبت، ایمان اور ایثار کی بنیاد پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ کشمیری عوام جلد اپنے جائز حق خود ارادیت کے حصول میں کامیاب ہوں گے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان، آزاد کشمیر اور پوری امت مسلمہ کو امن، خوشحالی اور باہمی اتحاد و یگانگت سے نوازے۔

دیوالی روشنیوں خوشیوں اور محبتوں کا تہوار ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

یہ دن ہمیں بھائی چارے اور باہمی احترام کا سبق دیتا ہے، جمیل بلوچ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ کا دیوالی تہوار کے موقع پر ہندو محلہ کا دورہ کیا گورو نانک مندر کے مہاراج گھنشام داس اقلیتی کمیٹی کے ممبران سریت کمار، نک چند، کیش کمار دیوان تنر لال سنیل کمار پرشوتم لال ہندو پنچایت کے دیوان کملیش کمار بھی گھنشیش کمار راجیش کمار ترلیش کمار و دیگر نے انتظامی افسران اور دیگر مہمانوں کا پرجوش استقبال کیا مہاراج گھنشام داس اور دیگر برادری نے ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ کو اپنے روایتی چادر بھی پہنائی اس موقع پر نبی بخش انجم براہوئی زبان کے نامور گلوکار استاد ندیم عالم ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر انجم ضیاء بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر جمیل بلوچ نے ہندو کمیونٹی کو دیوالی کی مذہبی اور ثقافتی تہوار پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دیوالی روشنیوں خوشیوں اور محبتوں کا تہوار ہے یہ دن ہمیں بھائی چارے اور باہمی احترام کا سبق دیتا ہے اقلیتی برادری نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر جمیل بلوچ اور انتظامی افسران نے ہمارے ثقافتی مذہبی تہوار میں شریک ہو کر رواداری کی مثال قائم کی ہے ڈپٹی کمشنر نے اقلیتی برادری کو دیوالی کی مبارکباد دی ہم انکا تہہ دل سے مشکور ہیں ڈپٹی کمشنر کے آمد سے ہندو برادری کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے ڈپٹی کمشنر جمیل بلوچ ایک مخلص اور ملنسار آفیسر ہے موصوف علاقائی مسائل کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کر رہا ہے ضلعی انتظامیہ کا اقلیتی برادری کے ساتھ ہمیشہ برادرانہ تعاون رہا ہے بلوچستان خاص طور پر قلات میں ہندو کمیونٹی کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے ڈپٹی کمشنر جمیل بلوچ نے ہندو برادری کو درپیش مسائل پولیس چوکی کی بحالی اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب پینے کے صاف پانی کی فراہمی سمیت دیگر اہم مسائل جلد از جلد حل کرانے کی یقین دہانی کرائی۔

بولان، 28 فلٹر پلانٹ کے ملازمین تنخواہوں سے محروم

بولان (اے این این) ضلع بھر کے 28 فلٹر پلانٹ کے 56 ملازمین ایک سال کی تنخواہوں سے محروم عوام کو پینے کا صاف پانی معطل، سیکرٹری پی ایچ ای کو ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی اور فلٹر پلانٹ کی مرمت کے لیے آگاہ کر دیا گیا جلد عوام کو پینے کا صاف پانی بلا تعطل فراہم کیا جائے گا ایکسین پی ایچ ای کچھی محمد ناصر لہڑی تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی بولان میں محکمہ پی ایچ ای کی جانب سے ضلع بھر میں 28 فلٹر پلانٹ عرصہ دراز سے بند پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے عوام پینے کے صاف پانی بھرنے سے محروم ہیں غریب دیہاڑی دار مزدور طبقہ دور دراز سے آنے والے فلٹر پلانٹ میں لگے تالے شہریوں کا منہ چڑاتے نظر آتے ہیں بند پڑے پلانٹ سے عوام مایوس ہو کر لوٹ جاتے ہیں

میر یوسف علی قلندرانی کی بخیر و عافیت بازیابی پر اظہار مسرت

خضدار (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام تحصیل خضدار کے امیر قاری نذیر احمد شاکر، جنرل سیکریٹری حافظ عبدالوحید ریکسانی اور تنظیم کے دیگر اراکین عاملہ نے میر یوسف علی خان قلندرانی کی بخیر و عافیت بازیابی پر دلی مسرت و اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے جمعیت کے تمام کارکنان اور رہنماؤں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ میر یوسف علی خان قلندرانی کی بازیابی جمعیت علمائے اسلام کے قائدین، کارکنان اور اہل علاقہ کی مسلسل کوششوں، دعاؤں اور صبر و استقامت کا نتیجہ ہے

سی پی ڈی یونیسف کے باہمی تعاون سے تربیتی پروگرام اختتام پذیر

جدید تدریسی طریقہ کار سے ہم آہنگ، طلبہ میں بہتر سیکھنے کا ماحول پیدا کرنا تھا

تربیت میں مرد و خواتین اساتذہ کی شرکت نے تعلیمی بہتری کے عزم کو واضح کیا

نصیرآباد (نامہ نگار) محکمہ تعلیم نصیرآباد اور سی پی ڈی یونیسف کے باہمی تعاون سے 16 روزہ تربیتی پروگرام "فاؤنڈیشنل لٹریسی اینڈ نیومریسی (FLN)" شاندار انداز میں اختتام پذیر ہو گیا، تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد اساتذہ کرام کو بنیادی خواندگی (Literacy) اور ابتدائی حسابی مہارتوں (Numeracy) کے جدید تدریسی طریقہ کار سے ہم آہنگ کرتے ہوئے طلبہ میں بہتر سیکھنے کا ماحول پیدا کرنا تھا، تربیت میں مرد و خواتین اساتذہ کی بھرپور شرکت نے تعلیمی بہتری کے عزم کو واضح کیا جبکہ تربیتی سیشنز کے دوران تخلیقی سرگرمیوں، عملی تجربات اور جدید تدریسی حکمت عملیوں کے ذریعے اساتذہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا، پروگرام میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ابتدائی جماعتوں کی بنیاد مضبوط کیے بغیر اعلیٰ تعلیم کے معیار کو بہتر نہیں بنایا جا سکتا اور اساتذہ کا جدید تربیتی نظام سے واقف ہونا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے، شرکاء نے FLN پروگرام کو اپنی تدریسی زندگی کا انتہائی مفید اور رہنمائی پر مبنی تربیتی سلسلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس تربیت نے انہیں نہ صرف جدید تقاضوں سے آگاہ کیا بلکہ انہیں ایسے موثر طریقے سکھائے جن کے ذریعے طلبہ میں سیکھنے کی رغبت، کلاس میں دلچسپی اور نتائج میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے، تربیت کے دوران ماسٹر ٹرینرز کی مسلسل رہنمائی، عملی مظاہروں اور سوال و جواب کے سیشنز نے شرکاء کے اعتماد میں اضافہ کیا جبکہ باہمی گروپ ورک نے تدریسی اشتراک کے نئے دروازے کھول دیے، اختتامی تقریب میں ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالواسع کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیرآباد عبدالحمید ابڑو نے شرکت کرتے ہوئے تربیت مکمل کرنے والے مرد و خواتین اساتذہ میں اسناد تقسیم کیں اور تربیتی پروگرام کے بہترین انعقاد کو تعلیمی میدان میں ایک مثبت قدم قرار دیا، عبدالواسع کاکڑ اور عبدالحمید ابڑو نے ٹریننگ کے دوران اعلیٰ تربیتی ماحول فراہم کرنے پر ڈسٹرکٹ ٹریننگ منیجر یوسف شوکت علی مستوئی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کی بہتری صرف پالیسیز سے نہیں بلکہ تربیت یافتہ اساتذہ کے ذریعے ہی ممکن ہے، مہمانان گرامی نے اس توقع کا اظہار کیا کہ تربیت یافتہ اساتذہ اپنی کلاس روم میں اس پروگرام کے اثرات کو عملی شکل دے کر نصیرآباد میں معیاری تعلیم کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

معیاری تعلیم کی فراہمی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، یاسر دشتی

ضلع انتظامیہ کی کاوشوں سے حالیہ مہینوں میں متعدد تعلیمی ادارے فعال ہو گئے

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس تعلیم کی بہتری اور تعمیراتی منصوبوں پر سخت ہدایات ضلع خضدار میں تعلیمی نظام کی مزید بہتری اور جاری تعمیراتی منصوبوں کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تعلیم کے شعبے کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر عابد حسین بلوچ اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اکبر علی مزارزئی سمیت تمام تعلیمی ہیڈز اور متعلقہ افسران نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ضلع کی ترقی کی بنیاد ہے اور اسے مزید مستحکم بنانے کے لیے تمام محکمہ جاتی سطح پر بہتر کوآرڈینیشن ضروری ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ضلع میں جاری تعلیمی اداروں کی تعمیر نو اور نئے اسکولوں کی تعمیر اور تعمیراتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ طلباء کو جدید سہولیات میسر آسکیں اجلاس کے دوران یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ جو تعمیراتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل نہ ہو سکے ان پر کام کرنے والے کنٹریکٹرز کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے گی ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے واضح کیا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ افسران کو ترقیاتی منصوبوں کی روزانہ نگرانی کی ہدایت کی اس کے علاوہ غیر فعال اسکولوں کی بحالی اور تدریسی عمل کی کوالٹی میں اضافے پر بھی تفصیلی بحث ہوئی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر عابد حسین بلوچ نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع انتظامیہ کی کاوشوں سے حالیہ مہینوں میں متعدد تعلیمی اداروں کو فعال کیا گیا ہے جبکہ نئے کنٹریکٹس کے تحت مزید اسکولوں کو چلانے کا عمل جاری ہے شرکاء نے متفقہ طور پر کہا کہ تعلیم کے شعبے میں ریسورسز کا بہتر استعمال اور کمیونٹی کی شمولیت سے ضلع کی خواندگی کی شرح میں نمایاں اضافہ ممکن ہے یہ اجلاس ضلع خضدار میں تعلیمی بہتری کے لیے مزید مددگار ثابت ہوگا جہاں ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں انتظامیہ تعلیم کو اولین ترجیح قرار دے رہی ہے

میزئی اڈہ، کاکوزئی قبیلے کے حاجی حبیب خان کاکوزئی کی جانب سے عشائیہ رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ملک امین اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ، سید حبیب آغا، اصغر باچا خان عبدالقہار خان ودان، مولانا عبیداللہ اخونزادہ، ملک عبدالرحیم اچکزئی سید ظہور احمد آغا سید فضل محمد آغا امیر علی آغا، باری آغا، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان، عصمت خان و دیگر شریک ہیں

ورلڈ انفارمیشن ڈے کی مناسبت سے سیمینار کا انعقاد

قلات (خ ن) ورلڈ انفارمیشن ڈے کے مناسبت سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں سیاسی سماجی رہنماؤں پرنس اکرم جان احمدزئی بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر قادر بخش مینگل ایم پی کونسلر احمد نواز بلوچ سینئر صحافی عبداللہ لہڑی شادی خان مینگل یوسف مینگل نائب اسرار مینگل نبی بخش انجم عبید محمد نیچاری سمیت لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار میں سیاسی سماجی رہنماؤں اور صحافی برادری نے عالمی معلوماتی دن کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں ہر سال اس دن کو منایا جاتا ہے تاکہ لوگوں کو صحیح معلومات تک رسائی حاصل ہو سکے معلومات انسانی ترقی تعلیم تحقیق اور سماجی بیداری کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں جدید دور میں ذرائع ابلاغ انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز نے معلومات کو عام انسان کے دسترس میں پہنچا دیا ہے کیونکہ ایک باخبر قوم ہی ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتی ہے۔

کلوئی رند، گوریزئی محمد حسنی کے درمیان دیرینہ تنازعہ خوش اسلوبی سے حل

خالق آباد منگچر (یو این اے) منگچر میں کلوئی رند اور گوریزئی محمد حسنی برادری کے درمیان چلا آرہا دیرینہ تنازعہ بالآخر خیر و عافیت اور بلوچی و اسلامی روایات کے مطابق خوش اسلوبی سے حل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گوریزئی برادری نے کلوئی برادری کو "بلوچی میڑھ" کے ذریعے صلح کی پیشکش کی، جسے قبول کرتے ہوئے کلوئی برادری نے ثالثین کو مکمل اختیار سونپ دیا۔ ثالثین کے فیصلے کے مطابق کلوئی برادری کے شہری کی عزت کے لیے 20 لاکھ روپے اور ایک زخمی شخص کے ازالے کے لیے 10 لاکھ روپے مقرر کیے گئے، تاہم کلوئی برادری نے خیر خواہی اور امن کے جذبے کے تحت 30 لاکھ روپے معاف کر دیے۔ ثالثین میں چیئرمین محمد شریف مینگل، بکری عبدالمالک نیچاری، ماما خان جان نیچاری، محمد گل لانگو، محمد بہار مینگل، محمد ہاشم مینگل، نعیم اختر مینگل، محمد افضل مینگل و دیگر شامل تھے۔ تقریب کے آخر میں دعائے خیر کی گئی اور قبائلی عمائدین نے اس صلح کو امن و بھائی چارے کی بہترین مثال قرار دیا۔

بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

ہرنائی (اے این این) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے حلقہ انتخاب میں گزشتہ اور موجودہ دور حکومت میں دونوں اضلاع ہرنائی و زیارت میں سینکڑوں بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر تعینات کیا گیا ہے خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت ضلع ہرنائی میں تقریباً 18 سال سے زائد عرصے سے یہ اسامیاں خالی تھے اور مذکورہ اسامیوں پر مختلف وقفہ ٹیسٹ انٹرویوز بھی ہوئے لیکن تعیناتیاں نہیں ہو رہے تھے میں الیکشن کے دوران ہرنائی کے نوجوانوں سے وعدہ کیا تھا کہ محکمہ صحت تعلیم سمیت تمام محکموں میرٹ پر نوجوانوں کو روزگار فراہم کرینگے محکمہ صحت ضلع ہرنائی میں 70 بیروزگار نوجوانوں کو ہیلتھ کمیٹی کے ذریعے میرٹ پر پورا اترنے والے امیدواروں کو کنٹریکٹ پر تعیناتی کے آرڈر جاری ہو گئے محکمہ صحت ضلع ہرنائی میں 70 افراد کے تعیناتی سے محکمہ صحت کی افرادی قوت میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ ضلعی تحصیل ہیڈکوارٹر سمیت سول ڈسپنسریوں کی کارکردگی بہتر ہوگی اور عوام کو انکے دہلیز پر طبی سہولیات میسر ہونگے انہوں نے محکمہ صحت میں تعیناتی ہونے والے ملازمین پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دے

TENDER NOTICE

TSE-252610900303 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R LORALAI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR/RENNOVATION OF COMMISSIONER OFFICE DIVISION LORALAI.	1,865,600

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 1,305,920 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is C6 (11) . **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 10 November, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 10 November, 2025till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM
Address: B&R office Phone no: 3337768853
Email: dawoodtareenxen@gmail.com

Executive Engineer- Building CW PP&H Department District Loralai

PRQ No.2088/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide (PRQ NO. 1916/15-10-2025) TSE-252610893193 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Director General Levies invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR OF LEVIES LINE QUETTA MAIN BUILDING WITH EXTERNAL SERVICES Changed Area	27,500,000

S.No	Step Name	Remarks
1	Case Schedule	By Default
2	Evaluation Criteria	

Note: The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 30 October, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 30 October, 2025till 02:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 03:00 PM The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 23 October, 2025 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Directorate General, Balochistan Levies Force, Chaman Pathak, Joint Road, Quetta.

Phone no: 0819201783Fax no: 0819201356
Email: dglevies@balochistan.gov.pk

DIRECTOR GENERAL BALOCHISTAN LEVIES FORCE

PRQ No.2095/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سینئر سول جج اصاحب کوئٹہ

بمقدمہ، زین العابدین، بنام، چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی وغیرہ، 1- چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی سول سیکرٹریٹ زرغون روڈ کوئٹہ، 2- ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کوئٹہ، اشتہار بنام، 2- ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کوئٹہ، ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 10-11-25 مقرر ہو چکی ہے۔ مزید یہ کہ نوٹس دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ 2 کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 10-11-25 کو مقدمہ ہذا کی اصالتاً یا وکالتاً پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج بتاریخ 23-10-25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔ سول جج ا کوئٹہ

Chiltan

TENDER NOTICE

This office Notice for Inviting Pre-Qualification for the works "Const of Flood Protection Wall / Gabion Spur at Zorh Manki, Ghoutai & Kashmir River District Killa Saifullah" under TSE-252609876773. It is to notify that development works were published in leading newspaper PRQ No. 1576 / 26-09-2025 and uploaded in BPPRA website. In-addition Corrigendum issued having TSE-252609876773 & PRQ No. 1648/30-09-2025. Again,vide TSE-252609876773 & PRQ No. 1795/08-10-2025 in daily newspapers
Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required.Note: Only suppliers or contractors, who have been pre-qualified shall be entitled to participate further in the procurement proceedings.. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.
The Executive Engineer Irrigation Division Killa Saifullah invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONST OF FLOOD PROTECTION WALL / GABION SPUR AT ZORH MANKI,GHOUTAI & KASHMIR RIVER DISTRICT KILLA SAIFULLAH. PSDP No. 2751 **TSE-252609876773-S2**	320,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 224,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-3 and above (Upto 500 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems). Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-3 and above(Upto 500 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04(vii) (Flood Control Systems Only), CE10(i) (General Civil Engineering Works) in case of Joint venture JV agreement B/W Firms on Rs.500/- Stamp Paper Duly Attested by notary public mentioned name of project . Non black listing & Litigation Affidavit, in case of Litigations,history should be enclosed (Attach affidavit on Rs. 100 non-judicial stamp paper duly attested by notary public) The bidder must have completed 1 number of similar nature work (Flood Protection Work) with the minimum cost value of 150 Million OR Above Has a minimum Bank Credit Line Facility equal to at least 50% of the project cost (160.0 Million) OR Above with the name of project mentioned. 2% Bed Security In Shape of CDR / Bed Security in the Favor Of Executive Engineer Irrigation Division Killa Saifullah Only qualified Bidders can applied. (Who are qualified in the first stage of pre- qualification). **Procedure Of Procurement**: Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 31 October, 2025 till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Executive Engineer Office Near Circuit House Killa Saifullah

Phone no: 0823610660 Fax no: 0823610660
Email: irrigationkillasaifullah7002@gmail.com

Executive Engineer Irrigation Division Killa Saifullah

PRQ No.2105/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM AND RE-SCHEDULE

All interested candidates are hereby informed that the vacancies and date of walk-in interviews for various positions at hospitals and health facilities of Rakhshan Division, as advertised vide PRQ No.2043/21-10-2025 published on **22nd November 2025** in the newspapers have been hereby rectified and re-scheduled accordingly. The interviews will now be conducted at the same venue (Office of the Commissioner / Chairman, Divisional Health Recruitment Committee, Rakhshan Division, Kharan, from **12th to 14th November 2025**, between **10:00 AM** and **4:00 PM. All interested and qualified candidates** fulfilling the prescribed eligibility criteria are advised to follow the revised schedule and ensure to bring the required documents as stated in the earlier advertisement.
The revised schedule as well as corrected vacancy positions are given as under.
Assistant Professors, Senior Registrars, and Specialists (**12th November 2025). Medical Officers, Lady Medical Officers, and Dental Surgeons (13th November 2025).** Clinical Instructor, Tutor Nurses, Staff Nurses, Pharmacist, and Male Nurses, (**14th November 2025).**

S. No.	Positions	BPS	Number and Location of post: Teaching DHQ Hospital Kharan	DHO Office Kharan (RHC Patkin,RHC Naroo,RHC Jamak, RHC Sarawan)	Teaching Hospital Noshki	DHO Office Noshki (RHC Ahmed wall, RHC Jamaldini, RHC Bato, RHC Keshingi)	Prince Fahad Hospital Dalbandin	DHO Office Dalbandin (RHC Cheater, RHC Nokundi, RHC Aminabad RHC Gowankko, RHC Chaghi)	DHO Office Washuk (RHC Nag, RHC Maskhel, RHC New Jangyian, RHC Siahozai)	SKBZ Civil Hospital Besima	Nursing College Kharan	DHQ hospital Washuk	Total
1	Assistant Professor Pediatric	18	1	-	2	-	-	-	-	-	-	-	3
2	Assistant Professor Gynecologist	18	1	-	-	-	-	-	-	-	-	-	1
3	Assistant Professor Medicine	18	1	-	1	-	-	-	-	-	-	-	2
4	Assistant Professor Surgery	18	1	-	-	-	-	-	-	-	-	-	1
5	Assistant Professor Anesthesia	18	-	-	1	-	-	-	-	-	-	-	1
6	Senior Registrar Orthopedic	18	1	-	-	-	-	-	-	-	-	-	1
7	Senior Registrar Radiology	18	1	-	1	-	-	-	-	-	-	-	2
8	Senior Registrar Pulmonology	18	1	-	1	-	-	-	-	-	-	-	2
9	Senior Registrar Surgery	18	1	-	-	-	-	-	-	-	-	-	1
10	Senior Registrar Psychiatry	18	-	-	1	-	-	-	-	-	-	-	1
11	Physiotherapist	17	1	-	-	-	-	-	-	-	-	-	1
12	Pediatrician	18	1	-	-	-	1	-	-	-	-	1	3
13	Eye Specialist	18	1	-	1	-	1	-	-	-	-	-	3
14	ENT Specialist	18	1	-	1	-	1	-	-	-	-	-	3
15	Anesthetist	18	1	2	1	-	1	4	-	1	-	1	11
16	Surgeon	18	1	-	1	1	1	2	-	1	-	-	7
17	Psychiatrist	18	-	1	1	-	-	-	-	-	-	-	2
18	Orthopedic Surgeon	18	-	-	-	-	1	-	-	-	-	-	1
19	Pathologist	18	1	-	1	-	1	-	-	-	-	-	3
20	Gynecologist	18	1	2	-	1	-	2	-	-	-	1	7
21	Radiologist	18	1	-	-	-	1	-	-	-	-	-	2
22	Cardiologist	18	1	-	1	-	-	-	-	-	-	-	2
23	Physician	18	-	2	1	1	1	2	-	-	-	-	7
24	Medical Officer	17	12	9	5	6	14	14	4	3	-	1	68
25	Lady Medical Officer	17	13	13	6	3	9	4	2	1	-	2	53
26	Dental Surgeon	17	2	-	1	1	4	2	-	1	-	1	12
27	Clinical Instructor	17	-	-	-	-	-	-	-	-	1	-	1
28	Tutor Nurse	17	-	-	-	-	-	-	-	-	1	-	1
29	Pharmacist	17	1	-	-	-	-	1	-	-	-	-	2
30	Head Nurse	17	1	-	-	-	-	-	-	-	-	-	1
31	Staff Nurse	16	19	-	18	-	10	-	-	11	-	1	59
32	Male Nurse	16	1	-	-	1	-	2	-	-	-	-	4

ToRs and eligibility criteria will be the same as previously advertised

Divisional Director Health Services, Rakhshan Division at Kharan.

PRQ No.2103/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ویمنز ورلڈ کپ کی سیمی فائنل لائن اپ مکمل آسٹریلیا، انگلینڈ، جنوبی افریقہ اور بھارت نے کوالیفائی کر لیا

آج آسٹریلیا کے مقابلہ پہلے سیمی فائنل میچ میں جنوبی افریقہ کے ساتھ ہوگا جبکہ بھارت اور نیوزی لینڈ کل آپس میں ٹکرائیں گے

پاکستان کی ٹیم پورے ٹورنامنٹ میں ایک بھی میچ نہ جیت سکی جبکہ پاکستانی ٹیم کے 3 میچز بارش کی نذر ہو گئے' رپورٹ

ممبئی (این این آئی) ویمنز ورلڈ کپ کے بارش سے متاثرہ 24 ویں میچ میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 53 رنز سے شکست دے کر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا، بھارت سے قبل آسٹریلیا، جنوبی افریقہ اور برطانیہ کی ٹیمیں پہلے ہی ٹاپ فور میں جگہ بنا چکی ہیں۔ آج آسٹریلیا کے مقابلہ پہلے سیمی فائنل میچ میں جنوبی افریقہ کے ساتھ ہوگا جبکہ بھارت اور نیوزی لینڈ کل آپس میں ٹکرائیں گے۔ ممبئی میں کھیلے گئے میچ میں بھارت کے 325 رنز کے ہدف کے تعاقب میں کیوی ٹیم 8 وکٹوں کے نقصان پر 271 رنز ہی بنا سکی، بارش کی وجہ سے بار بار متاثر ہونے والے میچ میں میزبان ٹیم نے مقررہ 49 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 340 رنز بنائے، جسے ڈک ورتھ لوئس میتھڈ کے تحت 44 اوورز میں 324 رنز طے کیا گیا۔ نیوزی لینڈ کی بیٹرز نے 59 رنز پر 3 کھلاڑیوں آؤٹ ہونے کے باوجود بھرپور مزاحمت کی اور ہدف حاصل کرنے کے لیے مڈل آرڈر بیٹرز نے برق رفتاری سے رنز بھی بنائے، تاہم وقفے وقفے سے گرنے والوں وکٹوں نے مہمان ٹیم کے لیے ہدف کا حصول ناممکن بنا دیا تھا۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے بروک ہالیڈی 81 رنز بنا کر نمایاں رہیں، ایزیبل گاز نے 51 گیندوں پر 61 رنز کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی۔ بھارتی باؤلر رینوکا سنگھ اور کرانتی گاؤ نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 340 رنز اسکور بورڈ پر سجائے۔

کولمبو: آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان میچ میں بارش کی وجہ سے گراؤنڈ کو ڈھانپ رہے ہیں

ویمنز ورلڈ کپ، پاکستان ٹیم کا تیسرا میچ بارش کی نذر

پاکستان ٹیم فتح کا مزہ نہ چکھ سکی، ٹاس بھی تاخیر سے ہوا اور میچ کی فی اننگز کو 34 اوورز تک محدود کر دیا گیا تھا

کولمبو: (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان میچ بارش کی نذر ہو گیا۔ بارش کے باعث میچ بغیر نتیجہ ختم کر دیا گیا، دونوں ٹیموں کو ایک، ایک پوائنٹ دے دیا گیا، بارش کے باعث ٹاس بھی تاخیر سے ہوا اور میچ کی فی اننگز کو 34 اوورز تک محدود کر دیا گیا تھا۔ پاکستانی ٹیم نے 4.2 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 18 رنز بنائے کہ بارش نے پھر انٹری دے دی، پاکستان ویمنز ٹیم ایونٹ میں کوئی میچ نہیں جیت سکی۔ سیمی فائنل تک رسائی کا خواب لیے ایونٹ میں حصہ لینے والی پاکستان ویمنز ٹیم کو 4 میچز میں شکست ہوئی اور 3 میچز بارش کے باعث بغیر نتیجہ رہے۔

جنوبی افریقہ کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم پاکستان پہنچ گئی، پہلا میچ 28 اکتوبر کو راولپنڈی میں کھیلا جائیگا

لاہور (آئی این پی) جنوبی افریقہ کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم تین میچز کی سیریز کے لئے پاکستان پہنچ گئی۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز 28 اکتوبر سے راولپنڈی میں شروع ہوگی۔ بقیہ دونوں میچز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں 31 اکتوبر اور یکم نومبر کو کھیلے جائیں گے۔

لیونل میسی کی انٹر میامی کے ساتھ معاہدے میں توسیع

میامی (آئی این پی) ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے انٹر میامی کے ساتھ معاہدے میں توسیع کر لی۔ امریکی کلب انٹر میامی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ نئے معاہدے کے تحت میسی مزید تین برس تک انٹر میامی کے لیے کھیلیں گے۔ کلب کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کلب کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ میسی کا تجربہ اور قیادت ٹیم کے لئے قیمتی اثاثہ ہیں۔ میسی نے اپنے پیغام میں کہا کہ وہ انٹر میامی کے ساتھ اپنے سفر کو جاری رکھنے پر خوش ہیں اور ٹیم کو مزید کامیابیاں دلانے کیلئے پرعزم ہیں۔

کولمبو آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان میچ سے قبل ٹاس ہو رہا ہے

کھلاڑیوں سے کیے گئے تمام وعدے پورے کر رہے ہیں، اعصام الحق

باتوں پر نہیں کام کرنے پر یقین رکھتا ہوں، جب کھیلتا تھا تب بھی باتیں کم اور ریکٹ کے ساتھ اپنا آپ دکھاتا تھا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان ٹینس فیڈریشن اعصام الحق نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں سے کیے گئے تمام وعدے پورے کر رہے ہیں۔ صدر پاکستان ٹینس فیڈریشن اعصام الحق نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ میں باتوں پر نہیں کام کرنے پر یقین رکھتا ہوں، جب کھیلتا تھا تب بھی باتیں کم اور ریکٹ کے ساتھ اپنا آپ دکھاتا تھا۔ اعصام الحق نے بتایا کہ ہمیں 7 آئی ٹی ایف جونیئر ٹورنامنٹ الاٹ ہوئے ہیں۔ اس سے متعلق انہوں نے بتایا کہ اے ٹی پی ٹور چیلنجر پہلی مرتبہ ہمیں ملا ہے، یہ کرکٹ میں آئی سی سی ایونٹ کی طرح ہے۔ صدر پاکستان ٹینس فیڈریشن نے بتایا کہ اسکے علاوہ 12 نئے نیشنل ٹورنامنٹس شامل کیے گئے ہیں اور انعامی رقم بڑھا دی ہے۔ اعصام الحق نے کہا کہ جونیئر کھلاڑی بیرون ملک کھیلنے جا رہے ہیں، میرٹ کو ترجیح دے رہے ہیں۔

انڈونیشیا اسرائیل پر پابندیوں کے حوالے سے ڈٹ گیا

اسرائیل بارے موقف پر قائم ہیں، بین الاقوامی کھیلوں کی میزبانی جاری رہے گی، بیان

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا نے کہا ہے کہ وہ بین الاقوامی کھیلوں کا انعقاد کرتا رہے گا۔ عرب ٹی وی کے مطابق انڈونیشیا کا یہ اصرار اس وقت سامنے آیا ہے جب انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی آئی او سی نے دنیا بھر کی کھیلوں کی فیڈریشن سے کہا ہے کہ وہ اپنے کھیلوں کے مقابلے انڈونیشیا میں نہ رکھیں کیونکہ انڈونیشیا نے جمناسٹک کے حالیہ مقابلوں میں اسرائیلی ٹیموں کے آنے پر پابندی لگائی ہے۔ انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی آئی او سی نے یہ ہدایت کھیلوں سے متعلق بین الاقوامی فیڈریشنز کو جاری کی، جس کے ردعمل میں انڈونیشیا کی طرف سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ہاں کھیلوں کی میزبانی اور کھیلوں سے متعلق مقابلوں کا سلسلہ اسی شدومد سے جاری رکھے گا جس طرح پہلے تھا۔ آئی او سی نے انڈونیشیا سے مطالبہ کیا تھا کہ جب تک انڈونیشیا ضمانت فراہم نہیں کرتا کہ اس کے ہاں ہر ایک کو کھیلنے کی اجازت ہوگی اسے بھی آئی او سی کے اقدامات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آئی او سی کے بورڈ نے یہ بھی کہا ہے کہ اس نے آئندہ سال اولمپک سے متعلق کسی کھیل کی میزبانی کے حوالے سے انڈونیشیا کے ساتھ بات چیت معطل کر دی ہے۔

لاہور، پولو کلب آف پاکستان میں "پولو پنک کپ" کے سیمی فائنل میچ کا منظر

علی ترین نے پی سی بی کا لیگل نوٹس پھاڑ دیا، معافی مانگنے سے انکار

پی سی بی نے 12 ستمبر کو ملتان سلطانز کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر قانونی نوٹس جاری کیا، نوٹس میں 21 روز میں معافی نہ مانگنے کی صورت میں فرنچائز کا کنٹریکٹ منسوخ کرنے کی وارننگ

پی سی بی کی طرف سے آج تک ایک کال، ایک میسج، ایک ای میل اور ایک دعوت نامہ موصول نہیں ہوا جس میں مسائل دریافت کیے گئے ہوں، علی ترین

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز ملتان سلطانز اور پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے درمیان تنازعہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے 12 ستمبر کو ملتان سلطانز کے مالک علی ترین کو قانونی نوٹس جاری کرتے ہوئے 21 روز میں عوامی معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔ نوٹس میں عندیہ دیا گیا ہے کہ اگر معافی نہ مانگی گئی تو علی ترین کو بلیک لسٹ کیا جا سکتا ہے، جب کہ شق 13.2 کے تحت پی سی بی کو کسی بھی وقت فرنچائز کا معاہدہ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے ملتان سلطانز کا کنٹریکٹ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ دوسری جانب، علی ترین نے نوٹس کے جواب میں سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ انہیں پی ایس ایل مینجمنٹ کی جانب سے بھیجا گیا لیگل نوٹس موصول ہوا، جس میں تنقیدی بیانات واپس لینے اور معافی مانگنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

زمبابوے کیخلاف ٹیسٹ — آئی سی سی کی جانب سے افغانستان ٹیم پر جرمانہ عائد

افغانستان میچ تو ہار ہی گیا ساتھ اس پر سلو اوور ریٹ پر جرمانہ بھی عائد کر دیا گیا' جرمانہ آئی سی سی کے میچ ریفری رچی رچرڈسن کی جانب سے عائد کیا گیا

افغان ٹیم پرست اوور ریٹ پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے' افغانستان ٹیم کے کپتان نے سلو اوور ریٹ کی غلطی کو تسلیم بھی کر لیا' رپورٹ

ہرارے (این این آئی) آئی سی سی کی جانب سے افغانستان کرکٹ ٹیم پر زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ میچ میں سلو اوور ریٹ پر جرمانہ کر دیا گیا۔ زمبابوے اور افغانستان کے درمیان 20 اکتوبر کو ہرارے میں سیریز کا واحد ٹیسٹ کھیلا گیا جس میں میزبان زمبابوے نے افغانستان کو ایک اننگز اور 73 رنز سے شکست دی۔ افغانستان میچ تو ہار ہی گیا ساتھ اس پر سلو اوور ریٹ پر جرمانہ بھی عائد کر دیا گیا۔ حشمت اللہ شاہدی کی قیادت میں افغانستان کرکٹ ٹیم پرست اوور ریٹ پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ یہ جرمانہ آئی سی سی کے میچ ریفری رچی رچرڈسن کی جانب سے عائد کیا گیا، جن کا ماننا ہے کہ افغانستان کی ٹیم مقررہ وقت میں 5 اوورز پیچھے تھی۔ آئی سی سی کے قوانین کی شق 2.22 کے مطابق، اگر کوئی ٹیم مقررہ وقت میں اوور مکمل نہیں کر پاتی تو ہر اوور کے بدلے کھلاڑیوں کی میچ فیس کا 5 فیصد جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ افغان کپتان نے سلو اوور ریٹ کی غلطی تسلیم کرتے ہوئے جرمانے کی سزا قبول کی جس کے بعد باضابطہ سماعت کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

آل بلوچستان سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی اختتامی تقریب (آج) ہوگی

اختتامی تقریب (آج) ہفتہ کو نوری رشید خان کلچرل کمپلیکس، کوئٹہ میں ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آل بلوچستان سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی اختتامی تقریب (آج) ہفتہ کو نوری رشید خان کلچرل کمپلیکس، کوئٹہ میں ہوگی۔ بلوچستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر میڈم اختر خان نے بتایا کہ اختتامی تقریب تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔

قومی کرکٹر شان مسعود ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ آپریشنز مقرر

یہ فیصلہ اس وقت سامنے آیا ہے جب پی سی بی اپنے انتظامی ڈھانچے میں اہم تبدیلیاں کر رہا ہے

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی کرکٹر شان مسعود کو ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ آپریشنز مقرر کر دیا ہے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے یہ اعلان اسلام آباد میں ایک عشائیے کے دوران کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ چیئرمین پی سی بی کی جانب سے جنوبی افریقہ اور پاکستان کی ٹیموں کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا تھا، جو اسلام آباد میں منعقد ہوا، وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے بھی تقریب میں شرکت کی، جہاں ملکی اور غیر ملکی کھلاڑیوں سے ملاقاتیں بھی ہوئیں۔

جنوبی افریقی ٹیم کو بڑا دھچکا، کپتان ڈیوڈ ملر ٹی ٹوئنٹی سیریز سے باہر

جنوبی افریقی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی قیادت کے فرائض ڈونوان فریرا نبھائیں گے

راولپنڈی (آئی این پی) جنوبی افریقی ٹیم کے کپتان ڈیوڈ ملر سمیت دو کھلاڑی پاکستان کیخلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز سے باہر ہو گئے۔ کرکٹ جنوبی افریقہ کی جانب سے جاری پیغام میں کہا گیا ہے کہ کپتان ڈیوڈ ملر اور فاسٹ بولر جیرالڈ کوئٹزے پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز سے باہر ہو گئے ہیں۔ ڈیوڈ ملر پاکستان کے دورے کیلئے ٹریننگ کے دوران انجری کا شکار ہوئے تھے جو اب ری ہیب کے عمل سے گزریں گے۔ دوسری جانب فاسٹ بولر جیرالڈ کوئٹزے نہ صرف ٹی ٹوئنٹی بلکہ ون ڈے سیریز میں بھی حصہ نہیں لے سکیں گے۔ کوئٹزے رواں ماہ کے آغاز میں نیمیبیا کے خلاف میچ کے دوران انجری کا شکار ہوئے تھے۔ ڈیوڈ ملر کی غیر موجودگی میں ڈونوان فریرا ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

ہیڈ کوچ اظہر محمود کا بابر اعظم کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کا مشورہ

راولپنڈی (یو این پی) پاکستان کی ریڈ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ اظہر محمود نے بابر اعظم کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کا مشورہ دے دیا۔ ہیڈ کوچ اظہر محمود نے جمعرات کو جنوبی افریقہ کے ہاتھوں دوسرے ٹیسٹ میں 8 وکٹوں سے شکست کے بعد کہا کہ بابر اعظم کا فرسٹ کلاس کا تجربہ کم ہے اور انہیں مشورہ دیا کہ وہ ٹیسٹ کرکٹ کے دباؤ سے ہم آہنگ ہونے کے لیے مزید ڈومیسٹک کرکٹ کھیلیں۔ اظہر محمود نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ قومی ٹیم کے کئی کھلاڑیوں کا فرسٹ کلاس کرکٹ کا تجربہ کم ہے۔ سابق آل راؤنڈر نے کہا کہ کھلاڑی باقاعدگی سے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل کر ہی پریشر برداشت کرنے کا ہنر سیکھ سکتے ہیں۔ اظہر محمود نے کہا کہ اگر آپ ہمارے کھلاڑیوں کو دیکھیں، جیسے بابر اعظم یا عبداللہ شفیق، دونوں نے زیادہ فرسٹ کلاس کرکٹ نہیں کھیلی۔

ایشین یوتھ گیمز، پاکستان کی مینز والی بال ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل رسائی

پاکستان نے سعودی عرب کو دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد 1-3 سے شکست دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سعودی عرب کو دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد 1-3 سے شکست دے کر تیسرے ایشین یوتھ گیمز میں مینز والی بال ٹورنامنٹ کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔

پی ایس ایل 11 میں 2 نئی ٹیموں کی شمولیت پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں' سلمان نصیر

اس بار پی ایس ایل 6 وینیوز پر کرانے کے لیے بہت سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں' سی ای او پی ایس ایل

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان نصیر نے انکشاف کیا ہے کہ پی ایس ایل اپنی سب سے بڑی توسیع کے لیے تیار ہے جس میں 2 نئی ٹیمیں اور 2 اضافی وینیو اگلے ایڈیشن میں شامل کیے جانے کا امکان ہے۔ پی سی بی کی جانب سے جاری ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے سلمان نصیر نے کہا کہ اس بار پی ایس ایل 6 وینیوز پر کرانے کے لیے بہت سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں، ان شاءاللہ، ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 اس بار 6 وینیوز پر کھیلا جائے گا۔

تین سالہ پابندی کے باوجود کینیا کی ایتھلیٹ کا ورلڈ ریکارڈ برقرار

ڈوپنگ ٹیسٹ مثبت آنے سے پہلے بنا 2 گھنٹے، 9 منٹ اور 56 سیکنڈ کا عالمی ریکارڈ برقرار رہے گا

نیروبی (این این آئی) کینیا کی چیمپئن خواتین میراتھون کی عالمی ریکارڈ ہولڈر روتھ چیپنگیچ کو اینٹی ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی پر تین سال کے لیے پابندی عائد کر دی گئی، تاہم، ان کا 2 گھنٹے، 9 منٹ اور 56 سیکنڈ کا عالمی ریکارڈ برقرار رہے گا کیونکہ یہ ریکارڈ ان کا ڈوپنگ ٹیسٹ مثبت آنے سے پہلے بنایا تھا۔ روتھ چیپنگیچ (Ruth Chepngetich) نے یہ ریکارڈ گزشتہ سال اکتوبر میں شکاگو میراتھون میں توڑا تھا لیکن انہیں جولائی 2025 میں ایتھلیٹکس انٹیگریٹی یونٹ (اے آئی یو) کی جانب سے اس وقت عارضی طور پر معطل کر دیا گیا، جب ان کے 14 مارچ کو لیے گئے نمونے میں ہائیڈروکلوروتھیازائیڈ (HCTZ) نامی ممنوعہ دوا کا پتا چلا۔ نمونے میں HCTZ کی مقدار 3,800 نینوگرام فی ملی لیٹر پائی گئی۔

پہلا آل قلات ڈویژن شہید ضیاء جان اوپن فٹبال ٹورنامنٹ شہید سکندر آباد سوراب فائنل

اے کے ایف سی کوئٹہ نے گلزار کلب پنجگور کو 0-2 سے شکست دیدی

فائنل میچ کے مہمان خاص ایس پی سوراب رحمت اللہ درانی تھے' میچ جیتنے کے لئے دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل پیش کی اور مقابلہ جیتنے کی سرتوڑ کوشش کی

میچ کے دوران گراؤنڈ تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا' شائقین نے اس فائنل کو خوب انجوائے کیا اور انہوں نے ایسے مزید ٹورنامنٹس کا مطالبہ بھی کیا

سوراب (نامہ نگار) پہلا آل قلات ڈویژن شہید ضیاء جان اوپن فٹبال ٹورنامنٹ سوراب کا فائنل میچ اے کے ایف سی کوئٹہ اور گلزار کلب پنجگور کے مابین کھیلا گیا اس فائنل میچ کے مہمان خاص ایس پی سوراب رحمت اللہ درانی تھے فائنل میچ کے دوران دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل پیش کی اور فائنل کو اپنے نام کرنے کی سرتوڑ کوشش کی۔ تاہم اے کے ایف سی کوئٹہ نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے صفر کے مقابلے میں دو گول سے فائنل میچ اپنے نام کیا۔ فائنل میچ کے دوران ریفری کے فرائض ماسٹر محمد یسین مینگل جبکہ ڈپٹی ریفری کے فرائض مہدی مرشد اور وقار ابراہیم مینگل نے سرانجام دیئے۔ کمنٹری کے فرائض رؤف ریکی اور رفیق سالاٹی نے سرانجام دیئے۔ فائنل میچ کے اختتام پر انعامات کی تقسیم کے سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے دوران اسٹیج سیکریٹری کے فرائض جاوید سمیر ملازئی نے سرانجام دیئے تقریب سے بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر جمیل احمد سرپرہ، پاکستان فٹبال فیڈریشن کے ایگزیکٹو ممبر، بلوچستان فٹسال ایسوسی ایشن کے صوبائی چیئرمین شکیل احمد زہری اور دیگر مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بلوچستان فٹبال فیڈریشن کے صدر صدر جمیل احمد سرپرہ، پاکستان فٹبال فیڈریشن کے ایگزیکٹو ممبر شکیل احمد زہری، بی ایف اے کے صوبائی جنرل سیکریٹری امین اللہ کاکڑ، حاجی مولا بخش زہری، میر محمد ہاشم سالاٹی، ڈاکٹر محمد اسلم ملازئی، کیپٹن خدا بخش، شیخ قادر میروانی، اسپورٹس آفیسر وسیم خالق، سردارزادہ سلیم الزمان رودینی، استاد محبوب ریکی، یونس لانگو، قادر باروتی، بشیر احمد میروانی، ماما ابراہیم مینگل، بابو نصیر احمد ملازئی، ماسٹر عبدالفتاح میروانی، میر رؤف ریکی، خالد باروئی، محمد زہری، سینئر صحافی امان صابر براہوئی، فاروق رودینی، سراج احمد ریکی، نعیم ریکی، صابر رودینی، الطاف راجا، ایس ڈی او مقصود مینگل ایس ایچ او سرور مہتاب، ایم سی کونسلر عبدالمنان ریکی، کونسلر ایم سی عبدالرزاق رودینی، پیرامیڈیکل کے اسٹاف کے صدر ڈاکٹر شاہ اللہ ریکی، ماما یونس رودینی، منیر ریکی، ٹورنامنٹ کمیٹی کے ممبران اور دیگر بڑی تعداد میں موجود تھے۔

منشیات کیخلاف معاشرتی جدوجہد ضروری ہے، مفتی محمد اسماعیل

نوجوان نسل کی تربیت سے منشیات کے خطرات کم کیے جا سکتے ہیں، مولوی نورالدین

کوئٹہ (پ ر) نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیر اہتمام جمعہ کے روز جامع مسجد میں منشیات کے نقصانات اور اس کے سماجی و دینی اثرات کے حوالے سے خصوصی خطبہ جمعہ دیا گیا۔ مفتی قاری محمد اسماعیل نے اپنے خطبہ میں کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جو نہ صرف انسان کی صحت بلکہ اس کے ایمان، خاندان اور معاشرتی کردار کو تباہ کر دیتی ہے۔ اسلام نے نشہ آور چیزوں کو حرام قرار دیا ہے اور قرآن پاک میں شراب و منشیات سے اجتناب کا واضح حکم موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں منشیات کا پھیلاؤ نوجوان نسل کے ایمان و مستقبل کے لیے خطرناک ثابت ہو رہا ہے، لہٰذا ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ اس کے خلاف جہاد کرے۔ مولوی نورالدین نے اپنے بیان میں کہا کہ منشیات کے خلاف جہاد صرف حکومت یا اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری امت کی مشترکہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات سے وابستہ لوگ اصلاح و بحالی کے مستحق ہیں، نہ کہ نفرت کے ہمیں ان کے ساتھ ہمدردی اور اصلاحی رویہ اختیار کرنا چاہیے تاکہ وہ دوبارہ معاشرے کے مفید شہری بن سکیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے گھروں، محلوں اور تعلیمی اداروں میں منشیات کے خلاف بیداری پیدا کریں اور بچوں کی تربیت اسلامی اصولوں کے مطابق کریں۔ خطبہ کے اختتام پر منشیات سے پاک معاشرہ قائم کرنے، نوجوانوں کی اصلاح، اور بلوچستان کے استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ مفتی قاری محمد اسماعیل نے کہا کہ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی اس عظیم مقصد کے لیے عوام میں آگاہی پیدا کر رہی ہے

استحکام جمعیت کانفرنس کی کامیابی عوام کی یکجہتی ہے، مفتی سید محمد آغا

تحصیل برشور کی میزبانی اور انتھک کوششوں نے کامیابی کو یقینی بنایا، محمد رفیق

سرانان (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے جنرل سیکرٹری مفتی سید محمد آغا، تحصیل سرانان کے مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ، سینئر نائب امیر و چیئرمین مولانا محمد صادق، قاری عطاء اللہ شاہ اور دیگر کابینہ اراکین نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں استحکام جمعیت کانفرنس برشور کی شاندار کامیابی پر ضلع پشین کی پوری قیادت، تمام کارکنان، تحصیلی اراکین اور خصوصاً صوبائی قیادت کو دلی مبارکباد پیش کی ہے، انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی جمعیت علماء اسلام کے نظم و اتحاد، قیادت پر اعتماد، اور عوامی محبت کا مظہر ہے۔ رہنماؤں نے تحصیل برشور کے مقامی اور قبائلی رہنماؤں کی انتھک محنت، قربانیوں اور بہترین میزبانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت نے کانفرنس کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کیا۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ استحکام جمعیت کانفرنس نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جمعیت علماء اسلام عوام کے دلوں میں رچی بسی جماعت ہے، اور ان شاء اللہ یہ سلسلہ آئندہ بھی اتحاد و استحکام کے ساتھ جاری رہے گا

کوئٹہ، ایم پی اے میر عبداللہ گورگیج حلقہ انتخاب کلی ترخہ عوام سے ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر میر محمد اکرم منگلوئی بھی موجود ہیں

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل اولین ترجیح ہے، عبدالرحمن کاکڑ

عوام کو بہتر سفری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی فراہمی حکومت کا بنیادی مشن ہے

تمام منصوبے منظور شدہ قواعد وضوابط کے مطابق معیار کے ساتھ مکمل کیے جا رہے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) ایگزیکٹو انجینئر روڈز نصیر آباد عبدالرحمن کاکڑ نے کہا ہے کہ ضلع نصیر آباد میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل محکمہ مواصلات و تعمیرات کی اولین ترجیح ہے، کیونکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی فراہمی حکومت کا بنیادی مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام منصوبے منظور شدہ قواعد وضوابط کے مطابق شفافیت اور معیار کے ساتھ مکمل کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے ترقیاتی بجٹ کا اصل فائدہ عوام تک پہنچ سکے۔ عبدالرحمن کاکڑ نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس سلسلے میں تمام افسران و فیلڈ اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سائٹ پر موجود رہ کر کام کی رفتار، مضبوطی اور واضح تکنیکی اصولوں کی کڑی نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں کو ضلعی ہیڈ کوارٹر سے ملانے والی سڑکوں کی تعمیر سے رابطوں میں بہتری کے ساتھ تجارت، تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع بڑھیں گے جس سے نہ صرف شہری بلکہ کاشتکار اور دیہی طبقہ بھی مستفید ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ بہتر سڑکیں علاقے کی معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں اور ان منصوبوں کی تکمیل سے مقامی کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا، جس سے مجموعی طور پر ضلع خوشحالی کی طرف گامزن ہوگا۔ ایگزیکٹو انجینئر نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات عوامی اعتماد پر پورا اترنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقی کا یہ سلسلہ شفاف اور منظم انداز میں جاری رہے گا

تجاوزات کے خلاف کارروائی، نرخ نامے کی خلاف ورزی پر جرمانے

بازار میں غیر قانونی اسٹالز اور رکاوٹوں کو فوری طور پر ہٹا دیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر

عوام کے مفاد کے ساتھ کھلواڑ کی اجازت نہیں دی جائے گی، سیف الدین کھوسہ

صحبت پور (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ کی زیر نگرانی ضلع بھر میں پرائس کنٹرول اور ناجائز تجاوزات کے خلاف مؤثر اور کامیاب کارروائی عمل میں لائی گئی اس کارروائی کا مقصد عوام الناس کو معیاری اور سستی اشیائے خورد و نوش کی فراہمی کو یقینی بنانا اور مرکزی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ نے تحصیلدار شرف الدین لاشاری اور دیگر عملہ کے ہمراہ مرکزی بازار کا تفصیلی دورہ کیا جہاں پرائس کنٹرول مہم کے تحت اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، معیار اور تجاوزات کے حوالے سے سخت چیکنگ کی گئی۔ کارروائی کے دوران کل اڑتیس کاروباری یونٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ سبزی، پھل، آٹا، چینی، دالیں اور دیگر ضروری اشیائے خورد و نوش کا معیار چیک کیا۔ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو جرمانے عائد کیے۔ بازار میں موجود غیر قانونی اسٹالز اور رکاوٹوں کو فوری طور پر ہٹا دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر موجود دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں مقررہ نرخوں کی مکمل پابندی کریں اور عوام کو معیاری اشیاء فراہم کریں اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ کا کہنا تھا کہ انتظامیہ عوامی سہولت اور ریلیف کیلئے ہمہ وقت سرگرم ہے کسی کو عوام کے مفاد کے ساتھ کھلواڑ کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بازاروں میں اشیائے خورد و نوش کے نرخوں میں استحکام برقرار رکھنا اور ناجائز تجاوزات کا خاتمہ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات جاری رہیں گے

خضدار، اپوزیشن لیڈر ایم پی اے نے نئے خیراواہ فیڈر کا افتتاح کر دیا

عوام بلوں کی ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ ہو، یونس عزیز زہری

خضدار (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے خضدار گرڈ اسٹیشن میں خیراواہ کے نام سے منسوب نئے فیڈر کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر پاکستان واپڈا سیف اللہ آخوند، صدر انجمن تاجران حافظ حمید اللہ مینگل، مفتی عبدالقادر شاہوانی، جمعیت علما اسلام تحصیل خضدار کے جنرل سیکرٹری حافظ عبدالوحید رئیسانی، مولانا محمد رفیق، مولانا سراج احمد گرگناڑی، نذیر احمد گنگو، مولانا نصر اللہ شاہوانی، مولانا بلال احمد، مولانا عبدالغفار، مولانا عبدالمجیب حافظ، طلحہ قمر، اسماعیل زہری، حافظ محمد غلام قادر و دیگر شریک تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ خضدار کے عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری ہے۔ آج ہم پانچویں بجلی کے فیڈر کا افتتاح کر رہے ہیں، تاکہ بجلی کی لوڈ کو پورا کیا جا سکے اور ان علاقوں تک رسائی دی جا سکے جہاں بجلی کی فراہمی محدود ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ میٹرز لگوائیں اور بلوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں تاکہ بجلی فراہم کرنے والے اداروں کے لیے آسانیاں پیدا ہوں اور لوڈ شیڈنگ میں کمی ممکن ہو۔ انہوں نے کیسکو حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کے تعاون اور محنت سے نئے فیڈرز کا قیام ممکن ہوا ہے۔

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف)(10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

مقدمہ نمبر 13/25 سرکار بنام: عبدالقادر وغیرہ پولیس اسٹیشن نال (1) مسمی عبدالقادر ولد غلام قادر قوم خدرانی سکنہ نال (2) واحد ولد محمد عارف قوم خدرانی سکنہ نال (3) یونس ولد غلام قادر قوم خدرانی سکنہ نال جرم زیر دفعہ 302،324 ATA 07 ت و 396.34 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بطبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیاں (1) عبدالقادر (2) واحد (3) یونس اقدام اندرانی سکنہ نال 28-10-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ خضدار

PRQ No 2101/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف)(10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

مقدمہ نمبر 102/2025 CTD خضدار (1) مسمی کمال خان ولد مراد محمد قوم گلباداڑئی سکنہ باڈری وڈھ (2) خان محمد ولد دوست محمد قوم محمد زئی سکنہ باڈری وڈھ (3) بہاول خان ولد مراد محمد قوم گلباداڑئی باڈری وڈھ جرم زیر دفعہ 6(2) (EE) 7 (1) (FF) 27-A 21 7ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بطبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب الطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی روسے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیاں (1) کمال خان (2) خان محمد (3) بہاول خان کو لازم ہے کہ تاریخ 03-11-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ خضدار

PRQ No 2100/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آسامیاں خالی ہیں

دفتر یونین کونسل تفتان کے درجہ ذیل خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے ضلع چاغی کے لوکل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں درخواستیں بمورخہ 14 نومبر 2025 تک دفتر یونین کونسل تفتان کے دفتر میں جمع کرا سکتے ہیں آخری تاریخ کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگا۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	گریڈ	تعلیمی قابلیت	کیفیت
1	لیڈنگ فائرمین	2	9	میٹرک	تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائیگی
2	فائرمین	3	4	میٹرک	تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائیگی
3	HTV ڈرائیور	2	6	میٹرک	ڈرائیور HTV لائسنس لازمی ہے
4	بیلدار	4	1	پرائمری پاس	تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائیگی
5	چوکیدار	1	1	پرائمری پاس	تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائیگی
6	نائب قاصد	1	1	پرائمری پاس	تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائیگی
7	سویپر	4	1	پرائمری پاس	تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائیگی
ٹوٹل		17			

شرائط:۔ (1) امیدوار درخواستیں مذکورہ بالا تاریخ تک دفتر ہذا میں جمع کرا سکتے ہیں (2) امیدوار کا لوکل سرٹیفکیٹ اور قومی شناختی کارڈ ضلع چاغی کا ہونا لازمی ہے (3) تمام مطلوبہ تصدیق شدہ تعلیمی اسناد شناختی کارڈ لوکل سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر منسلک کرنا لازمی ہے (4) امیدوار کے عمر کی حد 18 سال سے 30 سال تک ہونی چاہئے (بلوچستان حکومت کی موجودہ پالیسی کے مطابق عمر میں رعایت دی جائیگی) (5) انٹرویو ریکروٹمنٹ کمیٹی کی موجودگی میں دفتر یونین کونسل تفتان میں لیا جائیگا اور کسی بھی امیدوار کو کوئی ٹی اے ڈی اے نہیں دیا جائیگا۔ **نوٹ:۔** جمع شدہ کاغذات کی چھان بین کے بعد مذکورہ آسامیوں کیلئے ٹیسٹ انٹرویو بمورخہ 17 نومبر 2025 کو صبح بوقت 12:00 بجے لیا جائیگا۔ مزید معلومات کیلئے دفتری اوقات میں معلومات لی جا سکتی ہے۔

چیف آفیسر یونین کونسل تفتان

AB No 405/24-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

In reference to (AB No.367/14-10-2025) Sp/Works/6-08-2025/3935-39/dated 15-10-2025, the following changes have been made as per the instructions of BPPRA.

1. In Basic Eligibility the requirements of ISO Certificates and Ongoing Work Orders word "no experience is required" in The Following Tender and also Tender Date is Extend from 27-10-2025 To 03-11-2025. the tender TSE no is. 252610892173.

Other terms and conditions may please be seen as detailed in the bidding documents of the scheme which are uploaded on BPPRA Website.

AB No.404/24-10-2025

Chief Officer, Municipal Committee, Harnai.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت سلیم اللہ کاکڑ، صاحب سول / فیملی جج قلعہ سیف اللہ

جانشینی نمبر 127/025 تاریخ پیشی 07/11/2025 تاریخ مندرجہ 23/10/2025

1۔ روکیہ بی بی زوجہ مرحوم فیروز خان 2۔ خشالی بی 3۔ سرینہ بی بی 4۔ دارہ خان، 5 اسرار اللہ 6۔ نصرت اللہ 7۔ اسداللہ 8۔ فرحاد اللہ پسران و دختران مرحوم فیروز خان 9۔ زہرہ بی بی زوجہ مرحوم فیروز خان 10۔ مصور خان 11۔ حنظلہ بی بی 12۔ حنزیلہ بی بی 13۔ سالار خان پسران و دختران مرحوم فیروز خان سکنہ قلعہ سیف اللہ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 ایکٹ 1925

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ معاملہ مندرجہ بالا عنوان سائلان نے درخواست جانشینی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی بمورخہ 07/11/2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا آپ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست ہذا کے متعلق کسی بھی قسم کی عذر یا اعتراض ہو تو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی درخواست کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 23-10-2025 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

Staff

CORRIGENDUM

It is submitted to all contractors that the opening date of scheme having TSE No.252610895294 and published on daily newspaper vide PRQ No.1972/ Date;-17-10-2025, the bid opening has been extended from Date;-31-10-2025 to Date:-07-11-2025, terms and conditions will be remain same

PRQ No.2092/24-10-2025

EXECUTIVE ENGINEER (Building) CWPP& H Department District Chagai

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (III) کوئٹہ

مسل نمبر 63/025 درخواست گارڈین

صفیہ خانم بیوہ علی برات ہزارہ ساکن 722/65A غلزئی روڈ علمدار روڈ کوئٹہ بنام 1۔ شیرین گل دختر باز محمد قوم ہزارہ ساکن ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ 2۔ بنام عوام الناس

اشتہار بنام صفیہ خانم بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 5/11/2025 مقرر ہو چکی ہے۔ بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اشتہار ہذا آج مورخہ 21/10/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62258

TENDER NOTICE

TSE-252610900583 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The ASSISTANT DIRECTOR LOCALGOVT SOHBATP UR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 200,000

S.No	Nameof Work/s	E/Cost
11	CONSTRUCTION OF TUFF TILES & SEWERAGE CITY SOHBAT PUR PSDP NO.1409 Z2025.0365 SOHBAT PUR	10,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Baluchistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 7,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE05 (Offshore Works). **Procedure Of Procurement** :Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of amount 200,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **14 November, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by**14November, 2025**till **10:00 AM**. **Tender opening** :All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:00 AM** **Address** :District Council Office Sohbatpur

Phone no :0838603118 **Faxno:**0838603118

Email:assistantdirectorspur@gmail.com

PRQ No.2086/24-10-2025

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT SOHBATPUR

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 فورسز

کی مکمل بحالی تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں بم دھماکے میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) آپریشنز اسد زبیر سمیت 3 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ دھماکے میں ایس پی آپریشنز اسد زبیر کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، دھماکے کے نتیجے میں پولیس موبائل الٹ گئی۔ ڈی ایس پی امجد حسین نے بتایا کہ بلابلینہ میں فلسیمہ چیک پوسٹ خالی تھی، خالی چیک پوسٹ کو دہشت گردوں نے دھماکے سے اڑایا، دھماکے کی اطلاع ملتے ہی ایس پی آپریشنز اسد زبیر پارٹی سمیت پہنچ گئے۔ انہوں نے بتایا کہ اسی دوران بلابلینہ کے مقام پر دوسرا بارودی مواد کا دھماکا ہوا جس کا شکار ایس پی اور پولیس اہلکار ہوئے اور تینوں شہید ہوگئے۔

بقیہ 2 مزدوروں

کے نیچر ذوالفقار کے مطابق مسلح افراد 20 مزدوروں کو اغوا کر کے لے گئے جن میں سے 2 مزدوروں کو چھوڑ دیا گیا جبکہ 18 تا حال لاپتہ ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز، ایف سی اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر مغوی مزدوروں کی تلاش شروع کر دی۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے کام کرنے والی کمپنیوں کے کیمپوں پر متعدد بار حملے ہو چکے ہیں گزشتہ چند روز قبل مستونگ کے علاقے دشت سے تعمیراتی کمپنی کے کام کرنے والے 9 مزدوروں کو اغوا کیا گیا جبکہ بلوچستان میں صرف ایک ہفتے کے دوران مزدوروں کے اغوا کا یہ دوسرا بڑا واقعہ ہے۔ اب تک 27 مزدوروں کو اغواء کیا جا چکا ہے جن میں سے اکثریت کا تعلق صوبہ سندھ سے اور باقی کا تعلق بلوچستان سے بتایا جاتا ہے۔ گزشتہ شب خضدار سے تقریباً 80 کلومیٹر دور نال کے علاقے گلکری میں درجنوں مسلح افراد نے سیلے شاہراہ کو ناکہ بندی کی اور اس کے بعد ایک نجی تعمیراتی کمپنی کے کیمپ، کرش پلانٹ اور گاڑیوں کو نذر آتش کر دیا۔ مذکورہ کمپنیوں میں کام کرنے والے مزدوروں نے بتایا کہ حملہ آور درجنوں کی تعداد میں تھے اور جدید اسلحے سے لیس تھے تا حال مغویوں کی بازیابی عمل میں نہیں لائی گئی۔

بقیہ 3 دفتر خارجہ

طالبان پر زور دیتے ہیں کہ پاکستان کے خدشات دور کریں اور وہ عالمی برادری کے ساتھ کئے گئے وعدے پورے کریں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کی میزبانی ترکیہ کر رہا ہے، دوحہ مذاکرات کے تحت افغانستان کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں، افغانستان دوحہ مذاکرات میں کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کرے۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان اسرائیل کے مغربی کنارے کے حصوں کو ضم کرنے کی کوششوں کی سخت مذمت کرتا ہے، ہم فلسطین کاز کے لیے اپنی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ عالمی عدالت انصاف نے اسرائیل کے خلاف مشاورتی رائے دی، جس میں اسرائیل کو امدادی سرگرمیوں میں رکاوٹیں کھڑی نہ کرنے کا پابند کیا، جنوری 2024 سے اب تک یہ اسرائیل کے خلاف عالمی عدالت انصاف کا چوتھا فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ او آئی سی اور متعدد مسلم ممالک نے عالمی عدالت انصاف کے فیصلے کی روشنی میں مشترکہ اعلامیہ جاری کیا اور مشترکہ اعلامیہ میں مقبوضہ فلسطین کے حصوں کو ضم کرنے کے غیر قانونی نئے اسرائیلی قوانین کی شدید مذمت کی۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ پولینڈ کے وزیر خارجہ دو روزہ دورے پر پاکستان آئیں، دونوں ممالک نے دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا جبکہ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ ترجمان نے بتایا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے رواں ہفتے تین اہم رابطے ہوئے، اسحاق ڈار نے متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو کی جبکہ سعودی اور مراکش کے وزرائے خارجہ سے بھی رابطہ ہوا۔ ترجمان نے واضح کیا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف ٹھوس اور قابل تصدیق میکنزم کے قیام کی حمایت کرتا ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری کشیدگی کی وجہ سے دونوں ممالک کے درمیان موجود تمام سرحدیں 13 ویں روز بھی بند رہیں۔ کسٹم حکام کے مطابق ہزاروں مال بردار گاڑیاں سرحد کے دونوں پار پھنسی ہوئی ہیں۔ کسٹم حکام نے بتایا کہ باب دوستی گیٹ 4 سے صرف افغان باشندے لے جانے والی گاڑیوں کو آنے دیا گیا، باب دوستی سے کسی بھی تجارتی سرگرمی کی بحالی کی ہدایات نہیں ملی، ٹریڈ بحالی ہفتے کو استنبول میں متوقع پاک افغان مذاکرات کی کامیابی پر منحصر ہے۔ کسٹم حکام کے مطابق قطر مذاکرات کے بعد سے سرحدی صورتحال میں بہتری ہوئی ہے، جھڑپوں میں متاثرہ ٹرمینلز اور متاثرہ مقامات سے ملبہ تا حال ہٹایا نہیں جاسکا ہے۔ کسٹم حکام نے بتایا کہ باب دوستی کھلنے کے بعد ٹرانزٹ کنٹینرز مرحلہ وار کراسنگ کا فارمولہ تجویز کیا ہے۔ چیمبرز آف کامرس کے مطابق چمن باب دوستی، طورخم، خرلاچی، انگور اڈہ، غلام خان سرحد پر سیکڑوں مال بردار گاڑیاں کھڑی ہیں، دونوں جانب پھنسی گاڑیوں میں گوشت، پھل، سبزیاں، جوس خراب ہو رہے ہیں۔ بارڈر حکام نے بتایا کہ باب دوستی تجارتی سرگرمیوں کے لیے کھولنے کا فیصلہ نہیں ہوا، ضلعی انتظامیہ کے مطابق سرحد کی بندش کے باعث افغانستان کے ساتھ تجارت بند ہے۔

بقیہ 4 نوٹیفکیشن جاری

نے ٹی ایل پی کو انسداد دہشت گردی قانون کے تحت کالعدم جماعت قرار دیتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جسے دیگر اداروں کو بھی ارسال کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزارت داخلہ نے انسداد دہشت گردی قانون کے تحت ٹی ایل پی کو کالعدم قرار دیا، نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت سمجھتی ہے کہ کالعدم ٹی ایل پی دہشت گردی میں ملوث ہے، تحریک لبیک پاکستان کو انسداد دہشت گردی قانون 1997 کی شق 11B(1) کے شیڈول ون کے تحت دہشت گرد جماعتوں کی فہرست میں شامل کر دیا گیا ہے۔ حکومت نے ٹی ایل پی کے دہشت گردی سے مبینہ روابط کے شواہد کی بنیاد پر یہ اقدام اٹھایا ہے، نوٹیفکیشن کی کاپیاں تمام صوبوں کے گورنرز، چیف سیکریٹریز، آئی جیز اور خفیہ اداروں کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔ نیکٹا، ایف آئی اے، آئی ایس آئی اور ایم آئی سمیت دیگر متعلقہ اداروں کو فوری اقدامات کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے، تحریک لبیک پاکستان کے امیر کو بھی نوٹیفکیشن کی کاپی ارسال کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے بعد ٹی ایل پی کے تمام اکاؤنٹس کو منجمد کر دیا جائے گا، ٹی ایل پی کوئی سیاسی اور سماجی سرگرمی نہیں کر سکے گی اور اس کا نام لینے پر بھی پابندی ہوگی۔

بقیہ 5 چینی

حکومت کے زیر انتظام پشاور میں چینی کی قیمت ملک میں سب سے زیادہ ہے۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران پشاور میں چینی کی فی کلو قیمت میں 10 روپے تک کا اضافہ ہوا، پشاور کے شہری ملک میں سب سے مہنگی 210 روپے فی کلو چینی خریدنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 6 وزیراعظم

زہ ہوگا، زمانہ قدیم سے ہمارا خطہ معاشی اور تجارتی راہداری رہا ہے، بڑھتی ہوئی معاشی اہمیت نے اس قدیم گزرگاہ کی اہمیت کو دوچند کر دیا ہے، پاکستان سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہا ہے، ٹرانس افغان ریلوے اور اسلام آباد، تہران، استنبول راہداری سمیت ریلوے کنیکٹیویٹی پر بھی کام ہو رہا ہے، ڈیجیٹل دور میں رابطے ڈیٹا، اختراع اور ٹیکنالوجی تک پھیل چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو یہاں ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کی اختتامی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں 20 سے زائد ممالک کے مندوبین نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعظم نے پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے، میں دنیا بھر سے آئے مہمانوں اور مندوبین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کیلئے اس نہایت اہم کانفرنس کی میزبانی انتہائی اہمیت کی حامل ہے یہ کانفرنس ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب دنیا بھر میں ٹرانسپورٹ اور رابطوں کا منظرنامہ تبدیل ہو رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صدیوں سے ہماری سرزمین، جو آج پاکستان کہلاتی ہے، رابطوں کا ذریعہ اور اہم گزرگاہ رہی ہے، ہم نے ان درخشاں ادوار کی کہانیاں سنی ہیں جب یہ خطہ درجنوں ممالک کے درمیان سامان تجارت، ثقافتی روایات اور تخلیقی خیالات کے تبادلے کا ذریعہ تھا، قدیم شاہراہ ریشم سے لے کر آج کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو تک ہمارا خطہ ہمیشہ سے رابطوں اور مواقع کی سرزمین رہا ہے۔

بقیہ 7 افغان طالبان

میں ملکی کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کیے جائیں اور غیر ملکی کمپنیوں کا انتظار نہ کیا جائے۔ اس حوالے سے پانی اور توانائی کے وزیر ملا عبداللطیف منصور کا کہنا ہے کہ افغانوں کو اپنے پانی کا انتظام خود کرنے کا حق ہے اور یہ تاریخی فیصلہ قومی ذخائر کو سنبھالنے کے لیے افغانوں کے مضبوط ارادے کو ظاہر کرتا ہے۔ خیال رہے کہ دریائے کنڑ چترال سے نکلتا ہے اور تقریباً 482 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد دریائے کابل میں شامل ہو کر واپس پاکستان آتا ہے۔ گزشتہ دنوں بھی ملا عبداللطیف منصور نے دریائے کنڑ پر ڈیم بنانے کو طالبان حکومت کی اہم ترجیحات میں سے ایک قرار دیا تھا۔ دوسری جانب پاکستان کے دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ دریائے کنڑ سے متعلق عالمی قوانین کی پاسداری کریں گے۔

بقیہ 8 ملاقات

معیشت، وزیر دفاع محمد غسان ماؤمون، اور چیف آف ڈیفنس فورس میجر جنرل ابراہیم حلمی سے ملاقات کی۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان عالمی اور علاقائی سلامتی کی بدلتی ہوئی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور، بشمول دوطرفہ دفاعی اور سیکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 9 اعترافی بیان

بے نقاب ہوگیا۔ افغان خودکش بمبار وسیم ارف گوشتہ ننگر ہار کا رہنے والا ہے جس نے 2023ء میں مدرسہ انوار القرآن جلال آباد میں داخلہ لیا۔ اعترافی ویڈیو بیان میں افغان خودکش بمبار وسیم نے بتایا کہ جماعت الاحرار کے ایک کارندے نے خودکش بمباری کی تربیت کے لیے مجھے راضی کیا اور اگست 2023ء میں شوکڑے، کنٹر کے ایک مدرسے میں خودکش حملے کی تربیت حاصل کی۔

بقیہ 10 سپرد

اسمبلی کے ارکان کی تنخواہیں بڑھانے کا معاملہ اسمبلی کی فنانس کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے بلوچستان پولیس کے ملازمین کی تنخواہوں کو دیگر صوبوں کے برابر لانے سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ پولیس نے بلوچستان میں امن و امان کی بابت بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ لیکن پولیس کی تنخواہیں دوسرے صوبوں کی بنسبت بہت کم ہیں۔ جس کی وجہ سے پولیس کے ملازمین میں انتہائی مایوسی پائی جارہی ہے۔ لہٰذا حکومت نے پولیس ملازمین کی تنخواہوں کو ملک کے دیگر صوبوں کے برابر لانے کی بابت کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے جس پر صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے جواب دیا کہ حکومت معزز رکن کے سوال سے متفق ہے ہم پولیس کی تنخواہوں کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لیے اقدامات کریں گے صوبائی وزیر کی یقین دہانی کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن ڈاکٹر محمد نواز کبزئی نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرغہ کبزئی، ہوبازو، شیرانی، خوستی اور کبزئی قبائل پر مشتمل ایک لاکھ دس ہزار آبادی پر مشتمل پسماندہ علاقہ ہے۔ جس کا ایریا تقریباً 5000 مربع کلومیٹر پر محیط ہے۔ اسکی سرحدیں ضلع موسیٰ خیل، لورالائی، قلعہ سیف اللہ اور شیرانی سے جا کر ملتی ہیں۔ جغرافیائی اہمیت کے باوجود یہ علاقہ طویل عرصے سے حکومتی توجہ سے محروم ہے۔

بقیہ 11 مٹن وبیف

زیر غور نہیں، صوبائی سطح پر گوشت کی برآمد پر پابندی کی تجویز زیر غور نہیں ہوگی۔ صنعت و پیداوار کی وزارت کا کہنا ہے کہ صوبے کی طرف سے ایسی کوئی تجویز ہم تک نہیں پہنچی، معاون خصوصی ہارون اختر ایکسپورٹ میں اضافے کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔ وزارت صنعت و پیداوار کا کہنا ہے کہ آج بھی ہارون اختر خان نے ایکسپورٹ میں اضافے سے متعلق میٹنگ کی، وفاق گوشت کی ایکسپورٹ پر پابندی لگانے کے حق میں نہیں۔

بقیہ 12 مقرر

رکنی آئینی بنچ 27 اکتوبر کو سماعت کرے گا، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر بنچ، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس شکیل احمد بنچ میں شامل ہیں۔ واضح رہے کہ عمر ایوب اور شبلی فراز نے 9 مئی مقدمات میں سزا کے بعد نااہلی کو چیلنج کر رکھا ہے، پشاور ہائی کورٹ نے دونوں رہنماؤں کی سرینڈر کیے بغیر اپیل ناقابل سماعت قرار دی تھی۔

بقیہ 13 شاہد روف

ہفتے میں صوبے سے 27 مزدور اغوا ہوئے ہیں، صوبائی حکومت ان کی بازیابی کیلئے اقدامات کرے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کا کہنا تھا کہ سڑک بنانے والوں کی مشینری جلانے والے کون سی آزادی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ آج خضدار میں نامعلوم افراد نے تعمیراتی کمپنی پر حملہ کر کے گاڑیوں کو نذر آتش کیا اور 18 مزدوروں کو اغوا کر کے لے گئے بلوچستان سے گزشتہ ایک ہفتے میں 27 مزدوروں کو اغوا کیا گیا ہے،

بقیہ 14 ارکان اسمبلی

، اصغر علی رند اور محمد خان لہڑی، جنرل منیجر ایس ایس جی سی اور دیگر متعلقہ حکام اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں صوبے کے عوام کو گیس کی مناسب اور بلاتعطل فراہمی کے امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اسپیکر عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا کہ چمن صوبے کا ایک انتہائی سرد علاقہ ہے جہاں گیس کی فراہمی نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چمن میں گیس فراہمی کے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کوشاں ہیں تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں ارکان نے سردیوں کے موسم میں عوام کو درپیش گیس فراہمی کے مسائل اجاگر کیے اور جنرل منیجر سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سمیت دیگر سرد اضلاع میں گیس کی لوڈشیڈنگ کے اوقات میں تبدیلی کی جائے تاکہ شہریوں کو سہولت میسر آسکے۔ جنرل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی نے اسپیکر اور ارکان اسمبلی کو یقین دہانی کرائی کہ سرد علاقوں میں گیس لوڈشیڈنگ کے اوقات میں نرمی پر غور کیا جائے گا، کیونکہ اس وقت پورے ملک میں یکساں لوڈشیڈنگ شیڈول نافذ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد چمن کو ایل پی جی گیس کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی۔

بقیہ 15 بین الاقوامی کمیٹی

سربراہی پاکستان کو ملی ہے۔ او آئی سی امیڈ سین ایسوسی ایشن کے صدر ہمت اکابار نے کمیٹی کی تشکیل کی منظوری دے دی ہے جس میں بحرین، ترکیہ، آذر بائیجان سمیت دیگر ممالک کے نمائندے شامل ہیں۔ کمیٹی خواتین کو بااختیار بنانے اور تحفظ فراہم کرنے میں مدد کرے گی، ترجمان کے مطابق پاکستان میں بھی خواتین کو بااختیار بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 16 وزیراعلیٰ

موجود تھیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم متحد قوم بن کر ہی دشمن کو شکست دے سکتے ہیں۔ بھارت اور مودی کا ناپاک ایجنڈا پاکستان میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا وزیراعلیٰ نے مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بین المذاہب امن کانفرنس کا کامیاب انعقاد نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے باعث فخر ہے اس موقع پر مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو پاکستان میں ان کی گرانقدر خدمات کے اعتراف میں "امن ایوارڈ" پیش کیا جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مولانا عبدالخبیر آزاد کو سوئنیر دیا۔

بقیہ 17 اسد قیصر

ایسا کچھ نہیں کہ بانی پی ٹی آئی مزید جیل میں رہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بنی گالہ منتقلی پر پارٹی میں مشاورت کریں گے، بانی پی ٹی آئی کی منتقلی کے حوالے سے بھی ان سے ہی پوچھا جائے گا، کہیں منتقلی کیلئے درخواست دینے کی ضرورت نہیں، یہ حکومت کی صوابدید ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے اس وقت اسٹیبلشمنٹ سے رابطے نہیں، خیبر پختونخوا میں وزیراعلیٰ کی تبدیلی پر تمام پارٹیوں سے بات کی، ہمارے کے پی میں ایم پی اے ڈٹ کر کھڑے رہے، پوری پی ٹی آئی وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے ساتھ کھڑی ہے

بقیہ 18 تحریک تحفظ آئین

انصاف کے زیر اہتمام ہونے والے جلسے کے لئے عدالت عالیہ کی جانب سے حکومت کو تین مقامات میں سے ایک مقام پر جلسے کی اجازت دینے کے احکامات پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوا جس کی وجہ سے ہمیں تشویش لاحق ہے ہمارا جلسہ ضرور ہوگا جس میں لوگوں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ ہم سیاسی اور جمہوری لوگ ہیں ہمیں جلسہ کرنے کی اجازت دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، کبیر افغان، ذولیخہ مندوخیل، نور خان خلجی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کہتے ہیں کہ صوبہ میں امن وامان کا کوئی مسئلہ نہیں ہے جب بھی تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام کوئی جلسہ، احتجاج اور ریلی نکالی جاتی ہے تو انہیں روکا جاتا ہے آئین و قانون کے مطابق ہر شہری کو احتجاج کا حق حاصل ہے زور زبردستی سے قائم ہونے والی فارم 47 کی حکومت ڈنڈے پر چل رہی ہے۔

بقیہ 19 جسٹس اطہر من اللہ

گولیاں مار کر قتل کرنے والے ایف سی اہلکار کی سزائے موت کے خلاف اپیل کا اقلیتی فیصلہ جاری کرتے ہوئے اپیل خارج کردی۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ ماورائے عدالت قتل آئین اور بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، سپریم کورٹ ماورائے عدالت حراستی قتل کو فساد فی الارض قرار دے چکی، ایف سی اہلکار کا جرم بزدلانہ، بہیمانہ اور عوامی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا ہے، قانون نافذ کرنے والا اہلکار شہری کا قاتل بنے تو سب سے سخت سزا لازم ہے۔ سپریم کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے اپنے اقلیتی فیصلے میں قرار دیا ہے کہ یونیورسٹی کے طالبعلم حیات کو ایف سی اہلکار نے حراست میں قتل کیا، تربت میں ماں باپ کے سامنے نوجوان کو بالوں سے گھسیٹ کر فائرنگ کر کے مارا گیا، ملزم شادی اللہ نے سرکاری بندوق سے مقتول کی چھاتی میں 8 گولیاں ماریں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ والدین کی دہائیاں سننے کے باوجود فائرنگ جاری رکھی گئی، سپریم کورٹ ماورائے عدالت حراستی قتل کو فساد فی الارض قرار دے چکی، ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ کے سزائے موت کے فیصلے کی توثیق برقرار رکھی جاتی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایف سی اہلکار کا جرم بزدلانہ، بہیمانہ اور عوامی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا ہے، قانون نافذ کرنے والا اہلکار شہری کا قاتل بنے تو سب سے سخت سزا لازم ہے، ایف سی کی ذمہ داری عوام کا تحفظ ہے شہریوں پر گولیاں چلانا نہیں۔

بقیہ 20 سمندر

ہے آخری بار نومبر 2023 میں جیوانی کے علاقے سے ان کی موجودگی ریکارڈ کی گئی تھی، جب برائیڈز وہیل کے پھنسنے کا واقعہ رپورٹ ہوا تھا۔

بقیہ 21 سمری تیار کر لی گئی

زکوٰۃ کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس حوالے سے ایک سمری تیار کی گئی ہے جو منظوری کے لئے بلوچستان کابینہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے گی جس کے مطابق محکمہ زکوٰۃ کے ملازمین کو سرپلس پول میں بھجوا کر ضرورت کے تحت متعلقہ محکموں میں کھپایا جائے گا اور محکمے کے اثاثے محکمہ ریونیو کو دینے کی تجویز زیر غور ہے جبکہ مستحقین میں زکوٰۃ کی تقسیم کی خدمات بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے حاصل کرنے کیلئے بات چیت کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 22 زیراعلیٰ کے پی

نے کہا کہ چارسدہ کی عوام سے خطاب اس لئے ضروری تھا یہاں سے ایک سیاسی جماعت کا خاتمہ کیا، خیبر پختونخوا کے عوام بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جس روز سے میرا نام وزیراعلیٰ کے لیے آیا تو اسی وقت کہا گیا قبول نہیں ہے، مجھے اور کسی کی فکر نہیں مجھے عوام کی فکر ہے اور عوام کو قبول ہوں۔

بقیہ 23 گورنر پنجاب

کا اعتراف کیا، مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی میں مجبوری کا رشتہ ہے، دونوں جماعتوں کے کارکن ایک دوسرے کو برداشت کرنے کو تیار نہیں، سہیل آفریدی بانی سے مل لیں گے تو کوئی آسمان نہیں گر جائے گا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا کہ 18 ماہ (ن) لیگ کے ساتھ حکومت چلانا پارٹی کے لیے بھیانک خواب تھا، مجبوری میں بیٹھنا پڑا، پارٹی کو بہت نقصان ہوا، لیکن ہم نے ملک کا نقصان نہیں ہونے دیا۔

بقیہ 24 شیخ صالح بن فوزان

اس نے حالیہ برسوں میں تیزی سے رونما ہونے والی سماجی تبدیلیوں کے باوجود اپنی روایت کو برقرار رکھا ہے۔ اخبار میں شائع خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق سرکاری خبر رساں سعودی پریس ایجنسی (ایس پی اے) نے بدھ کی رات اطلاع دی کہ شیخ صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان کو شاہی فرمان کے ذریعے سعودی عرب کا نیا مفتی اعظم مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 25 گورنر بلوچستان

کر سکتے ہیں۔ انٹیگریٹڈ واٹر منیجمنٹ انسٹیٹیوٹ کی اس تقریب کے بہت مثبت اثرات مرتب ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف بلوچستان میں کچن گارڈننگ کے حوالے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ اور انٹیگریٹڈ واٹر منیجمنٹ انسٹیٹیوٹ کے ڈاکٹر محمد ارشد سمیت ریسرچرز اور یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کی ایک بڑی تعداد موجود تھی شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کچن گارڈننگ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ باورچی خانہ ہر گھر کا متحرک دل ہے، کچن گارڈننگ مالی اخراجات سے نجات دلاتا ہے۔

بقیہ 26 طلال چوہدری

نے لکھ کر دیا کہ آئندہ قانون کی خلاف ورزی نہیں ہوگی، جو یقین دہانی کرائی گئی تھی بعد میں اس کی خلاف ورزی کی گئی، رولز کی روشنی میں حکومت کے پاس کالعدم کرنے کے سوا دوسرا کوئی آپشن نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے مرحلے میں اس تنظیم کے اثاثوں سے متعلق قانونی کارروائی ہوگی۔

بقیہ 27 علیمہ خان

کے ضامن کی پراپرٹی بحق سرکار قرق کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اے ٹی سی جج امجد علی شاہ نے مقدمے کی سماعت کی، علیمہ خان عدالت سے جاری وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کرنے کے باوجود پیش نہ ہوئیں۔

بقیہ 28 شازیہ مری

کرائی ہے اور ہم ملک میں مزید مسائل پیدا نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ سیکریٹری اطلاعات پی پی پی شازیہ مری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو وائرس ہمارے بچوں کا بہت بڑا دشمن ہے، سندھ بھر میں پولیو سے نمٹنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں،

بقیہ 29 ترکیہ: تارکین

بتایا گیا کہ یہ کشتی بودرم کے ساحل سے روانہ ہوئی تھی جو ترکیہ کے سیاحتی صوبے موغلا کا مشہور مقام ہے۔ تاہم کشتی میں روانگی کے کچھ دیر بعد پانی بھرنا شروع ہوگیا تھا جس کے باعث ممکنہ طور پر یہ حادثہ پیش آیا۔ ایک زندہ بچنے والے شخص نے بتایا کہ وہ پوچھ گھنٹے تک تیر کر ساحل تک پہنچا جبکہ دوسرا زندہ بچ جانے والا شخص قریب کے ایک جزیرے سے ملا۔

بقیہ 30 سمگلر گرفتار

6 انسانی سمگلر عدیل علی، ثناء اللہ، عبدالخالق اور 3 افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کو کوئٹہ کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا گرفتار ملزم عدیل علی کے قبضے سے 3 موبائل فون برآمد ہوئے جس میں سے انسانی اسمگلروں کے ساتھ ہونے والی بات چیت، تصاویر اور شواہد دیگر بھی برآمد ہوئے۔ گرفتار ملزمان افغان شہریوں کی اسمگلنگ میں ملوث ہیں گرفتار ملزم عدیل علی کی نشاندہی پر ثناء اللہ اور عبدالخالق کو ایئرپورٹ روڈ سے گرفتار کیا گیا۔

بقیہ 31 گیس لیکج

مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے نواحی علاقے اے ون سٹی میں گیس لیکج کے باعث زوردار دھماکہ ہوا جس سے گھر اور گھر میں کھڑی گاڑی کو شدید نقصان پہنچا جبکہ نزدیکی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی دھماکے سے 2 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے کوئٹہ اور گرد و نواح میں رات ساڑھے 9 بجے سے لیکر صبح 6 بجے تک گیس کی فراہمی معطل رہتی ہے

بقیہ 32 ڈونلڈ ٹرمپ

رونالڈ ریگن سے متعلق دھوکا دہی کا دعویٰ کیا کہ وہ ٹیرف کے خلاف تھے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ رونالڈ ریگن ٹیرف کے حامی تھے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ صدر ریگن ٹیرف کو ملکی مفاد اور قومی سلامتی کیلئے ضروری سمجھتے تھے۔ صدر ٹرمپ نے الزام عائد کیا

بقیہ 33 اے سی ایس

چیت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں جوائنٹ چیف اکاؤنٹنٹ، مختلف محکموں کے چیف آفس سیکشنز، ایڈیشنل سیکرٹری پی اینڈ ڈی اور دیگر نے شرکت کی۔ اے سی ایس نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے پی اینڈ ڈی آفیسران کو ہدایت کی کہ تمام افسران میگا پراجیکٹس پی سی ون کے مطابق بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کرانے کی کوشش کریں تاکہ عوام کو ان اسکیمات کی ثمرات جلد سے جلد میسر ہوں۔

بقیہ 34 افغان طالبان

طالبان سے جڑے متعدد سوشل میڈیا اکاؤنٹس پاکستان مخالف مہم میں مصروف ہیں، جو پرانے واقعات اور ویڈیوز کو توڑ مروڑ کر پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی چمن احتجاج کی ویڈیوز دراصل دسمبر 2022 کی ہیں، جنہیں حالیہ واقعات کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے

بقیہ 35 سپریم کورٹ

ہیں کہ سب وکلا فل کورٹ مانگ رہے ہیں مگر طریقہ کار کوئی نہیں بتا رہا جبکہ جسٹس شاہد بلال حسن نے ریمارکس دیے ہم کان اور آنکھیں بند کر کے کسی کو ریلیف نہیں دے سکتے۔ جمعہ کو جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 8 رکنی آئینی بنچ نے سماعت کی۔ سابق سینیٹر افراسیاب خٹک کے وکیل خواجہ احمد حسن نے دلائل میں استدعا کی کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے پہلے والا سولہ رکنی فل کورٹ تشکیل دیا جائے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ اگر آج کیس سن نہیں سکتا تو آرڈر کیسے دے سکتا ہے؟

بقیہ 36 آگ بھڑک اٹھی

کا کام شروع کر دیا۔ محکمہ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق گزشتہ روز قلعہ سیف اللہ کے علاقے سپین غر کے پہاڑی سلسلے میں جنگلات میں آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے بڑے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

بقیہ 37 ایس پی عدیل

آئی جی اسلام آباد کی مرحوم کے اہلخانہ سے تعزیت اور ادارے کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 38 اعلامیہ جاری

میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پولینڈ کے وزیر خارجہ رادوسواف سیکورسکی نے 23 تا 24 اکتوبر 2025 تک پاکستان کا سرکاری دورہ کیا، جسے دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے استحکام کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔

بقیہ 39 نور جہاں

مقدمہ درج کرلیا۔ گذشتہ ماہ لاہور میں تیز آواز میں نور جہاں کا یہی گانا سننے پر پولیس نے ایک شخص پر مقدمہ درج کیا تھا، اس معاملے پر عدالت نے قرار دیا تھا کہ گانا بلند آواز میں سننے پر یہ قانون لاگو نہیں ہوتا۔

بقیہ 40

خان نے ملزم عارف اللہ کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزم عارف اللہ کو سی ٹی ڈی کے اہلکاروں نے تھانہ پنڈیالی کی حدود شیش گل کے پہاڑ کے قریب سے حراست میں لیا تھا، ملزم کے قبضے سے بارودی مواد اور دیگر آلات برآمد ہوئے۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا

بقیہ 41 فراہمی یقینی

بنیادی صحت مراکز (BHU) اور دیہی مراکز صحت (RHC) کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جا رہا ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر صحت نے کہا کہ محکمہ صحت میں شفافیت، نگرانی اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور مریضوں کو سہولیات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 42 اخراج ودرستگی

چیک کریں انتخابی فہرستوں میں ووٹ کے اندراج، ٹرانسفر، اخراج و درستگی کیلئے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ سے جلد از جلد رجوع کریں یاد رہے انتخابی فہرستوں کی تکمیل کے بعد الیکشن کمیشن فوراً بلدیاتی الیکشن کا پروگرام جاری کرے گا۔ جس کے اجراء کے بعد زیر دفعہ 39 الیکشنز ایکٹ 2017، کسی قسم کے ووٹوں کا اندراج، ٹرانسفر، اخراج و درستگی نہیں ہو سکے گی۔

بقیہ 43 قابل قبول نہیں

کہا گیا ہے کہ صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں بالخصوص ملتان صدر کے علاقے غلہ منڈی میں پشتونوں کی تقریباً 70 دکانیں موجود ہیں جہاں پر پولیس وانتظامیہ کی جانب سے زبردستی دکانوں کو بند کرنے، مختلف حیلوں و بہانوں سے تنگ و ہراساں کرنے، بھتہ مانگنے، دکانوں اور مکانوں پر قبضہ کرنے کا غیر انسانی، غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری اور پشتون دشمنی پر مبنی عمل جاری ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ افغان کڈوال کے نام پر مقامی پشتونوں کی گرفتاریاں، چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی، کاروبار، تجارت، تعلیم اور دیگر معاملات زندگی کو مفلوج کرنے کا اقدام کسی صورت قابل قبول نہیں بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے

بقیہ 44 کا کام مکمل کریں

آپریشن سب ڈویژن کے دورہ کے موقع پر افسران وملازمین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے گزشتہ روز کراچی، سریاب، بروری، پشتون آباد، میرداد اور گوالمنڈی سب ڈویژن کے دفاتر کا دورہ کیا دورے کے موقع پر متعلقہ ایس ڈی اوز نے اپنے اپنے سب ڈویژن کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دی اس موقع پر کیسکو کے سپرنٹنڈنگ انجینئر، ایگزیکٹو انجینئر اور دیگر متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا کہ تمام افسران وملازمان کنزیومر سروس مینول پر سختی سے عمل کریں اور بجلی بلوں کی درست بلنگ کر کے واجبات کی وصولی کو یقینی بنائیں نیز فیلڈ آپریشن عملہ صارفین کو نئے کنکشن کی فراہمی کے عمل کو آسان بنائیں اور کم سے کم وقت میں میٹر کنکشن کی تنصیب کا کام مکمل کریں

بقیہ 45 ٹیکنالوجی اسلام آباد

قائم کیا گیا ہے بلوچستان میں یہ امتحان بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقد کیا جا رہا ہے جس میں 10 ہزار 283 امیدوار شریک ہوں گے جن میں سے 9553 امیدوار کوئٹہ سینٹر جبکہ 730 امیدوار اسلام آباد سینٹر میں امتحان دیں گے۔ بلوچستان کے امیدواروں کے لیے دو امتحانی مراکز مقرر کیے گئے ہیں ایک بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز تکو ٹیپلکس طور نو سائتھ ملیلی ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ اور دوسرا اسلام آباد نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد ہوگا۔

بقیہ 46 اقتصادی رابطہ کمیٹی

بریفنگ دی، جس میں بتایا گیا کہ حالیہ سیلاب نے زرعی اراضی اور مویشیوں کو متاثر کیا، جس کے باعث غذائی افراط زر میں اضافہ ہوا۔ ستمبر 2025 میں مہنگائی کی شرح 5.6 فیصد ریکارڈ کی گئی، اور [illegible]

بقیہ 47 تفصیلی تبادلہ

[illegible]

بقیہ 48 مہنگائی

[illegible]

بقیہ 49 بلوچستان رجسٹرار

[illegible]

بقیہ 50 سمیت اہم اداروں

پاکستان کی جانب سے یو این ڈی پی کے تعاون سے ڈیولپمنٹ جسٹس پروجیکٹ [illegible] (An Garda Sochna) [illegible]

بقیہ 51 اسلامی اصولوں

[illegible]

بقیہ 52 ثمرات جلد

[illegible]

بقیہ 53 شدید نقصان

[illegible]

بقیہ 54 کا بوجھ رہا

[illegible]

بقیہ 55 حکومت قائم

[illegible]

بقیہ 56 عوامی اعتماد

[illegible]

بقیہ 57 فراہمی یقینی

[illegible]

بقیہ 58 24 ہزار 694

[illegible]

بقیہ 59 بیانات ریکارڈ

[illegible]

بقیہ 60 سیاسی عمل کی حمایت

[illegible]

بقیہ 61 اپیل دی

[illegible]

بقیہ 62

[illegible]

بقیہ 63 علاقوں میں سپلائی کیا

[illegible]

بقیہ 64 پیش کرتے ہوئے

[illegible]

بقیہ 65 پی آئی اے

[illegible]

بقیہ 66 صورتحال مزید

[illegible]

بقیہ 67 تلاش کرنے میں

[illegible]

بقیہ 68

[illegible]

بقیہ 69 متاثرہ

[illegible]

بقیہ 70 فورسز کو نقل وحرکت

[illegible]

بقیہ 71 ریکارڈ کی

[illegible]

بقیہ 72 حصول امن

[illegible]

بقیہ 73

[illegible]

بقیہ 74 اضافی بجلی فراہم

[illegible]

بقیہ 75 شامل کیا جائے گا

[illegible]

پی ٹی آئی و مسلم لیگ (ن) کے درمیان ڈھائی سالہ معاہدہ حقیقت ہے، عبدالرحمن کھیتران

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس، مہنگائی پر قابو پانے اور معاشی استحکام کیلئے اہم فیصلے

کوئٹہ: اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مختلف شخصیات کی شمولیت کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سرفراز اوستہ محمد محمد داؤد ولد عبدالرؤف جمالی نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں روپوش ملزم عبدالستار ولد بیہد سردار شاہ قوم سید ساکن قادر پور (سندھ) کو ایکسپریس میں ریڈ کے دوران گرفتار کرلیا مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بلوچستان سے 10 ہزار 283 امیدوار شریک، جن کیلئے دو مراکز مقرر ہیں، اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے رجسٹرار کے جاری کردہ ایک اطلاع کے مطابق ملک بھر میں میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (2025-26MDCAT) ایک وقت 26 اکتوبر 2025 کو منعقد کیا جائے گا اس سال ملک بھر سے کل ایک لاکھ 40 ہزار 125 امیدوار امتحان میں شریک ہوں گے امتحانات کے لئے پاکستان بھر میں 35 امتحانی مراکز اور ایک بین الاقوامی مرکز ریاض (سعودی عرب) میں.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پر بروز اتوار ایک عام قرآن، صاحب قرآن اور امت مسلمہ کے موضوع پر سیشن کریں گے پریس کلب ہال میں یہ دینی و روحانی تقریب منعقد ہوگی تمام شعبہ ہائے زندگی کے افراد کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے دیگر مقامات پر بھی مختلف پروگرامز منعقد ہوں گے۔

نواں کلی شوروم سے 95 لاکھ کی چوری کی واردات میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے عملے نے نواں کلی کے علاقے میں 95 لاکھ روپے کی چوری کی واردات میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کر کے رقم برآمد کر لی اور ملزمان کو تھانہ کینٹ کے حوالے کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق 17 اکتوبر کو تھانہ کینٹ کے علاقے ہنہ بائی پاس پر واقع مقامی شوروم سے نامعلوم چور 95 لاکھ چوری کر کے لے گئے تھے پولیس کی جانب سے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کیا گیا

مہنگائی کی شرح مسلسل بڑھنے لگی عوام کی قوت خرید جواب دے گئی

ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی مجموعی شرح میں مزید 0.22 فیصد اضافہ ہوا، ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 5.03 فیصد تک جا پہنچی

20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جبکہ 6 اشیاء کی قیمتوں میں کمی اور 25 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں، ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں مہنگائی کی رفتار کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھتی جا رہی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں چوتھے ہفتے بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی مجموعی شرح میں مزید 0.22 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 5.03 فیصد تک جا پہنچی ہے۔ ادارہ شماریات کا کہنا ہے کہ گزشتہ ہفتے 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 6 اشیاء کی قیمتوں میں کمی جبکہ 25 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے کے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

دین سے دوری ہلاکت و تباہی کا راستہ ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

لادین قوتیں فریب زدہ نظریات کے ذریعے امت مسلمہ کو راہ حق سے ہٹانے پر گامزن ہیں، رہنما جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق نے کہا ہے کہ دین سے دوری ہلاکت اور تباہی کا راستہ ہے آج لادین قوتیں خوش نما نعروں اور فریب زدہ نظریات کے ذریعے امت مسلمہ کو راہ حق سے ہٹانے کے منصوبے بنا رہی ہیں نوجوان نسل اگر گمراہی اور فکری یلغار سے محفوظ رہنا چاہتی ہے تو اسے علماء .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

...ل گورگیج میں آر او پلانٹ سولر ٹیوب ویل کی تنصیب کا کام شروع

پینے کے صاف پانی کی فراہمی سے شہری مستفید ہوں گے، صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈوکی

بختیار آباد (آن لائن) صوبائی وزیر صنعت و تجارت سردار کوہیار خان ڈوکی کے ایم پی اے فنڈز سے بی کے علاقے گاؤں ل گورگیج میں آر او پلانٹ سولر ٹیوب ویل کی تنصیب کا کام شروع ہو چکا ہے اس منصوبے سے گاؤں کے سینکڑوں گھروں کو پینے کیلئے صاف پانی فراہم ہوگا اس سے قبل علاقہ مکین دور دراز علاقوں سے پانی لاتے تھے اس موقع .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

شہری کو برہنہ کر کے تشدد کرنے والے 6 ملزمان کا 7 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عدالت نے شہری کو برہنہ کر کے تشدد کرنے والے 6 ملزمان کا 7 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا جبکہ مقدمے میں دہشت گردی کی دفعہ شامل کرتے ہوئے تفتیش انسپکٹر لیول کے آفیسر کو سونپ دی۔ جمعہ کو اے ٹی سی راولپنڈی میں شہری برہنہ تشدد کیس پر سماعت ہوئی، ملزمان یاسر خان (پولیس ملازم)، ملک جنید ظہیر، فیصل مسیح، فخر عباس، روحیل اور رب نواز عرف نخا کو عدالت پیش کیا گیا۔ عدالت نے ملزمان کا 7 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر کے مقدمے کی تفتیش انسپکٹر انویسٹی گیشن سٹی سرکل عامر خالد کو سونپ دی

بلوچستان کی شاہراہوں پر 5 سال میں 77 ہزار ٹریفک حادثات رپورٹ

1770 سے قیمتی جانیں ضائع، 3 ہزار 902 افراد زخمی

بلوچستان میں حادثات کی شرح پورے ملک میں سب سے زیادہ ہے، میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی قومی اور بین الصوبائی شاہراہوں پر گزشتہ 5 سال میں 77 ہزار حادثات کے دوران 1700 سے زائد افراد اموات کی آغوش میں چلے گئے اور ہزاروں کی تعداد میں زخمی ہوئے ہیں میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کی رپورٹ کے مطابق اکتوبر 2019ء سے ستمبر 2025ء کے دوران بلوچستان کی مختلف قومی اور بین الصوبائی شاہراہوں پر ہونے والے مختلف نوعیت کے 77 ہزار 826 ٹریفک حاد.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے پی ٹی آئی وومن ونگ پاکستان کے وفد کی ملاقات

ملکی سیاسی صورتحال اور اہم امور پر تبادلہ خیال، عہدہ سنبھالنے پر سہیل آفریدی کو مبارکباد دی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی سے پاکستان تحریک انصاف وومن ونگ پاکستان کی صدر کنول شوزب کی قیادت میں خواتین کے ایک وفد نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی ملاقات کرنے والوں میں بلوچستان سے پاکستان تحریک انصاف وومن ونگ کی سینئر نائب صدر و سابق رکن قومی اسمبلی منورہ منیر، صدر وومن ونگ پشاور.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

صحت کے نظام کی بہتری کیلئے عملی اقدامات شروع کر دیئے، بخت کاکڑ

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صحت کے نظام کی بہتری کیلئے عملی اقدامات شروع کر دیئے صوبے کے تمام اضلاع میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے موجودہ حکومت نے صحت کے شعبے کو ایک بنیادی عوامی ضرورت اور ترقی کا اہم ستون قرار دیا ہے دور دراز علاقوں میں ہسپتالوں.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ جناح ٹاؤن میں نامعلوم افراد کے حملے سے 1 شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے جناح ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے جناح ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے گزشتہ شب حملہ کر کے عدنان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کر دی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی

کراچی کالاکوٹ واقعہ میں ہوٹل مالکان کیساتھ انصاف کیا جائے، انجمن تاجران

واقعہ کی شفاف انکوائری کی جائے، رحیم آغا، نصرالدین کاکڑ و دیگر کی وزیر اعلیٰ سندھ سے اپیل

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، حاجی نصرالدین کاکڑ، ولی افغان ترین، میر محمد رحیم ہنگورکی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، سید حیدر آغا، سردار سجاد شاہوانی، ملک محمد حسین شاہوانی، خان کاکڑ، سید حیدر آغا، حاجی ظہور کاکڑ، سید شفیع آغا، امرین آغا و دیگر عہدیداروں حکومت سندھ خاص کر آئی جی پولیس سندھ سے پرزور مطالبہ کرتے ہو.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے جامع انتظامات جاری

انتخابی فہرستوں میں ووٹ کے اندراج، ٹرانسفر، اخراج و درستگی کیلئے جلد رجوع کیا جائے، الیکشن کمیشن

کوئٹہ (آن لائن) معزز عدالت عالیہ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کا ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے جامع انتظامات جاری ہیں الیکشن کمیشن بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے متوقع امیدواروں، ووٹروں اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ اپنے ووٹ کا اندراج انتخابی فہرستوں اور متعلقہ وارڈ میں.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ مواصلات وتعمیرات کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق گورنمنٹ کنٹریکٹر ایم ایس زین اللہ کاکڑ کنسٹرکشن کمپنی جس کے ذمہ قلعہ عبداللہ کراس تا حرمزئی تحصیل کی سڑک کا منصوبہ تھا، کی عدم تکمیل اور دانستہ کنٹریکٹ قوانین کی خلاف ورزی پر تین سال کی پابندی لگا دی گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر فوجداری نظام انصاف سے وابستہ سینئر افسران کا دورہ آئرلینڈ

وفد نے آئرش پولیس، ڈائریکٹر آف پبلک پراسیکیوشنز آفس سمیت اہم اداروں کے دورے کئے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت اور منظوری سے صوبے کے فوجداری نظام انصاف سے وابستہ سینئر افسران پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات کی قیادت میں آئرلینڈ کے دارالحکومت ڈبلن کا کامیاب مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات و جرائم (UNODC).......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی و دیگر ارکان اسمبلی کو ڈپٹی جی ایم ایس ایس جی سی بریفنگ دے رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کو وی سی بولان میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شبیر لہڑی بریفنگ دے رہے ہیں

قبائلی تنازعات کے باعث ہزاروں خواتین بیوہ و بچے یتیم ہوئے، قاری مہر اللہ

گلستان میں 55 سالہ تنازع کا خاتمہ پر قبائلی جرگہ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں، رہنما جمعیت (ن)

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے کنوینئر ضلع کوئٹہ کے امیر قاری مہر اللہ سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی حاجی حبیب اللہ صافی حافظ عبدالواحد ہاشمی مولوی رحمت اللہ حقانی حاجی محمد انور حاجی جلال عبدالقادر گلستانی و دیگر نے گلستان میں سادات قبیلے حاجی نصرو حاجی محمد حنیف آغا کے خاندانوں میں .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ولی تنگی ڈیم سے مقامی آبادی کو بلا تعطل پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، کمشنر کوئٹہ

محکمے واٹر چینلز کی فوری مرمت اور ڈسٹری بیوشن پوائنٹس کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کریں، شاہزیب خان کاکڑ کی ہدایت

حالیہ سیلابی صورتحال کے باعث واٹر چینلز و پائپ لائنز کو شدید نقصان پہنچا جس سے پانی کی ترسیل متاثر ہوئی، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ولی تنگی ڈیم سے مقامی آبادی کو پانی کی فراہمی اور تقسیم کے نظام کو بہتر بنانے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، لیفٹیننٹ کرنل بدر خان (سی ایم ای ایس کوئٹہ)، ڈی ڈی 100 ڈیمز عرفان احمد، ایس پی سیکیورٹی نعیم اچکزئی، ایس ڈی او اریگیشن محمد اقبال خان، اسسٹنٹ کمشنر صدر کیپٹن (ر) محمد حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل سید کلیم اللہ سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے اجلاس کے دوران ولی تنگی ڈیم سے پانی کی فراہمی، مقامی آبادی کے.......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی اسکیمات کی بروقت تکمیل ضروری ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات

عوام کے بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، زاہد سلیم

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت کے مطابق ترقیاتی اسکیمات کی بروقت تکمیل ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے محکمہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے ماہانہ ریو اجلاس کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں جوائنٹ چیف اکانومسٹ، مختلف محکموں کے چیف آف سیکشن، ایڈیشنل سیکرٹری پی اینڈ ڈی اور دیگر آفیسران نے شرکت کی۔ اے سی ایس نے کہا کہ عوام .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

درپیش چیلنجز کے باوجود اداروں کی بہتری کیلئے پرعزم ہیں، ڈاکٹر نواز کبزئی

بلوچستان کی آبادی 2023 میں 1 کروڑ 49 لاکھ جبکہ 2050ء تک 3 کروڑ 58 لاکھ تک پہنچنے کا امکان ہے، افسران کی چیئرمین کو بریفنگ

محکمہ بہبود آبادی کے ساتھ کمیٹی اراکین ہر ممکن معاونت جاری رکھیں گے، اجلاس میں اسد اللہ بلوچ، شاہدہ رؤف و دیگر ممبران بھی شریک

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ بہبود آبادی کا اجلاس کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر محمد نواز کبزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں ممبران مجلس میر اسد اللہ بلوچ، شاہدہ رؤف، سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی ظفر علی بلیدی، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان اور ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ بہبود آبادی نے صوبے میں آبادی کے حوالے سے موجودہ صورتحال، ترقیاتی کارکردگی، اہداف اور درپیش چیلنجز پر ممبران کمیٹی کو تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کے صوبائی صدر و سینیٹر مولانا عبدالواسع، مولوی کمال الدین، حاجی نواز کاکڑ، ملک قیوم کاکڑ و دیگر برشور میں استحکام جمعیت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

یہودی مسلمان ممالک کو آپس میں لڑا کر مفادات حاصل کرنا چاہتے ہیں، مولانا عبدالواسع

پاکستان اور افغانستان نے جنگ بندی کا بروقت فیصلہ کر کے مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی سازش ناکام بنادی، مولوی کمال الدین، حاجی نواز کاکڑ

جمعیت اور اپوزیشن جماعتوں کی جدوجہد کی بدولت حکومت کو مائنز اینڈ منرلز بل واپس لینے پر مجبور کیا، نواز کاکڑ، زاہد علی ریکی و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ عام انتخابات میں جمعیت کی کامیابی کو ناکامی میں تبدیل کر کے فارم 47 والوں کی حکومت قائم کی گئی جنہیں عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے جمعیت علماء اسلام بلوچستان میں مضبوط اور مستحکم ہے جمعیت کو ختم کرنے کا خواب دیکھنے والوں کو منہ کی کھانی پڑی ہے، یہودی قوتیں مسلمان ممالک کو آپس میں لڑا کر اپنے مفادات حاصل کرنا چاہتی ہیں پاکستان اور افغانستان نے جنگ بندی کا بہتر فیصلہ کر کے مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی سازش ناکام بنادی، بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود ڈاکٹر محمد نواز کبزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس پی عدیل اکبر کی مبینہ خودکشی کا معاملہ، آپریٹر، ڈرائیور کے بیانات ریکارڈ

الگ الگ کمروں میں رکھ کر بیانات ریکارڈ کیے گئے، ایف آئی آر تاحال درج نہیں ہو سکی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایس پی انڈسٹریل ایریا عدیل اکبر کی مبینہ خودکشی سے متعلق ایف آئی آر تاحال درج نہ ہو سکی جبکہ تحقیقاتی ٹیم نے عدیل اکبر کی سٹاف ٹیم کے آپریٹر اور ڈرائیور کے بیانات ریکارڈ کر لئے ہیں۔ واقعہ کی تحقیقات کیلئے ڈی جی سیف سٹی.......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ شام میں سیاسی منتقلی کیلئے پابندیاں نرم کرے، پاکستان

شام کی حکمرانی میں بہتری لائی جائے تاکہ ٹھوس نتائج سامنے آئیں، عثمان جدون

نیویارک (م ڈ) پاکستان نے اقوام متحدہ سے شام کی سیاسی منتقلی کی مدد کیلئے پابندیاں نرم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شام کی حکمرانی میں بہتری لائی جائے تاکہ ان اہداف کے حصول کے لئے ٹھوس نتائج سامنے آئیں۔ ان خیالات کا اظہار.......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ادارے پی ٹی آئی کی مقبولیت بحال کرنے کے لیے سرگرم، ایمل ولی

سہیل آفریدی کو عمران خان سے ملاقات نہ دینا ریاستی پالیسیوں کا تسلسل ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کو سابق وزیر اعظم عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ دینا ریاستی پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اس پالیسی کے تحت ادارے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو مکمل طور پر پولیو فری بنانا ہوگا، آصفہ بھٹو زرداری

قومی مہم سے میرا ذاتی تعلق ہے، یہ سفر میری والدہ شہید نے شروع کیا تھا، خاتون اول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے پولیو کے عالمی دن پر پولیو کے خاتمے اور ہر بچے کو قابل علاج بیماریوں سے بچانے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے پولیو کے خلاف مسلسل پیشرفت .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

فکر باچا خان سے وابستگی نوجوانوں کیلئے امید کی کرن ہے، اے این پی

یہ امر خوش آئند کہ پارٹی میں شمولیت کرنے والے پشتون اولس باچا خان کی عدم تشدد، ترقی و خوشحالی پر مبنی سیاست سے ناطہ جوڑ رہے ہیں، اصغر خان اچکزئی

اے این پی مظالم کے خلاف آواز بلند اور پشتونوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی، کوئٹہ پریس کلب میں شمولیتی تقریب سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بحیثیت پشتون قوم ہم پر زندگی اجیرن بنا دی گئی ہے امن اور روزگار و دیگر بنیادی مسائل ہیں جو بنا دیئے گئے ہیں ہمارا اس جنگ سے نجات کا واحد راستہ اتفاق و اتحاد میں مضمر ہے نئے شامل ہونے والوں کو فکر باچا خان کے تسلسل عوامی نیشنل پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہیں ان خیالات کا اظہار گزشتہ چار عشروں سے پشتون خواوطن میں تاپید اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبید اللہ عابد صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلعی صدر ثناء اللہ کاکڑ ضلعی جنرل سیکرٹر.......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ریونیو ایمپلائز کوآپریٹو سوسائٹی کے مسائل سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کو طویل عرصے سے توانائی کے خوفناک بحران کا سامنا ہے، محمد عبدالقادر

بجلی و گیس کی عدم دستیابی اور ٹیرف میں بے تحاشا اضافہ کی وجہ سے ملکی معیشت زوال پذیر رہی، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک طویل عرصے سے توانائی کے خوفناک بحران کا سامنا کر رہا ہے بجلی اور گیس توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے اہم ذرائع ہیں سستی اور بلاتعطل بجلی اور گیس کی فراہمی ہمارے ملک کی صنعت و زراعت کی پیداوار میں اضافے میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں بجلی اور گیس کی عدم دستیابی اور ٹیرف میں بے تحاشا اضافہ کی وجہ سے ملکی معیشت زوال پذیر رہی حکومت نے.......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس نے 5 پرائیویٹ گارڈز کو حراست میں لیکر اسلحہ و ایمونیشن سمیت گاڑی قبضے میں لے لی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور پرائیویٹ گارڈز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 پرائیویٹ گارڈز کو حراست میں لیکر اسلحہ اور ایمونیشن سمیت گاڑی قبضے میں لے لی پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او خروٹ آباد حاجی عبدالہی کرانی نے دیگر عملے کے ہمراہ سنیپ چیکنگ کے دوران پرائیویٹ گن مینوں اور غیر قانونی اسلحہ لیکر جانے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 پرائیویٹ گن مین جن میں شعیب، یاسین، عمر، یاسر اور ڈرائیور علی انور کو خیزئی چوک کے قریب سے گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 5 رائفلیں .... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب: مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان کی ہلاکت کے خلاف احتجاج

ژوب (اے این این) مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان کی ہلاکت کے خلاف احتجاج کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز مینا بازار کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں نے بکریاں چھیننے کے دوران مزاحمت پر 25 سالہ نوجوان محب اللہ ولد خان میر کاکڑ کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے خلاف علاقے کے افراد نے کوئٹہ قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا احتجاج اور شاہراہ کی بندش سے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اطلاع ملنے پر پولیس حکام نے موقع پر پہنچ کر قاتلوں کی گرفتاری کی یقین دہانی کرادی۔

خواتین ونگ پارٹی کی فعالیت میں کردار ادا کریں، جمال شاہ کاکڑ

بلوچستان میں خواتین کارکنان کیلئے تربیتی سیشنز، آگاہی پروگرامز منعقد کئے جائیں گے، رکن قومی اسمبلی

اجلاس میں خواتین ونگ کی مرکزی صدر سینیٹر نزہت صادق ویڈیو کال کے ذریعے شریک

کوئٹہ (آئی این پی) جمال شاہ کاکڑ کی زیر صدارت پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کا اجلاس تنظیمی فعالیت، خواتین کی سیاسی شمولیت اور قیادت کا پیغام گھر گھر پہنچانے کا عزم تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کی نومنتخب عہدیداروں کا اجلاس صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں خواتین ونگ کی صوبائی جنرل سیکرٹری ایم این اے اختر بی بی، صوبائی نائب صدر فاطمہ خان، عمتا.......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے پانی کی فراہمی جاری

جیوانی کیلئے بھی کلاتو سے پانی کی ترسیل مسلسل جاری ہے، رپورٹ

گوادر (خ ن) شہر اور گردونواح میں پانی کے بحران پر قابو پانے کے لئے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مختلف ذرائع سے پانی کی فراہمی جاری ہے سرکاری مصدقہ رپورٹ کے مطابق پانی کی مجموعی سپلائی کی تفصیلات درج ذیل ہیں: شادی کور ڈیم سے 12.80 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا گیا، جبکہ میرانی ڈیم سے 76 واٹر باؤزر ٹینکروں کے ذریعے 9.78 لاکھ گیلن پانی ضلع کے مختلف علاقوں میں پانی سپلائی کی گئی اس کے علاوہ جی ڈی اے پلانٹ سے 4.38 لاکھ.......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی پرواز مسافروں کا سامان دبئی چھوڑ آئی

ملتان (بیورو رپورٹ) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کی دبئی سے ملتان میں آنے والی پرواز درجنوں مسافروں کا سامان چھوڑ آئی۔ پی آئی اے کی فلائٹ پی کے 222 ملتان ایئرپورٹ پر.......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کا حل مسلم ممالک کے مابین اتحاد و بہتر تعلقات میں مضمر ہے، جمعیت نظریاتی

امریکہ کی جانب سے حماسی قیدیوں کی رہائی میں تاخیر قابل مذمت ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین، عبدالستار شاہ چشتی

یہود و ہنود کی اسلام دشمنی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور ان سے خیر کی توقع فضول ہے، حیات اللہ کاکڑ، مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ سندھ کے امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی خیبر کیا میر قاضی گل رحمان کنوینئر مولانا محمد قاسم قلندر پنجاب کے قاری ثناء اللہ فاروقی پیر وحید اللہ بانچوی قاری محمد اکمل نے امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے تعمیر نو اسرائیل زیر قبضہ پٹی میں شروع کرنے غزہ کے تباہ و برباد شدہ علاقوں کو نظر انداز کرنا اور اسرائیل کی جانب سے حماسی .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے کی اقلیتی برادری محب وطن پاکستانی ہیں، آئی جی بلوچستان

اقلیتوں کے مسائل حل اور ان کی سیکیورٹی مضبوط بنائیں گے، محمد طاہر

تعیناتی آئی جی کی قیادت میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی، بجے کمار پنجوانی

سبی (آئی این پی) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان پولیس صوبے کے تمام شہریوں، خصوصاً اقلیتی طبقے کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اقلیتوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور ان کی سیکیورٹی کے حوالے سے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں گے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پولیس عوام کی جان مال کے تحفظ سمیت اقلیتی برادری ان کی مذہبی عبادت گاہوں کی سیفٹی و سیکورٹی کیلئے تمام.......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان میں دو دن کیلئے کرفیو نافذ

شمالی وزیرستان (م ڈ) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں دو دن کیلئے کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر یوسف کریم کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع بھر میں 25 اور 26 اکتوبر کو صبح 5 بجے سے شام 7 بجے تک کرفیو نافذ رہیگا۔ اعلا.......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف نے جیل میں آرڈیننس پر دستخط کیے، نعیم حیدر پنجوتھہ کا دعویٰ

نواز شریف کبھی صدر مملکت نہیں رہے پھر کیسے کسی آرڈیننس پر سائن کر سکتے ہیں، اختیار ولی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما نعیم حیدر پنجوتھہ نے دعویٰ کیا ہے نواز شریف نے سال 2018 میں گرفتار کے بعد جیل میں آرڈیننس پر دستخط کیے۔ ایک ٹی وی پروگرام میں نعیم حیدر پنجوتھہ نے کہا مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف نے جیل میں آرڈیننس پر سائن کیے، تاہم انہیں جب بتایا گیا کہ آرڈیننس پر صرف صدر .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد امن ایوارڈ دے رہے ہیں

شہری راست کیو آر کوڈ کے ذریعے فیس کی ادائیگی کر سکتے ہیں، نادرا

بینک اکاؤنٹ ایپ یا موبائل والٹ سے کیو آر کوڈ سکین کر کے فیس ادا کر سکتے ہیں، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نادرا نے شہریوں کیلئے فیس جمع کرانے کا عمل مزید آسان بنا دیا، اب شہری راست کیو آر کوڈ کے ذریعے فوری اور بغیر کسی اضافی چارجز کے فیس کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ ترجمان نادرا کے مطابق ملک بھر کے تمام نادرا مراکز سے جاری.......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سے سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی، سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمات میں ریکارڈ کمی

2015ء میں زیر التوا مقدمات 2024ء میں 60 ہزار 446 تک پہنچ گئے تھے، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان میں زیر التوا مقدمات میں تاریخی کمی ریکارڈ ہوئی ہے۔ عدالت عظمیٰ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس آف پاکستان نے اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی منصوبہ شروع کیا، جس .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام کو تھانوں کی نہیں تعلیم، امن، ترقی کی ضرورت ہے، مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی نوجوانوں کو ہنر، روزگار و تعلیم دینے کیلئے کوشاں ہمیں جہالت و آمریت کا مقابلہ کرنا ہوگا، ایم پی اے

عوام نے ساتھ دیا تو بلوچستان کے مسائل حل اور انہیں حقوق دلائیں گے، مقامی سکول کی سالانہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کو تعلیم کے میدان میں ترقی دینے کی ضرورت ہے بلوچستان کے عوام کو تھانوں چیک پوسٹوں کی نہیں تعلیم، امن، ترقی اور نوجوانوں کو روزگار کی ضرورت ہے جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام و نوجوانوں کو ہنر، روزگار و تعلیم دینے کیلئے کوشاں ہے۔ نوجوان و عوام کو جہالت و آمریت کا مقابلہ کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سریاب خلجی کالونی میں مقامی سکول کی سالانہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقر .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

جمہوری وسیاسی پارٹیاں قومی محاذ قائم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، خوشحال کاکڑ

محکوم قوموں کو نئے عمرانی معاہدے کے تحت قومی برابری کی بنیاد پر وفاقی نظام قائم کرنا ہوگا، چیئرمین پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

مسلط حکمرانوں نے عدلیہ اور میڈیا کو بے اختیار بنا دیا، موجودہ دور میں آئین کی حکمرانی کا کوئی تصور نہیں، مالاکنڈ میں مختلف اجتماعات سے خطاب

مالاکنڈ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کلی ورا خان ڈیری، کلی خاور، کلی مقام کلی تو حید آباد میں اولسی اجتماعات اور استقبالیہ تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون قومی سیاسی تحریک کے ایک صدی پر محیط طویل جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کے باوجود پشتونخوا وطن کی استعماری تقسیم کے خاتمے قومی وحدت، ملی شناخت کی بحالی جمہوری اقتدار کا قیام اور اپنے بیش بہا قدرتی وسائل پر قومی ملکیت پر حق ملکیت قائم کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی قومی محکومی اذیت ناک صورتحال اور ناقابل برداشت صورت.......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر